بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا علی الاعلیٰ

تعویزات و عملیات اور وظائف اہلبیت علیہم السلام
کی کامیاب ترین قدیم ونایاب کتاب

حرز المومنین
لامان الخائفین

ڈاکٹر الحکیم ناصر عباس (N-D)

(مطبع یوسفی دہلی کی چھپی ہوئی)

مؤلف: سید وزیر الدین حسین ابن سید نثار علی مرحوم

زیر اہتمام: سید اظہار حسین حیدری

(ناشر)

حیدری کتب خانہ

۱۵/۱۴ مرزا علی اسٹریٹ اماباڑہ روڈ ممبئی ۴۰۰۰۰۹

Ph. : (O) 3743445, (R) 3711929

ڈاکٹر الحکیم ناصر عباس (N-D)

ہمارے کتب خانہ کی اہم مطبوعات

غدیر سے کربلا تک مولانا مرزا اطہر صاحب	45/-	تہذیب الاسلام علامہ مجلسیؒ	100/-
حسین وارث انبیاء "	60/-	خورشید خاور اول دوم مکمل	250/-
پیام مودت "	35/-	شبہائے پشاور مولانا سید محمد شیرازی صاحب	
خاندان رسالت "	70/-	چالیس مجالس مولانا سید قائم مہدی صاحب	50/-
بنائے لاالہٰ مولانا سید عرفان حیدر عابدی (پاکستان)	50/-	تعقیبات نماز پنجگانہ (بڑی) مولانا سید نذر محمد صاحب دہلوی	40/-
شریعت و شیعیت "	50/-	تعبیر نامہ خواب نامہ علامہ مجلسیؒ	50/-
اطاعت رسول "	45/-	گلدستہ مراد اردو مجموعہ مناجات و مجربات (مرادی کہانیاں)	
کافر کون؟ "	100/-	گلدستہ مراد ہندی مجموعہ مناجات و مجربات (مرادی کہانیاں)	30/-
ذخیرۂ عملیات مولانا محمد علی	100/-	مختار نامہ مطبع یوسفی (دہلی کا چھپا ہوا قدیم)	50/-
مخزن عملیات مولانا محمد علی	120/-	صحیفۂ کاملہ مکمل شرح ترجمہ مفتی جعفر حسین صاحب (پاکستان)	150/-
آثار اہلبیتؑ حکیم سید واحد علی	60/-	صحیفۂ علویہ حضرت علی کی دعائیں	120/-
حرز المومنین مولانا سید وزیر الدین	120/-	ذکر العباسؑ جناب عباس کی سوانح عمری	
وسیلہ مولانا طاہر جروَلی	45/-	علامہ سید نجم الحسن صاحب قبلہ کراروی	120/-
مودت اہلبیت "	50/-	حیات القلوب مکمل تین جلدیں علامہ مجلسیؒ	500/-
نجات "	35/-	وظائف ناد علی مولانا محمد علی	10/-
قرآن و اہلبیت "	40/-	چودہ ستارے علامہ سید نجم الحسن صاحب قبلہ کراروی	100/-
ارجح المطالب مولانا عبید اللہ امرتسری (فضائل حضرت علیؑ)	175/-	حیدری استخارہ سجادیہ پاکٹ سائز	15/-
کوکب دری مولانا محمد صالح کشفی (فضائل حضرت علیؑ)	120/-	علیؑ ولی اللہ عبد الکریم مشتاق	30/-
لواعج الاحزان اول مولانا سید محمد مہدی صاحب قبلہ	120/-	آگ خانہ بتولؑ پر "	15/-
لواعج الاحزان دوم "	130/-	وہی منصف وہی مجرم "	15/-
ممتاز بستہ چالیس تاریخوار مراثی	45/-	یار رسولؐ "	15/-
ثبوت عزاداری علی حسن اختر امروہوی	15/-	ہم متعہ کیوں کرتے ہیں؟ "	10/-
تصویر عزا مولانا سید علی حیدر صاحب قبلہ (بہار)	75/-	واقعۂ قرطاس و کردار عمر "	15/-

حیدری کتب خانہ ۱۵/۱۴ مرزا علی اسٹریٹ، امام باڑہ روڈ، ممبئی-۴۰۰۰۰۹

(دکان) 3743445 ، (گھر) 3711929

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا علیُّ الاعلیٰ

تعویزات وعملیات اور وظائف اہلبیت علیہم السلام

کی کامیاب ترین قدیم ونایاب کتاب

حرز المومنین
لامان الخائفین

(مطبع یوسفی دہلی کی چھپی ہوئی)

مؤلف: سیّد وزیرالدین حسین ابن سیّد نثار علی مرحوم

زیر اہتمام: سیّد اظہار حسین حیدری

ناشر

حیدری کتب خانہ

۱۵/۱۴ مرزا علی اسٹریٹ۔ امام باڑہ روڈ۔ ممبئی ۴۰۰۰۰۹

فون نمبر: ۳۷۹۳۴۴۵ رہائش: ۳۷۱۱۹۲۹

ہدیہ:

SYED GULREZ JAMAL RIZVI

gulrezr@gmail.com

grizvi@hotmail.com

Mobile-+919350824232

١٨٢ زیارت مولای حضرت ابوالفضل العباس علیہ السلام —

١٩٦ [illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم المص طسم کھیعص یس والقران

الحکیم حمعسق ن والقلم وما یسطرون ٥ [illegible]

— برعلاج — (١٩ حروف)

١٧٦١٤٦١٤٦١٢٦ ٩٦١٤	١٣ ٢٥ ١٣١٩١٣ ١٩
	[illegible]

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہے۔

تاریخِ اشاعت ــــــــ مارچ سنہ ۲۰۰۱ء

تعداد ــــــــ پہلی بار ایک ہزار

پرنٹر ــــــــ

ناشر ــــــــ حیدری کتب خانہ۔ ممبئی ۹

تجدید نظر ــــــــ مولانا محمد حسین صاحب ایم۔اے

ھدیہ ــــــــ 120

ملنے کا پتہ:

حیدری کُتب خانہ

۱۴/۱۵، مرزا علی اسٹریٹ امام باڑہ روڈ

ممبئی ۔ ۴۰۰۰۰۹

فون نمبر ۳۷۹۳۴۴۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَالِمُ الۡغَیۡبِ وَالشَّھَادَۃِ ھُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ ہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الۡمُؤَیَّدِ بِالنَّبَاِ الۡعَظِیۡمِ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ وَصَلِّ عَلٰی وَصِیِّہٖ اَمِیۡرِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَاَئِمَّۃِ الۡمَعۡصُوۡمِیۡنَ الطَّیِّبِیۡنَ الطَّاھِرِیۡنَ ۔ اَمَّا بَعۡدُ

جامع اس رسالہ کا اور کاتب اس مقالہ کا بندہ خاکسار وزیر الدین حسین ابن سید نثار علی بن سید محمد اسماعیل بن سید شاہ علم الدین حشرہم اللہ مع الائمہ الطاہرین صلوٰت اللہ علیہم اجمعین خدمت اخوان مومنین و برادرانِ مسلمین میں عرض کرتا ہے کہ اکثر بندگانِ خدا کو ضرورت اسم خوانی و دعا خوانی کی بوقت پیش آنے حاجات دینی و دنیوی مثل مقابلہ دشمن یا تنگیٔ معاش یا استشفا یا اضطرار و پشیمانی بسبب گناہ یا حصول ثواب آخرت قربۃً الی اللہ وغیرہ امور کے ہوتی ہے و نیز بوقت سفر زیارات عتباتِ عالیاتِ ہشت گانہ علیہم السلام والصلوٰۃ تلاش زیاراتِ مخصوصہ و درود مشاہدِ مقدسہ کے ہوا کرتی ہے، اور اکثر اربابِ حوائج فالنامہ جات و تعویزات دافع بلیات و نقوش وغیرہ کو ڈھونڈا کرتے ہیں لہذا اس حقیر نے ان تمام انوارِ

انھوں نے لکھا ہے ... اکثر اوراق متفرق ہر کتب معتبرہ سے انتخاب
کر کے ترتیب دیا اور ایک مجموعہ جمع کیا۔ لیکن اس میں صرف امور مشہورہ سے متعلق
تھی کہ ان سب چیزوں کو ایک جگہ جمع کر کے لکھا جائے اور ... میں ہر چیز سب
کا اور ... حال کے ... کامل ... شامل ... لیکن ... استعمال ...
... کامل ... محنت ... کر کے ... جان کر ... متفرقہ سے ترتیب دے
ایک جگہ جمع کرتا ہوں حق سبحانہ و تعالیٰ اپنے فضل و احسان سے واسطے عمل کنندگان کے اثر اجابت اور
اس مؤلف گنہگار کو اس سعی کا ثواب آخرت عطا فرمائے۔ مخفی نہ رہے کہ اس مجموعہ میں اکثر چیزیں
کتب مطبوعہ طہران سے استخراج کی گئی ہیں۔ اور کسی قدر اور کتب معتبرہ دعوات مثل مہج
الدعوات و حیاۃ الحیوان و رسالہ حرز امام و کافی وغیرہم سے انتخاب کر کے خود بھی اس حقیر
نے تجربہ اکثر اوراد وغیرہ کا کر کے دیکھا تو بفضلہ تعالیٰ شانہ ان کو نہایت موثر پایا اس
لئے میں نے چاہا کہ دیگر مومنین مومنات بھی اس نعمت عظمیٰ سے مستفید و مستفیض ہوں
اگرچہ چنداں اس کی ضرورت نہ تھی اس واسطے کہ صد ہا کتابیں ان جواہر زواہر سے خاص و عام
میں شائع ہیں لیکن دو سبب سے لکھنا اور جمع کرنا ان چیزوں کا ضرور ہوا۔ اول تو ان کتب مشہورہ
و مروجہ مثل اعمال العاملین و سفینۃ النجاۃ یا تحفۃ العوام و مفید العوام وغیرہ کتابیں جو حقیر کی نظر
سے گذریں ان میں یہ چیزیں درج نہیں ہیں اور جو کتب مطبوعہ طہران وغیرہ میں درج ہیں
تو یہ کتابیں کمیاب اور قیمت کی گراں ہیں بجز امراء کے غریب ان کو نہیں لے سکتا۔ دوسرے
یہ کہ یہ کتابیں بزبان عربی و فارسی ہیں اور جدا جدا اپنے اپنے محل و موقع پر چیزیں متفرق ان میں
درج ہیں لہٰذا بغرض یکجا جمع ہونے ان سب چیزوں کے ایک جگہ زبان اردو عام فہم میں لکھ کر
تین قسم پر منقسم کرتا ہوں اور ہر قسم کے پانچ پانچ حصے کر کے ہر حصے میں مطالب جداگانہ عرض

کرتا ہوں اور نام مبارک اس رسالہ کا تاریخی انوار المعظم تجویز ہوا جس سے سال تالیف
... نکلتا ہے اور دوسرا نام روایتی حسب مناسبت مطالب کتاب حرز المومنین لایمان
الخاشعین مقرر کیا گیا۔
قسم اول کے پانچ حصوں میں سے حصہ اول میں خواص بعض سورہائے قرآنی اور بعض
آیات کلام الٰہی و خواص چند اسمائے حسنی باری تعالیٰ جلت عظمتہ اور خواص بعض اوراد
و ادعیہ مشہورہ۔ حصہ دوم میں ادعیہ دوازدہ ساعات روز کہ متعلق دوازدہ امام علیہم السلام ہیں
و ادعیہ منسوب بانبیاء و ائمہ ہدیٰ علیہم الصلوٰۃ والسلام اور ورد اسمائے پنجتن علیہم السلام و
دعائے ہفت قاموس اور دعائے ہفت ہیکل و دعائے مفید و واجب سرقدسیہ باسناد و
طریقے چند جہت کشائش امور و اعمال دریافت عاقبت امور کا خواب میں۔ حصہ سوم
میں نمازیں چند واسطے قضائے حاجات و ادائے قرض و ادائے حقوق والدین اور نماز قضائے عمری
نماز سفر و نماز اعرابی۔ حصہ چہارم میں بعض حرز مجرب واسطے حفاظت جان و مال
حصہ پنجم میں ترکیب تربت بیضا و جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام سے واسطے خاص
بنابر دفع امراض خاص۔ اور قسم دوم کے پانچ حصوں سے حصہ اول میں زیارات
و اعمال و درود شہر نجف و اعمال مسجد کوفہ و مسجد سہلہ و مسجد صعصعہ بن صوحان۔ حصہ دوم
میں زیارات اور اعمال و درود کربلائے معلیٰ و فضیلت خاک تربت و آداب اٹھانے خاک
تربت امام حسین علیہ السلام کے۔ حصہ سوم میں زیارات و اعمال و درود مشہد شریف
کاظمین علیہم السلام۔ حصہ چہارم میں زیارات و اعمال و درود شہر سر من رائے
و سرداب مقدس امام آخر الزمان صاحب الامر علیہ السلام عجل اللہ فرجہم۔ حصہ پنجم
میں زیارات و اعمال مشہد مقدس امام رضا علیہ السلام و درود شہر طوس و زیارات

جناب معصومہ قم ہمشیرۂ امام رضا علیہ السلام و زیارات شاہزادہ عبد العظیم۔ اما قسم سوم
کے پانچ حصوں میں سے **حصہ اوّل** میں ایک فالنامہ مشہور و منسوب بامام جناب
علی بن موسیٰ الرضا علیہ السلام واسطے دریافت امور و تفوّل بقرآن مجید و ترکیب استخارہ
جات **حصہ دوم** میں چند تعویذات و نقوش مجرب منقولہ واسطے رفع شدائد و کفایت
مہمات و حصول حسنات۔ **حصہ سوئم** میں صورتیں مہر نبوت جناب رسول خدا صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کی واسطے زیارت و مشاہدہ کے بنا بر حصول حسنات و ثواب آخرت۔
حصہ چہارم میں صفات و خواص حروف تہجی و ترکیب حروف و خواص حروف مقطعات
قرآنی و طلسمات چند بنا بر رفع شدائد و حصول فوائد۔ **حصہ پنجم** میں بعض شعبدہ
جات و ترکیب ادویۂ چند مجرب واسطے حصول فلاح و خاتمۂ کتاب کے مشتمل بفوائد
و شرائط آداب عمل کہ جس کی رعایت عامل کو وقت بجا آوری کسی عمل متذکرۂ رسالہ
ہذا کے ضرور ہے۔ پس **قسم اوّل** کے حصہ اوّل میں خواص سورہائے قرآنی و چند
آیاتِ کلامِ الٰہی و خواص چند اسمائے مقدسہ باری تعالیٰ جلت عظمتہٗ و خواص بعض اوراد
و ادعیۂ ماثورہ **ختم سورۃ فاتحہ** چالیس روز ہر روز سو مرتبہ اس ترکیب سے پڑھے
کہ بعد نماز صبح کے چوبیس (۲۴) مرتبہ اور بعد ظہر کے تیئس (۲۳) دفعہ اور بعد نماز عصر بائیس بار اور
نماز مغرب اکیس (۲۱) بار و بعد نماز عشا ر دس (۱۰) مرتبہ۔ واسطے حاصل ہونے جس مطلب کے
پڑھیگا مراد حاصل ہوگی بعونہٖ تعالیٰ۔

دیگر کنوز مخفیہ و اسرار مرویہ سے عمل سورۂ مبارکہ انعام کا ہے واسطے جمیع مہمات
دنیوی و آخروی کے، اور کیفیت اس عمل کی یہ ہے کہ بروز یکشنبہ بعد نماز ظہر دو رکعت نماز
پڑھے ہر دو رکعت کو بہ نیت عمل سورۂ انعام ساتھ ایکبار فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص کے

بجالاوے بعد اس کے جو مہم کہ رکھتا ہو اسکو کاغذ پر لکھ کر پیش نظر رکھے اور اکتالیس (۴۱) مرتبہ
یہ آیۂ شریفہ پڑھے۔ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ بعد اس
کے سورۂ فاتحہ ایک بار اور اخلاص تین بار پڑھے اس کے بعد سورہ مبارکہ انعام کو شروع
کرے جب اس آیت شریفہ پر پہنچے اِنْ یَّمْسَسْکَ اللّٰہُ تو پھر اکتالیس (۴۱) مرتبہ اسی آیہ
اُفَوِّضُ اَمْرِیْ کو پڑھے جب آیۂ شریفہ وَھُوَ اَسْرَعُ الْحَاسِبِیْنَ تک پہنچے تو پھر اسی
آیۂ موصوفہ کو اکتالیس بار پڑھے جب اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ تک پہنچے تو اکتالیس بار یہ
پڑھے رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ؀
اور اکتالیس بار کہے بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَبِحُرْمَتِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ
الطَّاھِرِیْنَ مرادمن برآر۔ جب آیۂ شریفہ ذِکْرٰی لِلْعٰلَمِیْنَ تک پہنچے اکتالیس (۴۱) بار
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ پڑھے۔ جب مِثْلَ
مَآ اُوْتِیَ رُسُلُ اللّٰہِ تک پہنچے تو کہے اِلٰھِیْ مَنْ ذَا الَّذِیْ دَعَاکَ فَلَمْ تُجِبْہُ وَ
مَنْ ذَا الَّذِیْ سَئَلَکَ فَلَمْ تُعْطِہٖ وَمَنْ ذَا الَّذِیْ اسْتَجَارَکَ فَلَمْ تُجِرْہُ
وَمَنْ ذَا الَّذِی اسْتَغَاثَکَ فَلَمْ تُغِثْہُ وَاَغِثْنِیْ یَا غِیَاثَاہُ اَغِثْنِیْ اور اکتالیس (۴۱) بار
وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ الخ اور اکتالیس (۴۱) بار وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْکَ وَلِیًّا وَّاجْعَلْ لَّنَا
مِنْ لَّدُنْکَ نَصِیْرًا اور اکتالیس بار یَا نُوْرَ النُّوْرِ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ
یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ وَمَغْفِرَتِکَ
وَمُنَّ عَلَیْنَا بِدُخُوْلِ الْجَنَّۃِ وَاَعْتِقْنِیْ مِنَ النَّارِ اور جب سورۂ مبارکہ انعام کو تمام کرے
تین بار اس دعا کو پڑھے۔ یَا شَدِیْدَ الْعِقَابِ یَا سَرِیْعَ الْحِسَابِ یَا غَفُوْرُ یَا خَالِقَ کُلِّ
شَیْءٍ یَا فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَیَا فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰی وَیَا فَالِقَ الْاِصْبَاحِ

وَيَا خَالِقَ الْاَزْوَاجِ وَيَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَيَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَيَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ وَيَا مُجِيبَ الدَّعَوَاتِ وَيَا وَلِيَّ الْحَسَنَاتِ وَيَا دَافِعَ السَّيِّئَاتِ وَيَا مُقِيلَ الْعَثَرَاتِ وَيَا مُحْيِيَ الْاَمْوَاتِ وَيَا نُوْرَ الْاَرَضِيْنَ وَالسَّمٰوٰتِ وَيَا غَافِرَ الْخَطِيْئَاتِ وَيَا سَاتِرَ الْعَوْرَاتِ وَيَا مَانِعَ الْبَلِيَّاتِ اِقْضِ حَاجَتِيْ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝

طریقہ ختم سورۂ یٰسٓ۔ واسطے حصول جمیع مطلوب و مقصود کے قبل از شروع و بعد از ختم یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ جَعَلْتَ فِيْ سُوْرَةِ يٰسٓ اَلْفَ شِفَاءٍ وَّ اَلْفَ دَوَاءٍ وَّ اَلْفَ بَرَكَةٍ وَّسَمَّيْتَهَا عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ لِصَاحِبِهَا خَيْرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ بعد اس دعا کے پڑھنا شروع کرے سورۂ یٰسٓ کا اور سات مرتبہ کلمہ یٰسٓ ایک دم کہے اور جب آیۂ لَا يُبْصِرُوْنَ تک پہنچے تو کہے يَا مَنْ نُوْرُهٗ فِيْ سِتْرِهٖ وَسِتْرُهٗ فِيْ نُوْرِهٖ اسْتُرْنِيْ عَنْ عُيُوْنِ النَّاظِرِيْنَ وَالْحَاسِدِيْنَ وَالْبَاغِيْنَ اور جب آیۂ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ تک پہنچے تو تین بار کہے يَا رَبِّ اَكْرِمْنِيْ بِقَضَاءِ حَاجَتِيْ اور مطلب کو اپنی خاطر میں لادے اور جب تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ تک پہنچے تو کہے۔ اَللّٰهُمَّ بِفَضْلِكَ الْوَاسِعِ النَّافِعِ اَغْنِنِيْ عَنْ جَمِيْعِ خَلْقِكَ اور جب مِنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ تک پہنچے تین بار کہے یَا رَحِیْمُ اور پڑھنے میں آیت کے مطلب اپنا خدائے تعالیٰ سے طلب کرے بعد اس کے سات بار کہے اَللّٰهُمَّ سَلِّمْنِيْ مِنْ اٰفَاتِ الدُّنْيَا وَاقْضِ حَاجَتِيْ اور جب آیۂ عَلٰى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ تک پہنچے سجدہ میں جاوے اور بکثرت یہ کہے کہ بَلٰى قَادِرٌ عَلٰى اَنْ تَقْضِيَ حَاجَاتِيْ اور جب سورہ کو تمام کرے یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ سُبْحَانَ الْمُنَفِّسِ عَنْ كُلِّ مَكْرُوْبٍ ۝ سُبْحَانَ الْمُفَرِّجِ عَنْ كُلِّ مَحْزُوْنٍ ۝ سُبْحَانَ الْمُخَلِّصِ عَنْ كُلِّ مَسْجُوْنٍ ۝ سُبْحَانَ الْعَالِمِ بِكُلِّ مَكْنُوْنٍ ۝ سُبْحَانَ الَّذِيْ تَجْرِيْ الْمَاءُ فِي الْبِحَارِ وَالْعُيُوْنِ ۝ سُبْحَانَكَ مَنْ جَعَلَ خَزَائِنَ عِلْمِهٖ وَرَحْمَتِهٖ بَيْنَ الْكَافِ وَالنُّوْنِ ۝ سُبْحَانَكَ مَنْ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ سُبْحَانَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ يَا رَءُوْفُ!

ختم سورۂ یٰسٓ بطریق ثانی: قبل از شروع صلوات بر محمدؐ و آل محمدؐ گیارہ مرتبہ پڑھے اور بعد بسم اللہ کے کلمۂ یٰسٓ کو سات بار تکرار کرے جب مبین تک پہنچے ٹھہر جائے اور دو سو مرتبہ یَا عَزِیْزُ پڑھے یہاں تک کہ اس سورہ مبارکہ میں سات مبین ہیں ہر مبین پر ٹھہرے اور اسی ترتیب سے پڑھے جب ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ تک پہنچے ۱۴ چودہ مرتبہ آیت کو پڑھے اور مقصود اپنا تصور کرے اور جب مِنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ تک پہنچے۔ آیت شریفہ کو ۱۶ سولہ بار تکرار کرے اور جب اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ تک پہنچے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ یکبار کہکر یَا عَزِیْزُ بدستور دو سو بار پڑھے اور مقصود اپنا دل میں خیال کرے اور جب آیۂ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ تک پہنچے یہاں بھی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ایک بار کہکر یَا عَزِیْزُ بدستور دو سو مرتبہ پڑھے اور فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ پر بھی اسی طرح عمل کرے اور جب اَوَلَيْسَ الَّذِيْ سے تا آخر آیۂ شریفہ کو ۳ چھ بار تکرار کرے اور مقصود اپنا دل میں تصور کرے اور جب اِنَّمَا اَمْرُهٗ سے كُنْ فَيَكُوْنُ تک پہنچے ۱۴ چودہ مرتبہ اس آیۂ کریمہ کو پڑھے اور مقصود اپنا کہے۔ جب سورہ کو تمام کرے دس مرتبہ صلوات بر محمدؐ و آل محمدؐ کے بھیجے اور سجدہ میں جاکر مقصود اپنا جناب باری سے سوال کرے۔ البتہ جس مہم کیواسطے

یہ عمل سورۂ یٰسٓ کرے گا وہ مہم بعونہ تعالیٰ کفایت کو پہنچے گی۔ اگر ہر روز سات مرتبہ اس ترتیب سے پڑھے بہت جلد مراد حاصل ہوگی اور اگر نہ ہو سکے تو ایک بار ہی کافی ہے۔

ختم سورۂ یٰسٓ بطریق ثالث: حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص ارادہ قرآت سورۂ یٰسٓ کا بطریق ورد کے کرے چاہیئے کہ بعد نماز صبح کے رو بقبلہ ہو اور ساتھ کسی کے سخن نہ کرے اور اس طریق سے سورۂ یٰسٓ کو پڑھے کہ اول سات مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط يٰسٓ o وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ط کہے بعد اس کے سات مبین جو اس سورۂ شریفہ میں ہیں ہر مبین پر ایک انگلی بند کرتا جائے اور ابتدا عقد انگشت شہادت دستِ چپ کرے اور ہرگز انگلیوں کو نہ کھولے جب تک سورہ تمام نہ ہو جب ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ تک پہنچے چودہ مرتبہ پڑھے اور جب سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِيْمِ تک پہنچے سولہ بار پڑھے اور جب اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ تک پہنچے سات مرتبہ پڑھے اس جملہ کو اور حاجت اپنی طلب کرے اور یہ کہے يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ وَيَا مُجِيْبَ الدَّعْوَاتِ اِقْضِ حَاجَاتِيْ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ ط اس کے بعد کہے فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ پس آغاز کھولنے عقد انگشتان کا کرے اور کھولے میں ہر انگلی کے ایک ایک مرتبہ سورۂ الحمد پڑھتا جاوے اور ابتدائے کھولنے کی انگشتِ شہادت دستِ چپ سے کرے تا انگشت کوچک دستِ راست جب سب انگلیاں کھل جاویں تو سورۂ اخلاص ایک مرتبہ پڑھے۔ جو شخص اس طریق سے اس سورہ مبارکہ کا ورد کرے گا فوائد بسیار اور اجر بیشمار پاوے گا۔

من رسالہ حرز الامان۔ طریق ختم سورۂ مبارکہ اِنَّا فَتَحْنَا واسطے ہر مطلب و مہم کے شروع

ماہ کے اول شنبے سے تا مدت اکتالیس[۴۱] روز ہر روز اکتیس[۳۱] مرتبہ پڑھے اور اس عرصہ میں بعد ہر نماز فریضہ کے سورۂ فاتحہ اور سورۂ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ کو پڑھتا رہے اور یہ دعا پڑھے يَا مَنْ اِذَا تَضَايَقَتِ الْاُمُوْرُ فَتَحَ لَهَا بَابًا لَا تَصِلُ اِلَيْهِ الْاَوْهَامُ ضَاقَتْ عَلٰۤى اُمُوْرِيْ فَافْتَحْ لِيْ بَابًا لَا يَصِلُ اِلَيْهِ وَهْمِيْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّبِالْاِجَابَةِ جَدِيْرٌ وَّصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ تَحَصَّنْتُ بِذِي الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ وَاعْتَصَمْتُ بِذِي الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ دَخَلْتُ فِيْ حِفْظِ اللّٰهِ وَفِيْ حِزْبِ اللّٰهِ وَفِيْ اَمَانِ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ الْبَرِيَّةِ اَجْمَعِيْنَ كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط یہ ختم کبیر اس سورہ مبارکہ کا ہے۔

ختم سورہ اِنَّا فَتَحْنَا بطریق دیگر

صاحب رسالہ حرز الامان لکھتے ہیں کہ واسطے جس مراد کے سورۂ انا فتحنا کو ساتھ اس ترتیب کے پڑھے مراد حاصل ہو۔ بروز شنبہ و یکشنبہ و دوشنبہ تین تین بار اور سہ شنبہ و چہار شنبہ و پنجشنبہ سات سات مرتبہ اور جمعہ کے دن گیارہ مرتبہ پڑھ کر ختم کرے۔

ختم سورۂ واقعہ

عمل اس سورۂ مبارکہ کا واسطے وسعتِ رزق کے بہت مؤثر و مجرب ہے۔ ابتدا اس کی شب جمعہ سے کرے اور تا شب جمعہ دیگر تمام کرے ہر شب پانچ دفعہ پڑھے کہ مجموع چہل نوبت ہو قبل شروع سورۂ شریفہ سے یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْۤ اَسْئَلُكَ رِزْقًا وَّاسِعًا حَلَالًا طَيِّبًا بِغَيْرِ كَدٍّ وَّاسْتَجِبْ دُعَآئِيْ بِغَيْرِ رَدٍّ وَّاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْفَضِيْحَتَيْنِ مِنَ الْفَقْرِ وَالدَّيْنِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَعِتْرَتِهِ الطَّاهِرِيْنَ اَجْمَعِيْنَ ط اور ہر دفعہ جب سورہ کو تمام کرے اس دعا کو ایک دفعہ پڑھے

ختم سورۂ شریف الم نشرح سترہ دن ہر روز سترہ مرتبہ پڑھے، جب تمام ہو جب
حاجت اپنی خدائے تعالیٰ سے طلب کرے تو جو کچھ چاہے پائے انشاء اللہ تعالیٰ۔
ختم سورۂ تبّت ۔ جمعہ کے دن سے چھ روز تک ہر روز سو مرتبہ پڑھے اور بعد ختم
سورہ مبارکہ کے اس دعا کو تین بار پڑھے ۔ بعون اللہ تعالیٰ مراد حاصل ہوگی ۔ اور یہ ختم مو
مجربات سے ہے ۔ دعا یہ ہے:۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ سُوْرَةِ تَبَّتْ وَفَضَائِلِهَا
وَبِحَقِّ سَمَآئِکَ وَلُطْفِهَا يَا وَدُوْدُ اَسْرِعْ وَيَسِّرْ لِيْ مَطْلُوْبِيْ وَجَمِيْعَ الشَّيْ
يَا عَزِيْزُ الْمَنِيْعُ الْغَالِبُ فَلَا شَيْئَ يُعَادِلُهٗ مِنْ خَلْقِهٖ يَا رَحْمٰنَ كُلِّ شَيْئٍ وَ
رَاحِمَهٗ يَا سَرِيْعُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝
ختم سورۂ اخلاص صاحب رسالہ حرز الامان لکھتے ہیں کہ جو کوئی چاہے ختم سورۂ اخلاص
کا کرے جس نیت اور جس مراد کے واسطے کریگا وہ مراد حاصل ہوگی ۔ انشاء اللہ تعالیٰ
ہر چند مہم اس کی عظیم ہو ۔ عدد اس کے ایک ہزار اور تین ہزار اور چار ہزار اور بارہ ہزار اور
اور چھبیس ہزار ہیں بقدر عظمت اپنی مہم کے جس عدد کے ساتھ چاہے بشرائط معینہ جو
خاتمہ کتاب میں لکھے ہیں پڑھے ۔ چاہیئے کہ ایام مداومت میں اس دعوت کے مشغول بدعوت
دیگر نہ ہو، پڑھنے والے اس سورۂ مبارکہ کو حرمت وجاہ وعزت یقیناً میسر ہوگی اور روشن
دل اور فراغ روزی ہوگا ۔ اور یہ عمل نہایت معتبر اور مجرب ہے اور نیز صاحب رسالۂ موصوف
بحوالہ بعض کتب خواص قرآن کے لکھتے ہیں کہ واسطے زیادہ ہونے محبت و دفع کدورت
کے یہ عمل خصوصیت رکھتا ہے کہ اگر کوئی شخص قدرے موئے سر مطلوب کے لے کر اس
پر تین بار سورہ قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کرے اور بوقت
شب ان بالوں کو اپنے زیر بالین رکھ کر سو وے بقدرت خدا و برکت قرآن محبت عامل کی دل

معمول میں اثر کرے گی اور بیکسی اور عمل کی اس طریق سے ہے کہ تھوڑے سے موئے پیشانی
معمول کے ہم پہنچاوے اور بطریق مذکور سات شب یہ عمل بجالاوے اور ہر شب بالوں کو
زیر بالین اپنے رکھے اور شب ہفتم میں بعد اتمام عمل کے ان بالوں کو مع انگشتری حرم میں رکھے
اور چاہیئے کہ ساتھ قدرے عود وعنبر کے بخور بھی کیا ہو اور نام مطلوب اور اس کی ماں کا اپنی
پر جاری کرے ببرکت قرآن محبت عظیم دل معمول میں نسبت عامل کے پیدا ہوگی اور اگر یہ عمل
خلاف شرع کے کوئی مقصد حرام کرے گا تو خوف رجعت و اندیشہ ضرر ہے ۔ اور بھی کہ
رسالہ میں بخواص سورۂ مبارکہ حمد کے لکھتے ہیں کہ جو کوئی اکتالیس دانہ فلفل کے لے کر ہر دانہ
پر ایک بار سورۂ فاتحہ پڑھے اور ایک عدد پیاز سفید کو درمیان سے خالی کر کے ان فلفل کو
اس کے اندر رکھے اور سر اس پیاز کا کسی چیز سے محکم کرے اور زمین سخت جو بے اثر شیریں سے
تراش کر اس پیاز میں چبھو دے بعد اس کے پیاز کو آتشدان کے اندر رکھے تاکہ اثر حرارت
آتش کا اس کو بآہستگی پہنچتا رہے اور خیال رکھے کہ وہ پیاز جل کر کوئلہ نہ ہو جائے بفضل
اللہ تعالیٰ حرارت محبت کی دل محبوب میں اثر عظیم پیدا کرے گی ۔ چاہیئے کہ اس عمل کو جہلا اور
نااہلوں سے مخفی رکھیں اور یہی خواص سورا ے قرآنی میں لکھتے ہیں کہ جو کوئی ارادہ کرے
کہ واصل ہو ساتھ علم کیمیا یا اور ان علوم کے کہ اکثر اور پر خلق کے مخفی ہیں چاہیئے کہ طہارت کامل
کرے اور لباس پاکیزہ وجہ حلال سے پہنے ۔ اور چالیس روز متواتر روزہ رکھے اور
ابتداء روز جمعہ سے کرے اور ہر شب وجہ حلال سے روزہ کھولے اور جب وقت سونے
کا آوے سات بار سورۂ الشمس اور سات بار والضحیٰ اور سات بار الم نشرح اور سات بار
آیت قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ کو تا بِغَيْرِ حِسَابٍ پڑھے ۔ اور بعض نسخوں میں بعد والشمس
کے سات مرتبہ واللیل بھی پڑھے بعد اس کے یہ دعا پڑھے ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ وَبِقُدْرَتِكَ

عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ وَتَسْخِیْرِکَ بِکُلِّ شَیْئٍ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا وِتْرُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَنْ
تُصَلِّیَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَنْ تُیَسِّرَ لِیَ الْعِلْمَ الَّذِیْ اَخْفَیْتَ سِرَّہٗ عَنْ
کَثِیْرٍ خَلْقِکَ وَاَکْرَمْتَ بِہٖ کَثِیْرًا مِّنْ عِبَادِکَ وَتُغْنِیْنِیْ بِہٖ عَمَّنْ سِوَاکَ
فَاِنَّکَ مَالِکُ الْمُلْکِ وَبِیَدِکَ مَقَالِیْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ
شَیْئٍ قَدِیْرٌ ۔ جب یہ عمل بجالاوے تو حق سبحانہٗ وتعالیٰ ایک شخص کو مسخر کیا کرے گا۔
پس جو کچھ کہ مطلب عامل کا ہوگا اور وہ طلب کرتا ہوگا۔ خواہ بیداری میں یا خواب میں وہ شخص
مسخر اس شخص کو راہ دکھلا دے گا۔ اور یہی خواص آیہ ملک میں لکھتے ہیں کہ جو کوئی
آیہ کریمہ قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ تا بِغَیْرِ حِسَابٍ ۔ اوپر ظرف پاکیزہ کے کہ وہ
ظرف زرِ خالص سے بنا ہو مثل سبو یا طشت وغیرہ کے ساتھ مشک اور زعفران اور گلاب
کے کتابت کرے پھر اس کو ساتھ آبِ طاہر ہلیلہ زرد یا ہلیلہ سبز اور آب بادیانِ تازہ
و سبز کے ساتھ آبِ شیریں ڈال کر محو کرے اور پانچ مثقال سرمۂ اصفہانی زہرۂ مرغ
سیاہ اور زہرہ بط سیاہ کا اضافہ کر کے اس آبِ معمول سے سرمہ کو خوب کھرل کر کے تا ذلیکہ
وہ کھلی و نرم ہو اور سحق و صلابہ اس کا درشت کرے اور آفتاب اس پر ہرگز نہ پڑے۔
جب یہ سرمہ تیار ہو تو اس کو نگین سبز کے سرمہ دان میں و بقول بعضے سرمہ دان آبنوس
میں نگاہ رکھیں۔ پس دن پنجشنبہ کے روزہ رکھے اور رات کو شب جمعہ میں جب آدھی رات
گذرے تو اُٹھے اور نماز تہجد ادا کرے۔ بعد فراغ تہجد کے ستر مرتبہ صلوٰت بر محمدؐ و آل محمدؐ
پڑھے اور آیہ مذکورہ کو ستر بار قرأت کرے بعد اس کے ستر بار استغفار پڑھے اور پھر
ستر بار درود پڑھے اس کے بعد اس سرمۂ معمول سے تین سلائی داہنی آنکھ میں اور تین بائیں
آنکھ میں لگادے، ابتدا داہنی آنکھ سے ہو اور سات پنجشنبہ برابر یہ عمل بجالاوے اور دن کو

روزہ رکھے اور شب جمعہ میں جو کچھ مذکور ہوا عمل کرے بعد اتمام عمل شانِ کبریائی ملاحظ کرے
کہ برکت آیہ موصوف سے اشخاص روحانی اس پر ظاہر ہوں گے اور اس سے کلام کریں گے اور جو
کچھ مقصود اس کا ہوگا اس سے اعلام کریں گے۔ مثل دفینہ یا خزینہ کے اس کو اطلاع دیں گے
اور بھی خواص آیہ کریمہ میں اِنَّہٗ تَنْزِیْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعَالَمِیْنَ تا مُّبِیْنٍ کہ سورہ مبارکہ
شعراء میں ہے لکھتے ہیں کہ جس جگہ پر گمان دفینہ یا خزینہ کا ہو عمل اس آیہ شریفہ کا اس طریق سے
کریں۔ کہ ایک مرغِ سفید خالدار یعنی کہیں کہیں نشان سیاہی کا بھی اس کے پروں پر ہو لادیں
اور اس آیہ کریمہ کو کاغذ پر بشرائط معینہ عروج ماہ میں کتابت کریں اور بخور لائق مثل عود و لوبان
وغیرہ کا رکھیں اور ایک خرقہ پاک میں کہ وہ جامۂ دختر بالغہ سے ہو اس خرقہ میں نوشتہ کو
لپیٹ کر سوزنِ فولاد سے سیویں اور پھر اس کو بازو میں اس مرغ سفید کے باندھیں اور
بوقت زوالِ آفتاب روز یکشنبہ کو جس جگہ گمان دفینہ کا ہو اس مرغ کو رہا کریں۔ پس اگر
وہ مرغ اس جگہ کو اپنی منقار اور چنگل سے کھودنا شروع کرے تو یقیناً اس جگہ دفینہ ہے
بے تکلف اس موضع کو کھود کر دفینہ نکال لیویں۔ اور اسی طریق سے اگر کسی نے کچھ جادو
کسی پر کیا ہو اور زمین میں اس کو دفن کیا ہو تو ظاہر ہو سکتا ہے۔ اور بھی صاحب کتاب دار النظیم
لکھتے ہیں کہ بعض فضلاء میں سے میں نے سنا ہے کہ واسطے اخراج دفائن کے اس آیہ شریفہ
کو بطریق مذکور لکھے، اور یہی عمل کرے، فَاَخْرَجْنٰھُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ
وَّکُنُوْزٍ تا کَرِیْمٍ ۔ یہ آیہ بھی سورۂ مبارکہ شعراء میں ہے۔ اور نیز یہ بھی لکھتے ہیں کہ
آیہ کریمہ وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا تا قولہ تعالیٰ تَعْقِلُوْنَ کہ سورۂ بقر میں ہے بشرائط مذکور کتابت
کرے اور گردن خروس سفید میں لٹکاوے اور چھوڑ دے۔ وہ خروس موضع دفینہ کو پیدا
کرے گا۔ باذن اللہ تعالیٰ اور علامت صحت اس عمل کی یہ ہے کہ دوسرے روز وہ خروس

اخراج دفائن

مرجاوے گا۔ اور ابن تمیمی نے خواص اس آیۂ شریف میں لکھا ہے کہ اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُکُمْ اَنْ
تُؤَدُّوا الْاَمَانَاتِ اِلٰی اَھْلِھَا تا قولہ تعالیٰ اَلْبَصِیْرُ کو سورۂ نساء میں ہے قدح زجاجی پر
پھر اس آیہ کریمہ کو کتابت کرے اور ساتھ آبِ باراں کے دھووے اور اس موضع پر چھڑکیں کہ
جہاں گمان دفینہ کا ہو تو حق سبحانہٗ تعالیٰ کسی نہ کسی وجہ سے عامل کو اس دفینہ پر مطلع کرے اور اس کو
ظاہر فرما دے گا۔ اور خواص میں آیۂ شریفہ وَسَخَّرَ لَکُمُ تا قولہ تعالیٰ تَلْبَسُوْنَہَا کہ سورۂ
مبارکہ نحل میں ہے صاحب دارالتنظیم لکھتے ہیں کہ جو کوئی صدف طاہر سفید و روشن سے
ایک لوح بنا دے اور پشت و رد کو اُس کے خوب چلا کرا دے اور ایک طرف اس کے
بقلم فولاد آیۂ مذکورہ کو نقش کرے اور دوسری طرف اس لوح کے صورت ماہی کی کھدوائے
اور اس ماہی کی اطراف میں صورتیں پانچ حیوانات دریائی کی نقش کریں اور اس عمل کو ماہ
تشرین ثانی میں کریں اور اگر وقت قمر برج سرطان یا حوت میں ہو تو نہایت ہی مناسب ہے
پس ہر شب اس لوح کو اوپر بام بلند کے لیجا کر ایک سہ پائی چوب انار شیریں کی وہاں نصب
کر کے اس لوح کو ساتھ ابریشم سفید کے اس سہ پائی میں لٹکا دیں تاکہ شعاعیں ثوابت
اور سیاروں کی اس پر چمکیں اور ہر شب آیۂ موصوفہ کو ستر بار اس لوح پر پڑھیں اور یہ
عمل بارہ شب متصل بجا لا دیں اور بعد اتمام عمل اس لوح کو ایک ڈبہ مخروطی یعنی گاؤ دم ڈبہ
میں کہ استخوان ماہی سے وہ ڈبہ بنا ہو مضبوط و محفوظ کریں اور جس وقت چاہیں کہ مشغول عمل
کریں اس لوح کو رشتۂ ابریشم کے ساتھ باندھ کر شبکہ صیادان بحری سے پیوند کریں پس
جو کچھ کہ چاہتے ہوں کہ دریا سے برآمد ہو مثل دُر و مروارید و مرجان یا ماہی و سائر شکار دریائی
جب وہ شبکہ دریا کے اندر ڈالا جائے گا تمام و کمال وہی چیزیں دریائی جو مطلوب ہیں اس
لوح صدفی سے چسپاں ہو کر شبکہ کے ساتھ دریا سے باہر آویں گی اور اگر دریا میں ایسے مقام

پر یہ عمل کرے کہ جہاں صدف بہت ہوں تو ضرورت کسی غواص کی نہ ہو گی اس لئے بہت
سے صدف بچہ اژدھو ہر اس طرح سے پھٹ کر دریا سے باہر آویں گے باذن اللّٰہ تعالیٰ
اور یہ عمل اعمال عجیبہ سے ہے۔ اور صاحب دارالتنظیم فرماتے ہیں کہ یہ عمل ایک سر عظیم
ہے اسرار الٰہی سے اخفا کا لازم ہے۔ اور افشا اس کا جہال اور نا اہلوں سے مذموم ہے۔
وصیت اکابر ہے کہ اخفا کرنے میں اس عمل کے سعی بلیغ کریں۔ اور اس راز بزرگ کو کسی
نا اہل کے لئے کھلا کر نہ فرمائیں۔ اور بھی ابن تمیمی خواص میں آیہ کریمہ یٰبُنَیَّ اِنَّہَآ اِنْ تَکُ مِثْقَالَ
حَبَّۃٍ کہ سورۂ مبارکہ لقمان میں ہے تا قولہ تعالیٰ بَصِیْرٌ لکھتے ہیں کہ جو کوئی چاہے کہ مطلع
ہو اوپر مخفیات احوال خلائق کے مثل خبر دریافت کرنے مقیم کی حال مسافر سے یا مسافر
کو دریافت کرنا احوال اپنے اہل و عیال و اطفال کا یا حال مریض کہ صحت پاویگا مریگا یا شکم
حاملہ میں لڑکا ہے یا لڑکی اور خبر پانا دفینہ و خزانہ سے یا مثل ان کے چاہے تو آیہ موصوفہ کو ماہ شعبان
کی اول شب جمعہ میں لکھے بشرائط معینہ عمل کے بعد نماز عشاء اور اس نوشتہ کو زیر بالین اپنے
رکھے اور وقت عمل اور وقت خواب کرنے کے چاہیئے کہ متصل کہے۔ سُبْحَانَ مَنْ لَّا یَخْفٰی
عَلَیْہِ خَافِیَۃٌ سُبْحَانَ الَّذِیْ ظَھَرَتْ قُدْرَتُہٗ سُبْحَانَ الَّذِیْ مَفَاتِیْحُ الْقُلُوْبِ
بِیَدِہٖ وَالْاَفْوَاہُ بِاَمْرِہٖ پس کوئی شخص خواب میں اس کو باذن اللّٰہ تعالیٰ اس کے مقصود
سے اخبار کریگا اور بھی صاحب دارالتنظیم خواص میں آیہ کریمہ اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی
تا قولہ تعالیٰ اَلْمُتَعَالِ کے کہ سورۂ شریفہ رعد میں ہے لکھتے ہیں کہ جو کوئی چاہے کہ اطلاع پاوے
جو کچھ کہ شکم حاملہ میں ہے پسر یا دختر سے یا دفینہ کہ زمین میں پنہاں ہے یا حال غائب سے کہ وہ
سفر میں ہے یا حالِ مریض سے کہ بیماری اس کی صعب ہے یا مثال ان کی کہ اس پر مخفی ہے چاہیئے
کہ طہارت کامل کرے اور لباس مطہر اور معطر پہنے اور دوشنبہ کے دن روزہ رکھے اور جب

رات کو اپنے فرشِ خواب پر جاوے تو باوضو کامل کے سوئے اور جب صبح سہ شنبہ ہو تو
پیش از طلوع آفتاب آیۂ موصوفہ کو اوپر خرقۂ سبز کے زعفران اور گلاب کے ساتھ کتابت کرے
پس اس خرقہ کو ساتھ بخور عود اور عنبر کے خوشبو کرے اور ایک ڈبہ میں رکھ کر سر اس ڈبہ کا
اس طرح ڈھانپے کہ کوئی چشم اس پر نہ پڑے اور آفتاب و ماہتاب بھی اس ڈبہ پہ نہ چمکے جب
شب چہار شنبہ ہو بعد ادائے نماز عشاء کے اپنی خوابگاہ میں جاوے اور اس ڈبہ کو اپنے زیر
بالیں رکھے۔ اور یہ دعا پڑھے۔ یَا عَالِمَ الْخَفِیَّاتِ فِی الْاُمُوْرِ یَا مَنْ هُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ
قَدِیْرٌ اَطْلِعْنِیْ عَلٰی مَا اُرِیْدُ اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ پس ذکرِ حق سبحانہٗ تعالٰی
میں مشغول ہو یہاں تلک کہ ذکرِ خدا ہی میں سووے۔ پس کوئی شخص خواب میں ظاہر ہوگا اور جو
کچھ کہ مقصود اس کا ہوگا۔ اس سے اس کو خبر دیگا اور اگر اس رات میں وہ شخص پیدا نہ ہو تو
چاہیئے کہ روزِ پنجشنبہ کو روزہ رکھے اور شبِ جمعہ میں بھی یہ عمل بجا لاوے تو لامحالہ وہ مخبر
آوے گا اور جو کچھ کہ مراد اُس کی ہے اس سے آگاہ کریگا۔ اور بھی ابن تمیمی نے خواص آیۂ
شریفہ وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَیْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ تا قولہٖ تعالٰی مُّبِیْنٌ جو کہ سورۂ احقاف میں
لکھا ہے کہ جو کوئی چاہے کہ بعض جنیان سے بہت جلد اس کے پاس حاضر ہوں اور یہ ان پر امر و نہی
کرے اور وہ جن مطیع و ماموراس کے ہوں اور اس کے امر و نہی کو بجا لاویں۔ چاہیئے کہ آیۂ شریفہ کی
تلاوت کریں ساتھ ان شرائط کے کہ معین ہیں خاتمہ کتاب سے دیکھے اور اس قدر تلاوت
کرے کہ بعض جنوں سے حاضر ہوں۔ اور بطور لائق بھی عمل میں لاویں اور یہ آیۂ شریفہ واسطے
سرعت اجابت جن اور ان کے احضار کے واسطے مقرر ہے اور بہت پڑھنا اس آیۂ شریفہ کا
مدد عظیم ہے۔ احضار اجنہ میں اور ابن تمیمی نے اسی آیہ موصوفہ کے خواص میں لکھا ہے کہ جب بہت
تلاوت کرے اس آیہ کو بشرائط معتنہ کہ جو واسطے تسخیر اجنہ کے مقرر ہیں اور کوئی جن حاضر نہ ہو

تو بایں عبارت اس کو قسم دے کہ اَنْتَ یَا فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ اُقْسِمُ عَلَیْكَ بِاَقْسَامِ الْخَالِقِ
فَمَنْ ذٰلِكَ وَاللّٰهِ اَعْظَمُ مِنْكَ وَاَکْبَرُ وَبِاسْمِ عَدْلٍ وَنَعَمْ اَحْضُرْ وَاَنْتَ بِمَا
تَعْلَمُهٗ اَبْصُرْ اس کے بعد یہ آیۂ شریفہ پڑھے وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ
الْاَجْدَاثِ اِلٰی رَبِّهِمْ یَنْسِلُوْنَ تا قولہٖ تعالٰی مُحْضَرُوْنَ سورۂ مبارک یٰسٓ میں یہ آیۂ
شریفہ ہے جب یہ عمل بشرائط اس کے وجود میں آوے گا تو لامحالہ اسرع اوقات میں ایک ذاک
قوم اجنہ سے پاس عامل کے حاضر ہوگا اور بطریق نیازمندی کے پیش آویگا اور عامل کے
امر و نہی پر قیام کریگا اور خواص آیہ کریمہ قَالَتْ یٰٓاَیُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّیْٓ اُلْقِیَ اِلَیَّ کِتٰبٌ
کَرِیْمٌ تا قولہٖ تعالٰی مُسْلِمِیْنَ کہ سورۂ مبارکہ نمل میں ہے صاحب درالنظیم لکھتے ہیں کہ جب
کوئی جن یا ظالم قوم اجنہ سے سرکشی و تمرد بجا آوری فرمانِ عامل میں کرے اور حیطۂ تسخیر میں نہ
آوے تو عامل کو چاہیئے کہ فی الفور بعنوان مذکور قسم دے اور آیہ موصوفہ سورۂ نمل کو باشرائط کے
بہت تلاوت کرے اور بطور لائق جلا دے تا بسرعت و تعجیل پیشِ عامل حاضر ہو اور اطاعت
کرے اور نیز خواص کلام الٰہی میں ابن تمیمی نے لکھا ہے کہ جو کوئی ساعتِ اول میں دن جمعہ کو
سورۂ فاتحہ کو بہ قلم زر مشک اور کافور اور گلاب کے ساتھ کتابت کرے اور نوشتہ کو گلاب سے
محو کرے اندر شیشہ کے نگاہ رکھے جب کسی بادشاہ ظالم و جابر و حاکم جابر کے پاس جاوے
قدرے گلاب معمول سے اپنی پیشانی پر ملے اور سامنے اس حاکم کے آوے بعون اللہ
تعالیٰ ببرکتِ کلام باری محبت و مہابت اس کی دلِ حاکم میں طاری ہوگی اور غضب سے اس
کے ایمن و بیخطر ہوگا۔ اما بعض آیات قرآنی کا خواص اور عمل کتاب مطبوعہ طہران مفتاح
الجنان وغیرہ سے لکھا جاتا ہے۔ علمائے سلف نے واسطے ہر کار اور ہر مطلب کے اوراد
معین کیے ہیں۔ جب واسطے طلب عزت و مرتبہ و تقرب سلطان کے پڑھے تو ایک جلسے

تسخیر جن

طلب عزت وتقرب سلطان

میں ایکہزار اسی بار پڑھے اس آیۂ شریفہ کو عنقریب اپنی مراد کو پہنچے گا۔ انشاء اللہ تعالے اور اگر اس آیہ کا ورد کریگا ہرگز نامراد نہ رہیگا وہ آیہ کریمہ یہ ہے۔ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ **دیگر** واسطے اُدارہ کرنے دشمنِ قوی کے اور ادا ہوے قرض و شفائے بیمار اور حاصل حاجات کلی و جزئی و طلب بزرگی و توانگری تین ہزار تئیس بار اس آیہ کریمہ کو پڑھے اگر ہوسکے تو ایک جلسہ میں پڑھے ورنہ جسقدر ہوسکے ہر روز مقرر کرکے اللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۝ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ **دیگر** خواص واسطے حصول حوائج و ہلاک دشمن و دفع خوف عقد اللسان ایکہزار ایک بار اس آیۂ شریفہ کو پڑھے اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ **دیگر** خواص واسطے الفت دِلوں اور وُسعتِ رزق و طلب جاہ و منصب عالی و محبت سلاطین و زبان بندی امراء و وزراء کے ایکہزار ایک بار پڑھے اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۝ **دیگر** خواص واسطے بر آنے مہمات کلی کے بارہ ہزار مرتبہ ایک جلسہ میں پڑھے اسی ہفتہ میں انشاء اللہ تعالے مقصود حاصل ہوگا۔ اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ **دیگر** خواص ادائے قرض اور بر آنے حاجات کلی و جزئی و خلاصی زندان و دفع مرض و دفع دشمنان و رفع حزن و اندوہ کے واسطے اس آیہ کریمہ کو ستر ہزار بار پڑھے اور ہر روز واسطے پڑھنے کے ایک تعداد و مقدار مقرر کرے مگر کسی دن ہزار بار سے کمتر نہ پڑھے اور جو اس سے زیادہ ہو تو انسب ہے لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ **دیگر** خواص واسطے فراخی روزی و استجابت دعا اور تقرب بخدا اور بر آنے حاجات قبل چاہنے کے ساتھ عدد اس آیہ کریمہ کے قیام کرے بعد وضو کے سات بار اور بعد ہر نماز کے قبل اس کے بات کرے سات بار پڑھے۔ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ۭ اُجِيْبُ دَعْوَةَ

الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ۝ **دیگر** ان آیاتِ بینات کا ورد سات خواص رکھتا ہے جاہ و عقد اللسان و رفعت و قبول امر و اطاعت عامہ و استجابتِ دعا اور آسان ہونا کاموں کا و دوستی خلائق۔ عدد کبیر ان آیات کا تین ہزار تین سو چھتیس بار اور عدد صغیر چھپاسٹھ دفعہ يٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ صٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۝ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝ **دیگر**

یہ ورد بھی سات خواص رکھتا ہے اول عزت و دوم رفعت سوم فراخی روزی چہارم حشمت پنجم محبت ششم قوت ہفتم قدرت عدد کبیر اس آیہ مبارکہ کے چونسٹھ اور عدد اوسط اڑتالیس اور عدد صغیر آٹھ ہیں حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ **دیگر** خواص واسطے کفایت مہمات بر آنے حاجات و دفع دشمنان کے اس کلمہ کو سات سو چھتر بار پڑھے كٓهٰيٰعٓصٓ اور اگر اس کے ساتھ کلمہ حٰمٓ عٓسٓقٓ کو بھی ضم کرے اور دونوں کلموں کو دو ہزار پچاس بار ایک جلسہ میں پڑھے البتہ مراد بر ودی حاصل ہوگی **دیگر** خواص واسطے ظہور گمشدہ و دزدیدہ و گریختہ اور آنے غائب و اظہار پوشیدہ اور امثال اس کی دو سو ایک بار ایک جگہ بیٹھ کر ختم کرے ببرکت اس ورد کے امر پوشیدہ خواب یا بیداری میں اس پر ظاہر ہوگا اور عاقبتِ کار سے اسے خبر ہوگی اور یہ عمل آزمودہ و مجرب ہے۔ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝ **دیگر** خواص واسطے کفایت ہر مہم و مطلب کے اور خاصۃً پھر کر آنا غربت سے طرفِ وطن کے و حصول مراداتِ کلی و جزئی کے و دفع دشمنانِ قوی و خصمانِ بزرگ کے ان کلماتِ قرآنی کو دو ہزار تین سو سینتیس بار پڑھے اور وہ یہ کلمے ہیں وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۡ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا

وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ٥ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ٥ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ٥ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ٥
اَمَّا خواص و ترکیب ختم بعض اسمائے حسنیٰ باری تعالیٰ عز اسمہٗ "یا اَللّٰهُ" واسطے جمیع
مطالب دینی و دنیوی کے شب جمعہ میں چھیاسٹھ بار واسطے ہر مطلب شرعی کے مجرب ہے
دیگر خواص اسم مقدس "اَلْجَلِيْلُ" صاحب حرز الامان لبند کتاب شرح اسماء اللہ
کے لکھتے ہیں کہ جو شخص اس اسم شریف کو ساتھ مشک و زعفران و گلاب کے ساعت سعید
میں اوپر قدح چینی کے لکھے اور دھو کر پیوے درمیان خلق کے عزیز اور بزرگ ہو اور
اگر اس اسم اعظم کو بعدد مجمل کے حروف اس کے کہ تہتر ہیں اوپر قدح چینی کے لکھیں بطریق
مذکور اور ساتھ آب رواں کے اور اگر نہ ہو تو آب شیریں طاہر سے دھو دے اور پیوے
اثر اور خاصیت اس کی جو کچھ کہ مذکور ہوئی بدرجہ اتم و اکمل کے ہوگی۔
دیگر خواص اسم طاہر "اَلرَّافِعُ" میں لکھتے ہیں جو کہ بوقت نیم شب یا نیم روز کے
دست بدعا اٹھا کر سو بار اس اسم بزرگوار کو پڑھے درمیان خلق کے بزرگ ہو اور مرتبہ اس
کا زیادہ ہو اور اگر اس اسم کو بعدد حروف مجمل پڑھے کہ تین سو اکیاون ہیں نتیجہ اور منفعت
اس کا جو کچھ کہ مذکور ہوا ابلغ و اکمل ہوگا۔ **فائدہ**: جملہ اسمائے الٰہی کے ورد میں رعایت
اعداد مجمل حروف بمقابلہ اعداد مفصل کے حصولِ اثر و نتیجہ میں اثر تمام رکھتی ہے اور
عدد مجمل میں حروف اسمِ مکتوبی کے لئے جاتے ہیں۔
اور اعدادِ مفصل میں حروف مبسوط لکھے جاتے ہیں جیسا کہ آئندہ ذکر اسماء
میں تصریح اس کی کی جاوے گی۔ **دیگر** خواص اسمِ مقدس "اَلْهَادِيْ" صاحب کتاب
شمس المعارف لکھتے ہیں کہ جو کوئی داعیہ حکومت و سلطنت کا رکھتا ہو اوپر کسی شہر و دیار کے
چاہیے کہ اس اسم شریف کی مداومت کرے اور ہر روز بعدد حروف مکتوبہ اس کے کہ بیس ۲۰ ہیں ورد

کرے یا بعدد حروف مبسوط اس کے کہ ایک سو تریپن ہیں مواظبت کرے اور یہ اولیٰ
ہے اور یہ اسم شریف بعض خواص میں جملہ اسمائے الٰہی سے منفرد ہے۔ جب کوئی چاہے
کہ کسی کو مطیع و فرمانبردار اپنا کرے، چاہیے کہ اس اسم مبارک کے حروف کو علیحدہ علیحدہ
لکھے اس طرح سے (ا ل ہ ا د ی) اور اسم مطلوب کے حرفوں کو بھی جدا جدا لکھے، مثلاً نام
مطلوب کا سلطان ہے۔ تو تکسیر اس طرح سے ہوگی س ل ط ا ن پس دونوں اسموں
کو باہم امتزاج دے اس طریق سے کہ ا س ل ل ہ ط ا ا د ن ی پھر اس کو تکسیر کرے
تاوقتیکہ سطر اول تمام ہو پس اس سطر کو مکرر حذف کرے اور حاصل باقی کو مربع چار در
چار میں لاوے اور اس مربع کو اوپر ورق آہو یا کاغذ پاک کے لکھے مگر ساعت مشتری
میں کہ وہ چڑھتے ماہ روز پنجشنبہ واقع ہو اور معمول کو بطور طیب سے خوشبو کرے اور حریر
طاہر میں لپیٹ کر سیوے اور پاس اپنے نگاہ رکھے اور ہمیشہ اوپر زبان کے تکرار اس اسم
مقدس کا رکھے اور بعد ہر صد بار کے کہے یَا هَادِيَ مَنِ اسْتَهْدٰى بِهٖ اِهْدِنِيْ بِهٖ
وَاجْعَلْهُ طَوْعًا لِّيْ وَطَوْعَ يَدَيْ وَمَلِّكْنِيْ نَاصِيَتَهٗ وَقَلْبَهٗ پھر اس عمل کے عجائب
قدرت مشاہدہ کرے اطاعت و فرمانبرداری معمول میں اور اگر یہ عمل ساعت اول کہ شب روز
پنجشنبہ ہو اس میں کرے کہ یہ ساعت مشتری کی ہے اثر اس کا قوی ہوگا اور جب اس عمل پر بتکرار
اسم پر اقدام کرے تو املائی عدد جوں نہ حصر کی یعنی اعداد حروف مکتوبہ یا مبسوط کے جو حصری
میں سے نہ ہوں، بلکہ اعداد مطلق ہوں جس قدر زیادہ ہوں بہتر ہے۔
دیگر اسم اعظم "یَا هُوَ" صاحب کتاب لوامع البینات کہ شرح اسمائے حسنیٰ الٰہی میں ہے
لکھتے ہیں کہ اعتقاد بعضے اہل تحقیق میں اسم اعظم باری تعالیٰ اسم "هُوَ" ہے جس وقت چاہیے
کہ دعا میں مبالغہ کریں تو کہیں يَا هُوَ يَا مَنْ هُوَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يَا مَنْ بِهٖ هُوَ بِهٖ

کُلُّ هُوَ پس طالب صادق اگر چاہے کہ ساتھ قوائے باطنی کے سیر کرے جمیع اشیائے جہاں میں چاہئے کہ اس اسمِ مقدس پر کہ اسم ذات ہے اس معروفیت اور توجہ سے مداومت کرے کہ ایک نفس اس سے غافل اور زائل نہ ہو تاوقتیکہ باطن اس کا انوارِ ہویتیہ ذاتیہ سے مطلقاً روشن ہو اور جب یہ اثر ظاہر ہو۔ اور یہ صفت عامل میں راسخ ہو تو ساتھ قوت اس صفت کے تمام اشیاء عالم میں تصرف کر سکتا ہے۔ اور ضمن میں اس اسم بزرگوار کے ایک سِرِ عظیم ہے اسرار مالمنہ الٰہی سے اور ببرکت مواظبت و ملازمت اس اسم پاک کے سالک اس سرِ عظیم تک لے جا سکتا ہے مگر بشرائط معینہ۔ **دیگر** خواص اسم اَلْوَهَّابُ بعضے علماء کہتے ہیں کہ اسم اعظم اللہ تعالےٰ کا اَلْوَهَّابُ ہے چنانچہ دعا میں حضرت سلیمان علیٰ نبینا وعلیہ السلام کے واقع ہوا ہے کہ حق سبحانہٗ تعالیٰ قرآن مجید میں خبر دیتا ہے رَبِّ هَبْ لِي مُلْكًا لَّا يَنبَغِي لِأَحَدٍ مِّن بَعْدِي إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ صاحب رسالہ حرز الامان بحوالہ سند شرح اسماء اللہ کے لکھتے ہیں کہ جو شخص فضائے وسیع خالی میں ہاتھ اُٹھا دے اور سو بار یَا وَهَّابُ کہے تمام مہمات اس کی کفایت ہوں اور جو حاجت کہ چاہے روا ہو اور اگر ایک سو تینتیس بار کہ عدد حروف مبسوط اس اسم کے ہیں پڑھے تو عمل اور اثر قوی تر ہوگا۔ اور مصباح میں وارد ہے کہ جو شخص اس اسم مبارک کو چودہ مرتبہ بعدد مجمل اس کے حالت سجدہ میں کہے اللہ تعالیٰ اس کو غنی کرے گا۔ اور اگر آخر شب اس اسم مقدس کو بایں ترتیب سو مرتبہ کہے کہ زیر آسمان ہاتھ اپنے طرف آسمان کے بلند کرے اور سر برہنہ کہے تو حق سبحانہٗ تعالیٰ فقر کو اس کے دور کرے گا۔ اور حاجت برلا دیگا اور ہرگاہ اَلْكَرِيمُ الْوَهَّابُ ذُوالطَّوْلِ بے تعداد بکثرت پڑھے اللہ تعالے رزق اس کو اس جگہ سے عطا فرمائے جہاں سے گمان نہ رکھتا ہو۔ **دیگر** خواص اسم اَلْوَاسِعُ کے بے تعداد اور بکثرت پڑھنے کا بھی یہی ہے جو مذکور ہوا۔

دیگر مَالِكُ الْمُلْكِ کے بھی بے تعداد پڑھنے کا خواص واسطے غنا اور رفع فقیری کے یہی ہے جو مذکور ہوا۔ **دیگر** خواص اَلْغَنِيُّ الْمُغْنِي جو کوئی اس اسمِ مقدس کو برابر دس جمعہ تک ہر جمعہ کو دس ہزار بار پڑھے اور اس عرصہ میں گوشت نہ کھاوے اللہ تعالیٰ اس کو غنی کریگا۔ اور ایک روایت میں ہزار بار ایک جلسہ میں پڑھے تو بھی باعثِ وُسعتِ رزق اور دولت ہے۔ **دیگر** خواص اسم شریف اَلْعَزِيزُ ہرگاہ چالیس مرتبہ ہر روز اَلْعَزِيزُ کہے تو محتاج کسی کا نہ ہوگا۔ اور جو بعدد حروف مجمل پڑھے کہ چورانوے ہیں تو سریع الاثر ہے اور جو اس سے بھی نتیجہ قوی تر اور زود تر چاہے تو باعداد حروف مفصل اس کے کہ ایک سو چھپن ہیں مداومت کرے۔ **دیگر** خواص یَا مُعْطِيَ السَّائِلِينَ ہرگاہ اس اسم مقدس کو بہت کہے اللہ تعالےٰ اسکو سوال کرنے سے غنی کر دے گا۔ **دیگر** خواص اسم اَلرَّحْمٰنُ جو شخص ہر روز ہزار بار اس نام مبارک کا ورد کرے جو کہ اسے دیکھیگا دوست و عزیز رکھے گا۔ اور واسطے ایمنی آفات و مخافات اور ظہورِ سداد و رُشاد کے اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ دونوں اسمائے مقدس کا ورد بہت نافع ہے صاحب کتاب شمس المعارف لکھتے ہیں کہ دو اسم جلیل القدر اور عظیم الشان ہیں جو شخص کہ کسی امر میں امورات دینی یا دُنیوی سے مضطرب اور پریشان خاطر ہو تو توسل ان ہر دو اسم شریف کے ساتھ کرے اور بعدد مجمل یا مفصل کے ان ناموں کو ہر روز پڑھے اور ان پر مواظبت کرنے وہ اضطراب اور پریشانی باذن اللہ دفع ہو اور مقصود بسہولت میسر آوے اور جو کوئی کسی جبار و ظالم سے ڈرتا ہو ساتھ تکرار ان دو اسم مبارک کے مداومت کرے بعون اللہ تعالیٰ ایمن و مطمئن ہو۔ اور صاحب دُر النظیم لکھتے ہیں کہ یہ دو اسم بزرگوار پناہ مضطر و امان خائفین ہیں اور جو شخص کہ ان دو اسم کو اوپر نگین چاندی کے ساعت آخر روز جمعہ میں نقش کرے اور ساتھ اس کے تختم کرے۔

یعنی انگشتری اس کی ہاتھ میں پہنے کسی طرح کا مکروہات نہ پہنچے گا۔ اور جو کوئی ان اسموں کا ورد کریگا اور بطریق مواظبت پڑھے گا حق سبحانہ وتعالیٰ جمیع امور میں لطف اپنا شامل حال اس کے کرے گا۔ **دیگر** خواص اسم مبارک "اَلْحَقُّ" جو کہ مداومت کرے اس اسم کے بعد ہر نماز کے بعد و مجمل کہ اٹھارہ ہیں تو باعث طول عمر وکشائش رزق و دفع مرگ مفاجات ہے۔ **دیگر** شیخ بہائی علیہ الرحمہ نے ایک شخص کو فرمایا کہ ساتھ ذکر ان ناموں کے مداومت کرتا کہ تو غنی ہو اور یہ اسمائے مقدسہ معین کئے کہ کہہ توما کافی یا غنی یا فتاح یا رزاق وہ شخص بیان کرتا ہے کہ میں نے گوشہ تنہائی میں خلوت اختیار کی اور بعد کبیر ذکر ان نام ہائے مبارک کا کیا میں نے اور اوقات کو بحضور قلب گزارا میں نے چالیسویں دن دیکھا کہ سقف خانہ کی خود بخود کھل گئی اور چالیس ہمیان پُر از زر رخنہ سقف سے نیچے گریں اور ایک آواز غیبی سُنی میں نے کہ یہ مُژدہ ہے اور اسکو خرچ کر اور عدد کبیر ان اسمائے مقدسہ کے مجموعہ مطبوعہ طہران میں چھیالیس ہزار دو سو چہتر لکھے ہیں۔ **دیگر** خواص اسم شریف "اَللَّطِیْفُ" صاحب دُر النظیم لکھتے ہیں کہ یہ اسم مبارک تمام اسمائے الٰہی سے ممتاز ہے کہ قریب النتیجہ اور سریع الاثر ہے اور جمیع اورام و آلام و اسقام اور نوائب و مصائب کے دفع میں تاثیر عظیم رکھتا ہے اور اوقات محن و شدائد میں نتائج و فوائد اس سے عجیب وغریب ظاہر ہوتے ہیں اور ہر تعب و کرب اور فزع کہ عارض ہو ساتھ فرح و سرور اور امن و اطمینان کے مبدل ہوتا ہے بشرطیکہ اس اسم مقدس کو بعد حروف مبسوط اس اسم کے کہ ایک سو تہتر ہیں ہر روز پڑھے اور معالجہ امراض میں ساتھ مشک و زعفران و گلاب کے ظرف چینی یا زجاجی پر لکھے اور آب باراں کے ساتھ محو کر کے اور اگر نہ ہو تو آب شیریں طاہر سے دھو کر پیوے

بعون اللہ جمیع امراض و اوجاع مندفع ہوں گے اور اثر اس کا نہایت جلد پیدا ہوگا اور آداب کتابت اس اسم لطیف کا علاوہ اس کے کہ طریق کتابی میں مقرر و معین ہے ایک یہ بھی ہے کہ اس اسم مبارک کو ایک سو تہتر بار لکھے پس ساتھ آب باراں کے دھووے اور پیوے تاکہ نتیجہ کلی عنقریب ظاہر ہو اور اسمائے حروف مبسوط اس کے علیحدہ بالف ولام تعریف و بعد حروف ہر اسم کے کتابت کریں بدیں طریق اَلْاَلِفُ اسکو ایک سو بیالیس بار لکھے اَللَّامُ اس کو ایک سو دو بار لکھے اَلطَّاءُ اس کو اکتالیس بار کتابت کرے اَلْیَاءُ اس کو بیالیس بار لکھے اَلْفَاءُ اس کو ایک سو بارہ مرتبہ پس بوقت شب نوشتہ کو آب طاہر میں تقیع کرے بعدہ اس پانی کو پیوے الم ہائے بیرونی و دُرونی سے شفا پاوے اور تمام دردوں سے خلاصی ہو۔ باذن اللہ **دیگر** خواص اسم شریف "اَلرَّزَّاقُ" شرح اسمائے اللہ میں مرقوم ہے کہ جو شخص بامداد پیش از نماز صبح چاروں گوشوں میں اپنے گھر کے ہر زاویہ پر دس بار کہے یَا رَزَّاقُ اور آغاز دستِ راست سے کر کے رو بقبلہ بائیں کو چلے فقر و فاقہ و بے نوائی سے نجات پاوے۔ بعون اللہ۔ **دیگر** خواص اسم شریف "اَلْوَاسِعُ" بکتاب موصوف میں لکھتے ہیں کہ جس کسی کو قناعت نہ ہو اس چیز اور اس قدر پر کہ جو کچھ حق سبحانہ وتعالیٰ نے اس کو دیا ہو چاہیئے کہ اس اسم شریف کو بہت اوپر زبان کے جاری کرے تو بعون اللہ ببرکت اسم پاک کے صفتِ قناعت بھی اس کو حاصل ہو اور وجہ کفاف و مہمات بھی اس کا بطریق احسن کفایت ہو اور اگر بعدد مجمل بلکہ مفصل اوپر ذکر اس اسمِ مبارک کے مداومت ہو تو نہایت اولیٰ ہو۔ **دیگر** خواص اسم مقدس "اَلنَّافِعُ" مجموعہ مطبوعہ طہران میں مرقوم ہے کہ جو شخص سفر میں ذکر اس اسم مبارک کا بہت کرے اور کشتی پر دس ہزار بار پڑھے تو بے خطر رہے گا۔ اور جو طبیب و معالج مداومت کرے اور بے تعداد

پڑھے توبعونہ تعالےٰ اس کے ہاتھ سے بہت مریض اچھے ہوں گے اور وقت خرید و فروخت کے بہت پڑھے تو نفع بہت پاویگا۔ چاہیئے کہ بعدد مجمل یا مفصل ہر روز ورد مقرر کرے تاکہ نتیجہ اور اثر اس کا ابلغ واکمل ہوگا۔ **دیگو** خواص اَلْمَانِعُ ہرگاہ زن اور شوہر میں نااتفاقی ہو تو اس اسم مقدس کو بے تعداد پڑھے بعون اللہ تعالےٰ موافقت ہوگی اور اگر بعدد مجمل یا مفصل اس کے مداومت کرے نتیجہ اور اثر قوی تر ہوگا۔ **دیگو** خواص اسم مبارک اَلْبَاعِثُ واسطے تطہیر باطن ومیسر اسباب دنیا وآخرت کے بہت نافع ہے۔ شرح اسماء اللہ میں لکھتے ہیں کہ جو شخص اپنے فرش پر دست بسینہ اس اسم مقدس کو سوبار پڑھے دل مردہ اس کا زندہ ہو اور بعدد مجمل کہ پانسو تہتر ہیں یا بعدد مفصل چھ سو پنتالیس ۶۴۵ ہیں پڑھے تو اقوی واولیٰ ہوگا۔ **دیگو** خواص اَلْعَفُوُّ جو کہ ہر روز اس اسم مقدس کو ایکہزار دو سو چھیاسی بار کہ عدد مجمل اس کے ہیں یا ایک ہزار تین سو پچپن ۱۳۵۵ بار کہ عدد مفصل اس کے ہیں مداومت کرے ظلمت اور تاریکی اس کے دل سے زائل ہو اور روشنی اور صفائی اس کے باطن میں ظاہر ہو بعون اللہ تعالےٰ۔ **دیگو** خواص اسم اَلْحَلِیْمُ کتاب موصوف میں لکھتے ہیں کہ جو شخص اس اسم مبارک کو بہت پڑھے صفت حلم اس میں حاصل ہو اور صبر وسکون اور ثبات اس کو روزی ہو اور اگر ہر روز بعدد مفصل اس کے کہ ایک سو اکیاسی ہیں۔ مداومت کرے اثر اور نتیجہ قوی ہوگا اور اگر کوئی شخص وقت بونے درخت کے اٹھاسی بار کہ عدد مجمل اس کے ہیں پڑھ کر درخت جما دے اور بیج اس کے زمین میں محکم کرے نشو ونما تمام پاوے اور مالک اس کا اس درخت سے برخوردار ہو انشاء اللہ تعالیٰ۔ **دیگر** خواص اسم مقدس اَلْمُھَیْمِنُ واسطے دفع دشمنان وقلع خصمان کے اثر تمام رکھتا ہے۔ صاحب کتاب دُرالنظیم لکھتے ہیں کہ جو شخص اسم شریف کو شرف قمر میں او پر نگین کے پانچ بار یا

پانچوں حروف اس نام کے علیٰحدہ علیٰحدہ کندہ کرادے اور جب وہ خاتم ہاتھ میں پہنے ایک سو اکھتر بار اس اسم کو پڑھ لے اور سامنے بادشاہ جابر یا حاکم ظالم کے آوے شر اس کے سے اور شر ہر شیطان جن وانس سے عصمت اور پناہ حق سبحانہٗ تعالیٰ میں رہیگا۔ **دیگو** خواص اسم مبارک اَلْقَھَّارُ بھی واسطے قلع قمع دشمنوں کے نہایت نافع ہے شرح اسماء اللہ میں مرقوم ہے کہ واسطے استیصال دشمن کے روز تین سو چھ ۳۰۶ بار بعدد حروف مکتوبہ کہ جن کو عدد مجمل بھی کہتے ہیں بعد ادائے فریضۂ صبح کے پڑھے مہم کفایت ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ اور اگر بعدد حروف مبسوط کہ مراد اعداد مفصل سے ہے اور وہ چار سو ننانوے ہیں ہر روز پڑھے ظہور اثر میں قوی تر اور دشمن عنقریب مغلوب ومقہور ہو اور جو کہ اس اسم مقدس کو بہت بے تعداد پڑھے دُنیا اور اہلِ دُنیا اس کے دل سے برطرف ہوں۔ **دیگو** خواص اسم شریف اَلْحَفِیْظُ واسطے دفع خوف ومرض اور حصول حفظ وبرکت کے اثر عظیم رکھتا ہے۔ شرح اسماء اللہ میں مرقوم ہے کہ جو کوئی کسی چیز یا کسی امر سے ڈرتا ہو۔ اس نام مبارک کو بشرائط وآداب کتابت کرے اور اپنے داہنے بازو پر باندھے ایمن ومطمئن ہوگا۔ اور اگر بعدد حروف مکتوبہ یا مبسوطہ کے کتابت کرے اثر اس کا قوی تر ہوگا اور کتاب دُرالنظیم میں مرقوم ہے کہ بعض عارف فرماتے ہیں کہ یہ اسم بزرگوار خاص ترسندگان کے حق میں سریع الاجابت ہے خاصۃً واسطے مسافران ترس کاران کے پس چاہیئے کہ مسافر ہمیشہ ساتھ تکرار اس اسم پاک کے مداومت کرے تاکہ جمیع آفات ومخافات سے محفوظ رہے اور صاحب کتاب موصوف فرماتے ہیں کہ میں نے مواطن مخوفہ میں اوپر ذکر اس کے قیام رکھا ہے تو ایسے عجائب صنع الٰہی اس کے خواص میں نے مشاہدہ کئے ہیں کہ عقل ان کے دریافت سے عاجز ہے۔ پس اسم حفیظ کو کہ چار حرف ہیں اور وفق اس کا چہار در چہار ہے اور تکسیر اس کی سولہ حروف ہیں پس جب تکسیر اس کی کریں

د	ید	یه	ا
ط	ز	و	یب
ه	یا	ی	ح
یو	ب	ج	یج

۴	۱۴	۱۵	۱
۹	۷	۶	۱۲
۵	۱۱	۱۰	۸
۱۶	۲	۳	۱۳

توبحسب حروف لوح وفقی میں وضع کریں اور یہ زیادہ کریں یَاحَفِیْظُ اِحْفَظْنِیْ فَاِنَّکَ خَیْرُ حَافِظًا وَّ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ ٥ اور صورت لوح وفقی عددی اور وفقی حرفی یہ ہے (دیکھو نقوش بالا) پس جب کتابت کرے اس لوح کو تو شرف آفتاب یا قمر ہو اور کاتب باطہارت کامل کے ہو اور یہ کتابت بعد ادائے دو رکعت نماز کے ہو ہر رکعت میں بعد فاتحہ سو بار آیۃ الکرسی اور سورۂ اخلاص پڑھے اور یہ کتابت اوپر ورق آہوئے صحرائی پاک کے واقع ہو۔ پس جب یہ کتابت ساتھ ان تمام مکمل شرائط کے کہ جو بطریق کتابی خاتمۂ کتاب پر مرقوم ہیں لکھی جاوے تو واسطے حامل اس لوح کے حق سبحانہٗ تعالیٰ اہم اور حفظ آسان کرتا ہے اور قدر اس کی نزدیک خلائق کے عظیم کرتا ہے۔ اور اگر کوئی محبوس پاس اپنے رکھے تو زود تر بند زندان سے خلاصی پاتا ہے اور اگر دشمن مقابل اس کے حامل کے ہو تو باذن اللہ تعالیٰ ہزیمت کرے اور اگر کوئی شخص دو ہفتہ روزہ رکھے اور دائم باطہارت رہے پس اوپر لوح نقرہ کے اس ورق کو رقم کرے مگر بساعت اول روز پنجشنبہ کو کہ قمر ناظر بمشتری ہو بنظر مودت یا ساتھ آفتاب کے متصل ہو بنظر محبت اور اپنے پاس نگاہ رکھے تو طاعت و عبادت دین و نیز امورِ دنیا محبوب اس کے ہوں اور اس کے ہاتھ اور مال میں خداوند کریم برکت رکھے اس سے زیادہ صفات و خواص اس اسمِ مقدس کے مرقوم ہیں بنظر اختصار اسی پر اکتفا کیا گیا۔ **دیگر خواص اسم شریف اَلْوَدُوْدُ** صاحب کتاب درالنظیم لکھتے ہیں کہ جو شخص اس اسم کو اوپر حریر ابیض کے پینتیس ۳۵ بار کتابت کرے اس وقت کہ قمر شریف میں متصل ساتھ مشتری کے بنظر مودت ہو پس اس نوشتہ کو ساتھ اپنے نگاہ رکھے محبت اس کی قلوب خلائق میں حق تعالیٰ روزی کرے اور جو کہ اوپر تکرار اس اسم بزرگوار کے مواظبت کرے نعمتِ حق تعالیٰ واسطے اس کے دائم

ہو اور حامل اس اسم شریف کو چاہیئے کہ اکثر ایام صائم رہے اور بعضے عارف فرماتے ہیں کہ جو شخص اس اسم شریف کو کتابت کرے اور ساتھ اس کے پینتیس ۳۵ بار یَا مُحَمَّدُ رَسُوْلُ اللّٰہِ اور پینتیس ۳۵ بار یَا اَحْمَدُ رَسُوْلُ اللّٰہِ رقم کرے اور یہ کتابت بعد نماز جمعہ کے کرے حق سبحانہٗ تعالیٰ ببرکت اس عمل کے طاقت و متابعت حضرت رسالتمآبؐ کی اس کو نصیب کرے اور ہمزاد شیطان سے ایمن اور سالم اس کو رکھے اور کوئی وقت آفتاب کے اس نوشتہ کو اپنے سامنے کر کے نظر اس پر تعین کرے اور چند بار درود اوپر حضرت رسالتمآبؐ کے بھیجے ببرکت اس عمل کے آنحضرتؐ کو خواب میں بکثرت دیکھے **دیگر خواص اسم شریف اَلْمُؤْمِنُ** جو کہ اس اسم مبارک کو باشرائطِ مقررہ بعددِ حروف مکتوبہ یا مبسوط مداومت کرے جس چیز سے ڈرتا ہو امان پائے اور اگر بشرائطِ کتابت اس نام پاک کو لکھے اور اپنے پاس رکھے اور قرأت بھی کرتا رہے غارت و تاراج ظاہری و باطنی سے بے خطر رہے۔ غارت معنوی کیا ہے! وہ یہ ہے کہ شیاطین جن اور انس کو مجال نہ ہو کہ اس پر مسلط ہو سکیں۔ اور صاحب دُرالنظیم لکھتے ہیں کہ ببرکت اس اسم مقدس کے شک اور خوف طبیعتِ عامل سے قطعاً مرتفع ہو جاتا ہے پس جو کہ ایک سو چھتیس بار پڑھے یا اسی عدد سے لکھے اور اپنے پاس نگاہ رکھے شک اور شبہ امور مہمہ میں اس کے دل سے زائل ہو اور جس چیز سے ڈرتا ہو ایمن و مطمئن ہو اور جو کہ وقت دیکھنے اس چیز کے کہ موجب خوف کا ہے، چار مرتبہ یَا مُؤْمِنُ کہے شر اس چیز کا کفایت ہو۔ **دیگر خواص اسم شریف اَلْبَرُّ** یہ اسم پاک اثبات محبت و مودت و الفت میں اثر عظیم رکھتا ہے چنانچہ صاحبِ کتاب شمس المعارف لکھتے ہیں کہ یہ اسم شریف معادن ہے خاص اعمال محبت و مودت میں چاہیئے کہ ہر روز ۲۴۳ بار اس نام مبارک کو بعدد مجمل پڑھے بعد اس کے حروف اس اسم کو ساتھ حروف اسم مطلوب کے بطریق اسم الہادی جو اوپر ذکر ہو چکا امتزاج دے اور

پھر لوح وتفی میں بطریق مذکور درج کرے نعل اور اثر اس کا قوی تر ہوگا۔ پس حامل لوح کو
چاہیئے کہ بعد پڑھنے ہر قدبار کے اس دُعا کو پڑھے۔ یَارَبَّ الْاَرْبَابِ وَمُرَبِّی الْکُلِّ بِلُطْفِ
رُبُوبِیَّتِہٖ اَسْرِعْ اِلَیَّ بِیُسْرٍ بِتَیْسِیْرٍ مِنْ لُطْفِکَ الْخَفِیِّ بِلَامِحْنَةٍ وَقَلِّبْنِیْ بَیْنَ
اَصْبَعَیْنِ مِنْ اَصَابِعِ لُطْفِکَ حَتّٰی اَشْھَدَ لُطْفَکَ اللَّطِیْفَ مِنْ کُلِّ جِھَةٍ اِنَّکَ
دیگر یہ نقش مقدس اسمائے پنجتن علیہم الصلوٰۃ والسلام کا ہے جو شخص اس نقش متبرک کو حسب حال مو ... اسمای مقدس الٰہی کے ساعت نیک مین صاف قطع کاغذ

پر تازہ روشنائی طاہر اور قلم جدید سے لکھکر بازوے راست پر باندھے روز بروز مرتبہ اُسکا بالا اور دولت سے بہرہ مند ہوگا چنانچہ اعداد نام محمدؐ کے بانوے ۹۲ اور نام علی کے ایکسو دس ۱۱۰ اور نام فاطمہ کے ۱۳۵ اور نام حسن ۱۱۸ - اور نام حسین کے ۱۲۸ ہین اور یہ مشتمل ہین اوپر پانچ اسمائے مبارک پروردگار کے کہ یا حلیمُ یا کریمُ یا رحیمُ یا قدیرُ یا عظیمُ ہین مع نام موکلون کے نقش مبارک یہ ہے

	حلیم		قدیر		کریم		عظیم		رحیم
۱۰۳	حسنؑ	۱۲۹	محمدؐ	۱۲۳	علیؑ	۱۱۷	فاطمہ	۱۱۰	حسین
	تنکفیل		عطرائیل		خردرائیل		یومائیل		امواکیل
	کریم		عظیم		رحیم		حلیم		قدیر
۱۱۸	علیؑ	۱۱۱	فاطمہ	۱۰۵	حسینؑ	۱۲۵	حسنؑ	۱۲۴	محمدؐ
	خردرائیل		یومائیل		امواکیل		تنکفیل		عطرائیل
	رحیم		حلیم		قدیر		کریم		عظیم
۱۲۶	حسینؑ	۱۲۰	حسنؑ	۱۱۹	محمدؐ	۱۱۲	علی	۱۰۶	فاطمہ
	امواکیل		تنکفیل		عطرائیل		خردرائیل		یومائیل
	قدیر		کریم		عظیم		رحیم		حلیم
۱۱۳	محمدؐ	۱۰۷	علیؑ	۱۲۷	حسینؑ	۱۲۱	فاطمہؑ	۱۱۵	حسنؑ
	عطرائیل		خردرائیل		امواکیل		یومائیل		تنکفیل
	عظیم		رحیم		حلیم		قدیر		کریم
۱۲۲	فاطمہ	۱۱۶	حسینؑ	۱۰۹	حسنؑ	۱۰۸	محمدؐ	۱۲۸	علیؑ
	یومائیل		امواکیل		تنکفیل		عطرائیل		خردرائیل

اسناد نقش تمام کلام اللہ کی صاحب رسالہ نور العیون مترجم رسالہ ضیاء العیون لکھتے ہیں کہ جو کوئی شخص تمام قرآن شریف کو تکسیر کرکے مربع دہ در دہ میں لکھے اور باعتقاد درست اپنے پاس رکھے دن قیامت کو اسکی شفاعت پیغمبر خدا کرینگے اور تمام گناہ صغیرہ اور کبیرہ اسکے پروردگار عالم بخشدیگا اور بلیات ناگہانی اور مرگ مفاجات اور زلزلہ اور بجلی اور سانپ بچھو اور تپ لرزہ وغیرہ سے حفظ خدا تعالیٰ میں رہیگا اور نظر میں بادشاہان اور خلایق کے معزز ہوگا پس چاہیے کہ ہر وقت دیکھے اس نقش مبارک کے با وضو ہووے۔ وہ نقش مبارک یہ ہے

اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗۤ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ

اما صفت و خواص بعض آیات و سورہای قرآنی کو تکسیر کرکے لوح و تعویذ بنانا جناب امیر المومنین علیہ السلام سے منقول ہے

کہ ایکدن جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ مسجد مدینہ میں تشریف فرما تھے کہ ناگاہ جبرئیل بحکم رب جلیل نازل ہوئے اور عرض کی کہ یا رسول اللہ حق تعالیٰ بعد تحفہ سلام کے ارشاد فرماتا ہے کہ جو کوئی تمہاری امت سے سورۂ حمد کو مربع پانزدہ در پانزدہ میں لکھے اور اپنے پاس رکھے یا اکثر بنظر تبرک دیکھے اگر عمر اسکی انتہا کو پہونچی ہو تو خدا تعالیٰ بیس ۲۰ برس اسکی عمر میں زیادہ کرتا ہے۔ اور وہ مربع یہ ہے

لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہِ

بسم	الله	الرحمن	الرحيم	الحمد	لله	رب	العالمين	الرحمن	الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد
الله	الرحمن	الرحيم	الحمد	لله	رب	العالمين	الرحمن	الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك
الرحمن	الرحيم	الحمد	لله	رب	العالمين	الرحمن	الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين
الرحيم	الحمد	لله	رب	العالمين	الرحمن	الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا
الحمد	لله	رب	العالمين	الرحمن	الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط
لله	رب	العالمين	الرحمن	الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم
رب	العالمين	الرحمن	الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط
العالمين	الرحمن	الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين
الرحمن	الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت
الرحيم	مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم
مالك	يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم	غير
يوم	الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم	غير	المغضوب
الدين	اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم	غير	المغضوب	عليهم
اياك	نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم	غير	المغضوب	عليهم	ولا
نعبد	واياك	نستعين	اهدنا	الصراط	المستقيم	صراط	الذين	انعمت	عليهم	غير	المغضوب	عليهم	ولا	الضالين

دیگر منقول ہے کہ جو کوئی آیۃ الکرسی کو تکسیر کرکے مربع پانزدہ در پانزدہ میں لکھے اور اپنے پاس رکھے یا ہر روز اسکو ایک مرتبہ دیکھے تو گویا ثواب جہاد کا اسکو حاصل ہوگا اور وسوسۂ شیطان سے محفوظ رہیگا اور جو

حاجت کہ خدا تعالیٰ سے طلب کرے فوراً وہ حاجت برآویگی وہ نقش معظم ومحترم یہ ہے۔

یدخلون فی دین اللہ افواجاہ فسبح بحمد ربک واستغفرہ

دیگر روایت ہے حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا آنحضرت نے کہ جبرئیل نے مجھ سے کہا کہ جو کوئی آیۃ الملک کو نقش کر کے مربع میں لکھوائے پاس رکھے

دیگر جو کوئی نظر میں ہا دشمنوں اور مومنوں اور ہر گروہ کے عزیز ہوگا اور سب لوگ مطیع اور فرمانبردار رہیں گے اور جو کوئی وہ نقش بسر کریگا اور کوئی آفت و بلا اسکے نزدیک نہ آویگی نقش مربع آیۃ شریف کا یہ ہے

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَاَيْتَ النَّاسَ

دیگر منقول ہے کہ جو کوئی سورۂ قدر کو مکسر کرکے مربع پانزدہ در پانزدہ میں لکھے اور اپنے پاس رکھے اسکو ثواب ہر شب کا مثل شب قدر کے حاصل ہوگا اور آگ دوزخ کی اُسپر حرام ہوگی اور ہرگز محتاج طرف خلق کے نہ ہوگا اور کید دیو جن و شیاطین سے حفاظت خدا میں رہیگا اور جس لڑائی پر جاوے فتحمندی اپنے مکان پر آوے وہ نقش معظم و مکرم یہ ہے

يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۝ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

بسم اللہ	الرحمن	الرحیم	انا	انزلناہ	فی لیلۃ	القدر	وما	ادراک	ما لیلۃ	القدر	لیلۃ	القدر	خیر	من الف
الرحمن	الرحیم	انا	انزلناہ	فی لیلۃ	القدر	وما	ادراک	ما لیلۃ	القدر	لیلۃ	القدر	خیر	من الف	شہر
الرحیم	انا	انزلناہ	فی لیلۃ	القدر	وما	ادراک	ما لیلۃ	القدر	لیلۃ	القدر	خیر	من الف	شہر	تنزل
انا	انزلناہ	فی لیلۃ	القدر	وما	ادراک	ما لیلۃ	القدر	لیلۃ	القدر	خیر	من الف	شہر	تنزل	الملائکۃ
انزلناہ	فی لیلۃ	القدر	وما	ادراک	ما لیلۃ	القدر	لیلۃ	القدر	خیر	من الف	شہر	تنزل	الملائکۃ	والروح
فی لیلۃ	القدر	وما	ادراک	ما لیلۃ	القدر	لیلۃ	القدر	خیر	من الف	شہر	تنزل	الملائکۃ	والروح	فیہا
القدر	وما	ادراک	ما لیلۃ	القدر	لیلۃ	القدر	خیر	من الف	شہر	تنزل	الملائکۃ	والروح	فیہا	باذن
وما	ادراک	ما لیلۃ	القدر	لیلۃ	القدر	خیر	من الف	شہر	تنزل	الملائکۃ	والروح	فیہا	باذن	ربہم
ادراک	ما لیلۃ	القدر	لیلۃ	القدر	خیر	من الف	شہر	تنزل	الملائکۃ	والروح	فیہا	باذن	ربہم	من کل
ما لیلۃ	القدر	لیلۃ	القدر	خیر	من الف	شہر	تنزل	الملائکۃ	والروح	فیہا	باذن	ربہم	من کل	امر
القدر	لیلۃ	القدر	خیر	من الف	شہر	تنزل	الملائکۃ	والروح	فیہا	باذن	ربہم	من کل	امر	سلام
لیلۃ	القدر	خیر	من الف	شہر	تنزل	الملائکۃ	والروح	فیہا	باذن	ربہم	من کل	امر	سلام	ہی
القدر	خیر	من الف	شہر	تنزل	الملائکۃ	والروح	فیہا	باذن	ربہم	من کل	امر	سلام	ہی	حتی
خیر	من الف	شہر	تنزل	الملائکۃ	والروح	فیہا	باذن	ربہم	من کل	امر	سلام	ہی	حتی	مطلع
من الف	شہر	تنزل	الملائکۃ	والروح	فیہا	باذن	ربہم	من کل	امر	سلام	ہی	حتی	مطلع	الفجر

اسناد تکسیر سورۂ اذا جاء نصر اللہ والفتح یہ نقش معظم واسطے فتحمندی اور ظہور کی علاء کے مؤثر ہے منقول ہے علمائے دین اور خلفائے راشدین ائمہ معصومین سلام اللہ علیہم اجمعین سے کہ جو کوئی سورۂ اذا جاء نصر اللہ کو مکسر کرکے نقش مربع دہ در دہ میں لکھے اور اپنے پاس رکھے یا ہر روز ایک مرتبہ اس نقش معظم کو دیکھے برکت اس نقش کے روشنی آنکھ کی زیادہ ہوگی اور عارض چشم کو دفع کریگی اور نار جہنم اسپر حرام ہوگی اور نظر میں بادشاہوں اور بزرگوں کے محترم ہوگا اور جس کام کو کریگا تمام کو پہونچیگا اور جو کوئی اسکو دیکھے شفقت اور مہربانی سے پیش آویگا اور جس شخص کے پاس جاویگا احتیاج اسکی رفع ہوگی لڑائی میں دشمن پر فتحیاب ہوگا نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اذا	جاء	نصر	اللہ	والفتح	ورأیت	الناس	یدخلون	فی	دین
جاء	نصر	اللہ	والفتح	ورأیت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ
نصر	اللہ	والفتح	ورأیت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا
اللہ	والفتح	ورأیت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح
والفتح	ورأیت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد
ورأیت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک
الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ
یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ
فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ	کان
دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ	کان	توابا

منقول ہے کہ جو کوئی سورۂ کوثر کو تکسیر کرکے مربع ہفت در ہفت میں لکھے اور اپنے پاس رکھے یا ہر روز اسکو ایک مرتبہ دیکھے پروردگار عالم اسکو قیامت کے دن ایک جام کوثر عطا

بسم	الله	الرحمن	الرحیم	قل	یا ایها	الکافرون	لا	اعبد	ما	تعبدون	ولا	انتم	عابدون	ما
الله	الرحمن	الرحیم	قل	یا ایها	الکافرون	لا	اعبد	ما	تعبدون	ولا	انتم	عابدون	ما	اعبد
الرحمن	الرحیم	قل	یا ایها	الکافرون	لا	اعبد	ما	تعبدون	ولا	انتم	عابدون	ما	اعبد	ولا
الرحیم	قل	یا ایها	الکافرون	لا	اعبد	ما	تعبدون	ولا	انتم	عابدون	ما	اعبد	ولا	انا
قل	یا ایها	الکافرون	لا	اعبد	ما	تعبدون	ولا	انتم	عابدون	ما	اعبد	ولا	انا	عابد
یا ایها	الکافرون	لا	اعبد	ما	تعبدون	ولا	انتم	عابدون	ما	اعبد	ولا	انا	عابد	ما
الکافرون	لا	اعبد	ما	تعبدون	ولا	انتم	عابدون	ما	اعبد	ولا	انا	عابد	ما	عبدتم
لا	اعبد	ما	تعبدون	ولا	انتم	عابدون	ما	اعبد	ولا	انا	عابد	ما	عبدتم	ولا
اعبد	ما	تعبدون	ولا	انتم	عابدون	ما	اعبد	ولا	انا	عابد	ما	عبدتم	ولا	انتم
ما	تعبدون	ولا	انتم	عابدون	ما	اعبد	ولا	انا	عابد	ما	عبدتم	ولا	انتم	عابدون
تعبدون	ولا	انتم	عابدون	ما	اعبد	ولا	انا	عابد	ما	عبدتم	ولا	انتم	عابدون	ما
ولا	انتم	عابدون	ما	اعبد	ولا	انا	عابد	ما	عبدتم	ولا	انتم	عابدون	ما	اعبد
انتم	عابدون	ما	اعبد	ولا	انا	عابد	ما	عبدتم	ولا	انتم	عابدون	ما	اعبد	لکم
عابدون	ما	اعبد	ولا	انا	عابد	ما	عبدتم	ولا	انتم	عابدون	ما	اعبد	لکم	دینکم
ما	اعبد	ولا	انا	عابد	ما	عبدتم	ولا	انتم	عابدون	ما	اعبد	لکم	دینکم	ولی
اعبد	ولا	انا	عابد	ما	عبدتم	ولا	انتم	عابدون	ما	اعبد	لکم	دینکم	ولی	دین

دیگر منقول ہے بزرگان دین سے کہ جوکوئی سورۂ توحید کو تکسیر کرکے مربع ہشت در ہشت مین لکھے اور اپنے پاس رکھے یا ہر روز ایک مرتبہ اُسکو دیکھے تو ہمیشہ وسوسۂ شیطان

کریگا اور نظر خلایق مین پسندیدہ ہوگا اور روزی اُسکی زیادہ ہوگی پریشان ہوگا اور جس گھر مین یہ نقش معظم رہیگا
وہ گھر آب سے محفوظ رہینگے اور آفت آتش سے بھی حفاظت خدا مین رہین کے وہ نقش معظم یہ ہے

نقش سورۂ کوثر

وَنَحْنُ عَلٰی ذٰلِكَ مِنَ الشَّاهِدِيْنَ وَالشَّاكِرِيْنَ

بسم الله	الرحمن	الرحیم	انا	اعطیناک	الکوثر	فصل
الرحمن	الرحیم	انا	اعطیناک	الکوثر	فصل	لربک
الرحیم	انا	اعطیناک	الکوثر	فصل	لربک	وانحر
انا	اعطیناک	الکوثر	فصل	لربک	وانحر	ان
اعطیناک	الکوثر	فصل	لربک	وانحر	ان	شانئک
الکوثر	فصل	لربک	وانحر	ان	شانئک	ھو
فصل	لربک	وانحر	ان	شانئک	ھو	الابتر

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا

منقول ہے کہ جوکوئی سورۂ کافرون کو مربع پانزدہ و شانزدہ مین لکھکر اپنے پاس رکھے یا ہر روز اُسکو ایک مرتبہ دیکھے ثواب جہاد کا اُسکو حاصل ہوتا ہے اور وسوسۂ شیطان سے محفوظ رہتا ہے اور جو حاجت درگاہِ حق تعالیٰ سے طلب کرے وہ خداوند عالم قبول کریگا وہ نقش معظم یہ ہے

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

اور جمیع ملتون سے محفوظ رہے اور سحر وغیرہ اُسپر اثر نہ کریگا اور روشنی چشم اور
ترقی ایمان کی زیادہ ہوگی اور ثواب اُسکو ایک ختم
قرآن مجید کے برابر ملیگا وہ
نقش مبارکہ
ہے

يَا مَاجِدُ يَا وَاحِدُ يَا وَاحِدُ يَا اَحَدُ

قُلْ	هُوَ	اللّٰهُ	اَحَدٌ	اَللّٰهُ	الصَّمَدُ	لَمْ	يَلِدْ
هُوَ	اللّٰهُ	اَحَدٌ	اَللّٰهُ	الصَّمَدُ	لَمْ	يَلِدْ	وَلَمْ
اللّٰهُ	اَحَدٌ	اَللّٰهُ	الصَّمَدُ	لَمْ	يَلِدْ	وَلَمْ	يُوْلَدْ
اَحَدٌ	اَللّٰهُ	الصَّمَدُ	لَمْ	يَلِدْ	وَلَمْ	يُوْلَدْ	وَلَمْ
اَللّٰهُ	الصَّمَدُ	لَمْ	يَلِدْ	وَلَمْ	يُوْلَدْ	وَلَمْ	يَكُنْ
الصَّمَدُ	لَمْ	يَلِدْ	وَلَمْ	يُوْلَدْ	وَلَمْ	يَكُنْ	لَّهٗ
لَمْ	يَلِدْ	وَلَمْ	يُوْلَدْ	وَلَمْ	يَكُنْ	لَّهٗ	كُفُوًا
يَلِدْ	وَلَمْ	يُوْلَدْ	وَلَمْ	يَكُنْ	لَّهٗ	كُفُوًا	اَحَدٌ

دیگر منقول ہے کہ جو کوئی سورہ فلق کو مکسر کرکے مربع چہاردہ در چہاردہ مین لکھے اور
اپنے پاس رکھے تمام آفتون اور بلاؤن دنیا سے حفاظت پروردگار عالم مین رہیگا اور اگر
چاند دیکھکر اس نقش مکرم کو دیکھے تو وہ تمام مہینا بخوشی و خورمی گذریگا اور آگ اور مرگ
مفاجات اور طاعون سے محفوظ رہیگا اور لڑائی مین فتحیاب ہوگا اور گزند دیو و پری
سے محفوظ رہیگا واللہ اعلم بالصواب ۔ نقش مبارک یہ ہے ۔

بِالصَّوَابِ وَحُسْنِ مَآبٍ

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ	قُلْ	اَعُوْذُ	بِرَبِّ	الْفَلَقِ	مِنْ	شَرِّ	مَا	خَلَقَ	وَمِنْ	شَرِّ
اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ	قُلْ	اَعُوْذُ	بِرَبِّ	الْفَلَقِ	مِنْ	شَرِّ	مَا	خَلَقَ	وَمِنْ	شَرِّ	غَاسِقٍ
الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ	قُلْ	اَعُوْذُ	بِرَبِّ	الْفَلَقِ	مِنْ	شَرِّ	مَا	خَلَقَ	وَمِنْ	شَرِّ	غَاسِقٍ	اِذَا
الرَّحِيْمِ	قُلْ	اَعُوْذُ	بِرَبِّ	الْفَلَقِ	مِنْ	شَرِّ	مَا	خَلَقَ	وَمِنْ	شَرِّ	غَاسِقٍ	اِذَا	وَقَبَ
قُلْ	اَعُوْذُ	بِرَبِّ	الْفَلَقِ	مِنْ	شَرِّ	مَا	خَلَقَ	وَمِنْ	شَرِّ	غَاسِقٍ	اِذَا	وَقَبَ	وَمِنْ
اَعُوْذُ	بِرَبِّ	الْفَلَقِ	مِنْ	شَرِّ	مَا	خَلَقَ	وَمِنْ	شَرِّ	غَاسِقٍ	اِذَا	وَقَبَ	وَمِنْ	شَرِّ
بِرَبِّ	الْفَلَقِ	مِنْ	شَرِّ	مَا	خَلَقَ	وَمِنْ	شَرِّ	غَاسِقٍ	اِذَا	وَقَبَ	وَمِنْ	شَرِّ	النَّفّٰثٰتِ
الْفَلَقِ	مِنْ	شَرِّ	مَا	خَلَقَ	وَمِنْ	شَرِّ	غَاسِقٍ	اِذَا	وَقَبَ	وَمِنْ	شَرِّ	النَّفّٰثٰتِ	فِي
مِنْ	شَرِّ	مَا	خَلَقَ	وَمِنْ	شَرِّ	غَاسِقٍ	اِذَا	وَقَبَ	وَمِنْ	شَرِّ	النَّفّٰثٰتِ	فِي	الْعُقَدِ
شَرِّ	مَا	خَلَقَ	وَمِنْ	شَرِّ	غَاسِقٍ	اِذَا	وَقَبَ	وَمِنْ	شَرِّ	النَّفّٰثٰتِ	فِي	الْعُقَدِ	وَمِنْ
مَا	خَلَقَ	وَمِنْ	شَرِّ	غَاسِقٍ	اِذَا	وَقَبَ	وَمِنْ	شَرِّ	النَّفّٰثٰتِ	فِي	الْعُقَدِ	وَمِنْ	شَرِّ
خَلَقَ	وَمِنْ	شَرِّ	غَاسِقٍ	اِذَا	وَقَبَ	وَمِنْ	شَرِّ	النَّفّٰثٰتِ	فِي	الْعُقَدِ	وَمِنْ	شَرِّ	حَاسِدٍ
وَمِنْ	شَرِّ	غَاسِقٍ	اِذَا	وَقَبَ	وَمِنْ	شَرِّ	النَّفّٰثٰتِ	فِي	الْعُقَدِ	وَمِنْ	شَرِّ	حَاسِدٍ	اِذَا
شَرِّ	غَاسِقٍ	اِذَا	وَقَبَ	وَمِنْ	شَرِّ	النَّفّٰثٰتِ	فِي	الْعُقَدِ	وَمِنْ	شَرِّ	حَاسِدٍ	اِذَا	حَسَدَ

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ

دیگر منقول ہے کہ جو کوئی سورہ مبارکہ قل اعوذ برب الناس کو مکسر کرکے مربع دوازدہ در دوازدہ
کے لاوے اور لکھکر اپنے پاس رکھے یا ہر روز ایک مرتبہ اُسکو دیکھے حق سبحانہ تعالیٰ اُس شخص کو شر
شیطان اور چور اور ڈاکو اور بادشاہ اور دشمنون اور جانوران درندہ و گزندہ وغیرہ سے محفوظ
رکھتا ہے اور آگ دوزخ کو اوپر اُسکے حرام کرتا ہے ۔ وہ نقش معظم مربع یہ ہے

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

يَا مَاجِدُ   يَا اَحَدُ   يَا صَمَدُ

بسم الله	الرحمن	الرحيم	قل	اعوذ	برب	الناس	ملك	الناس	اله	الناس	من
الرحمن	الرحيم	قل	اعوذ	برب	الناس	ملك	الناس	اله	الناس	من	شر
الرحيم	قل	اعوذ	برب	الناس	ملك	الناس	اله	الناس	من	شر	الوسواس
قل	اعوذ	برب	الناس	ملك	الناس	اله	الناس	من	شر	الوسواس	الخناس
اعوذ	برب	الناس	ملك	الناس	اله	الناس	من	شر	الوسواس	الخناس	الذي
برب	الناس	ملك	الناس	اله	الناس	من	شر	الوسواس	الخناس	الذي	يوسوس
الناس	ملك	الناس	اله	الناس	من	شر	الوسواس	الخناس	الذي	يوسوس	في
ملك	الناس	اله	الناس	من	شر	الوسواس	الخناس	الذي	يوسوس	في	صدور
الناس	اله	الناس	من	شر	الوسواس	الخناس	الذي	يوسوس	في	صدور	الناس
اله	الناس	من	شر	الوسواس	الخناس	الذي	يوسوس	في	صدور	الناس	من
الناس	من	شر	الوسواس	الخناس	الذي	يوسوس	في	صدور	الناس	من	الجنة
من	شر	الوسواس	الخناس	الذي	يوسوس	في	صدور	الناس	من	الجنة	والناس

[illegible]

دیگر منقول ہے بزرگان دین اور علمائے اہل یقین سے کہ جو کوئی اس ناد علی کو تکسیر کر کے مربع ہشت در ہشت میں لکھے یا اپنے پاس رکھے یا ہر روز اُسکو دیکھے بہ برکت اس نقش معظم کے تمام آفتون ارضی وسماوی سے محفوظ رہیگا اور لڑائی میں فتح ونصرت رہیگا بہ نظر خلایق میں عزیز ہوگا اور جو کوئی کہ طرف اُسکی نظر کریگا خرم رہیگا اور وہ جو دعا طلب کریگا قبول ہوگی اور جادو وغیرہ اُسپر اثر نہ کریگا۔ وہ نقش مبارک یہ ہے

[illegible]

ناد	عليا	مظهر	العجائب	تجده	عونا لك في	النوائب	كل هم
عليا	مظهر	العجائب	تجده	عونا لك في	النوائب	كل هم	وغم
مظهر	العجائب	تجده	عونا لك في	النوائب	كل هم	وغم	سينجلي
العجائب	تجده	عونا لك في	النوائب	كل هم	وغم	سينجلي	بنبوتك
تجده	عونا لك في	النوائب	كل هم	وغم	سينجلي	بنبوتك	يا محمد
عونا لك في	النوائب	كل هم	وغم	سينجلي	بنبوتك	يا محمد	بولايتك
النوائب	كل هم	وغم	سينجلي	بنبوتك	يا محمد	بولايتك	يا علي
كل هم	وغم	سينجلي	بنبوتك	يا محمد	بولايتك	يا علي	يا علي

یہ نقش امداد ناد علی کا ہے واسطے دافع جمیع آفات وبلیات سے بازو یا گردن میں باندھے یہ نقش کتاب معتبر سے نہیں ملا مگر صاحبان تجربہ کہتے ہیں کہ یہ نقش مبارک نہایت مفید ومجرب ہے۔

۱۱۲۱	۱۱۳۵	۱۱۳۳	۱۱۲۸
۱۱۳۲	۱۱۲۷	۱۱۲۲	۱۱۳۴
۱۱۲۶	۱۱۳۰	۱۱۳۷	۱۱۲۳
۱۱۳۶	۱۱۲۴	۱۱۲۵	۱۱۳۱

اب ایک عمل خاتمہ پر اس مقصد کے دو اسمائے مقدس آلہی کہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ہے لکھا جاتا ہی چاہیے کہ عمل اور معمول کو سفہائے قوم سے نگاہ رکھیں اور جو لوگ اہلیت اور استحقاق نہ رکھتے ہوں اُنسے مخفی رکھیں صاحب حرز الامان اپنے رسالہ میں دو اسم مبارک کے خواص اور فضائل بہت کچھ لکھتے ہیں اُنہیں سے کسیقدر استخراج کرکے درج رسالہ ہذا کئے جاتے ہیں۔ یہ دو اسم شریف حیات قلب اور صفائی باطن کے واسطے اثر عظیم رکھتے ہیں اور اسم اعظم آلہی انہیں دو اسم شریف سے ہے جو شخص کہ چالیس روز تک اور بتکرار ان دونوں ناموں کے مداومت کرے اس طریق سے کہ ہر صبح درمیان نماز سنت وفریضہ کے چالیس بار پڑھے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا مَنْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ دل قاری کو ایسی حیات حاصل ہو کہ ہرگز دل اُسکا مردہ نہ ہو اور بحوالہ کتاب در اعظیم کے بسند کتاب شمس المعارف کے لکھتے ہیں کہ جو شخص بروز سہ شنبہ وچہار شنبہ وپنجشنبہ روزہ رکھے اور جب صبح جمعہ آوے تو نماز اول وقت ادا کرے اور بعد سلام سے کسی شغل یا ورد یا کام میں قولاً یا فعلاً مشغول نہ ہو اور ذکر یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ کا متصل کہے تاوقتیکہ آفتاب طلوع کرے بے اسکے کہ درمیان میں ساکت ہو یا مکث کرے یہی ذکر پڑھتا رہے اور چاہیئے کہ دوات وقلم وکاغذ وسامان بخور وخوشبو پہلے سے مہیا رکھے جس وقت کہ آفتاب طلوع کرے فوراً عقب ذکر کے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اُس کاغذ پر لکھے کہ بخور لائق کے ساتھ اسکو خوشبو کیا ہو اور لپیٹ کر اپنے پاس نگاہ رکھے برکت اور جمعیت اور وسعت رزق اور اقبال وخیرات سے ایسا عجائب مشاہدہ کریگا کہ لوگ اُسکے دیکھنے سے تعجب وشگفت میں آوینگے اور نیز بحوالہ شمس المعارف کے لکھتے ہیں کہ ان دو اسم شریف کے واسطے ایک لوح شش در شش کی ہے

کہ اگر کاتب اور قاری اُن دونا موں کا حامل اُس لوح معظم کا ہو تو عمل اُس کا اتم اور اکمل اور نتیجہ بر وجہ احسن و اسیر میسر ہو اور اس نقش مربع کے رکھنے میں بھی خواص عجیب و بسیار لکھے ہیں مثل رفع قساوت قلب و رفع احتیاج باسمائے حبس و خلاصی فقر و فاقہ سے وہ لوح معظم و محترم یہ ہیں

ح	ی	ق	ی	و	م
و	ی	ح	م	ق	ی
ق	م	ی	و	ح	ی
م	و	ی	ق	ی	ح
ی	ح	و	ی	م	ق
ی	ق	م	ح	ی	و

۸	۱۰	۱۰۰	۱۰	۶	۳۰
۶	۱۰	۸	۴۰	۱۰۰	۲
۱۰۰	۴۰	۱۰	۶	۸	۱۰
۴۰	۶۶	۱۰	۱۰۰	۱۰	۸
۱۰	۸	۶۰	۱۰	۴۰	۱۰۰
۱۰	۱۰۰	۴۰	۸	۱۰	۲

اما حصہ سوم یعنی صورتین مہر نبوت کی اور نقوش نعلین مبارک جناب رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ واسطے زیارت و مشاہدہ مومنین و مومنات بنا بر حصول برکت و حسنات و ثواب آخرت۔ صاحب رسالہ نور العیون لکھتے ہیں کہ حضرت علی بن ابیطالب علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو کوئی مہر نبوت رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھے بعد نماز صبح کے تو ثواب پچاس حج حضرت آدم علیہ السلام کا پاوے اور اگر بعد نماز ظہر کے دیکھے تو دو سو حج حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ثواب پاوے اور اگر بعد نماز عصر کے دیکھے پانچسو حج مثل حج حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ثواب پاوے اور اگر بعد نماز مغرب کے دیکھے تو سات سو حج حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ثواب حاصل کرے اور اگر بعد نماز عشا کے دیکھے تو اسقدر ثواب پاوے کہ گویا اسنے ہزار حج مثل حج حضرت رسول مقبول کے ادا کیے ہوں اور ہزار بندے آزاد کیے اور ہزار بھوکوں کو سیر کیا ہو واللہ اعلم بالصواب الیہ المرجع والمآب۔ چونکہ کتب میں صورتین مہر نبوت کی بنقوش مختلف نظر سے گزری ہیں لہذا سب نقوش مہر نبوت کے موافق تحریر اہل کتاب کے اس رسالہ میں لکھی جاتی ہیں چنانچہ نقش اول مہر نبوت کا اس شکل سے دیکھا گیا ہے ⁂

صورت — بسم اللہ الرحمن الرحیم — مہر نبوت

لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ علی ولی اللہ

اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم لا تاخذہ سنة ولا نوم لہ ما فی السموات وما فی الارض من ذا الذی

یشفع عندہ الا باذنہ یعلم ما بین ایدیھم وما خلفھم

ولا یحیطون بشیء من علمہ الا بما شاء وسع کرسیہ السموات والارض ولا یؤدہ حفظھما وھو العلی العظیم

بعض نسخوں میں نقش مہر نبوت کا باین شکل نظر سے گزرا ہے



دیگر یہ بھی ایک شکل مہر نبوت کی کتب اخبار میں منقول ہے

اور یہ شکل مہر نبوت کی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نظر سے گزری ہے۔



ایضاً صورت مہر نبوت



ایضاً صورت مہر نبوت

قل اللھم مالک الملک تؤتی الملک من تشاء وتنزع الملک ممن تشاء وتعز من تشاء وتذل من تشاء بیدک الخیر انک علی کل شیء قدیر ○ تولج الیل فی النھار وتولج النھار فی الیل وتخرج الحی من المیت وتخرج المیت من الحی وترزق من تشاء بغیر حساب ○

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اذا جاء نصر اللہ والفتح ورأیت الناس یدخلون فی دین اللہ افواجا

انا فتحنا لک فتحا مبینا

ھم ھم ھم ھم ھم



بسم اللہ الرحمن الرحیم

حطم ۵۱۱ وعسی

حطم ۵۱۱ وعسی

بعض نسخوں میں شکل مہر نبوت کی اس طرح پر لکھی ہے وہ یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم لہ ما فی السموات وما فی الارض من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ یعلم ما بین ایدیھم وما خلفھم ولا یحیطون بشیء من علمہ الا بما شاء وسع کرسیہ السموات والارض ولا یؤدہ حفظھما وھو العلی العظیم

الاھ الاھ الاھ الاھ الاھ الاھ الاھ الاھ الاھ الاھ الاھ الاھ

۸۲ لا ۹۴ ۲۳ لا ۹۷ ۲۶۳ ۹۹

۳۹ ۲۳ ۵۵۵ لا ۸۷ لا ۱۰

۳۹ ۸۲ لا ۸ ۵۵ لا ۸۰ ۷۳۹

۵۴۳۹ لا ۸۲۴۳۹ ۱۱۱۱ ۸۷

لا لا لا لا لا لا لا لا لا لا

ایضاً نقش مہر نبوت

قل اللھم مالک الملک تؤتی الملک من تشاء وتنزع الملک ممن تشاء وتعز من تشاء وتذل من تشاء بیدک الخیر انک علی کل شیءٍ قدیر ○ تولج اللیل فی النہار وتولج النہار فی اللیل وتخرج الحی من المیت وتخرج المیت من الحی وترزق من تشاء بغیر حساب

یہ شکل مبارک مشہور ہے ساتھ شانوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور اسکے دیکھنے میں فواید بسیار اور خواص بیشمار لکھے ہیں اور وہ نقش مبارک یہ ہے +





عماطح سعهلح سعهلع عملطح عمهطلع ابح صعهطع

نادِ علیاً مظهر العجائب تجده عوناً لك في النوائب

کل همٍ و غمٍ سینجلی بولایتك یا علی یا علی یا علی

منقول ہے کہ جو کوئی اس شکل مبارک کو دیکھے کہ یہ مشابہ ہے نعلین شریف جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ سے تو گویا اُسنے ہزار بندے راہ خدا مین آزاد کئے اور ہزار دینار تصدق کیا اور ہزار حج بجالایا یعنی جسقدر کہ ان تینون عملون کا ثواب ہے اُسی قدر دیکھنے والے ان نقوش مقدس کے نامۂ اعمال مین ثبت ہوگا۔ وہ نقوش معظم یہ ہیں ؛



دیگر نقش مہر نبوت صاحب رسالہ حرز الامان لکھتے ہین کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا کہ جو شخص بعد نماز صبح کے اس مہر مبارک کو دیکھے تو اُسکو پچاس حج کا ثواب عطا ہوگا اور جو کہ بعد نماز ظہر کے دیکھے گویا اُسنے تین سو حج ادا کئے ہون آور جو بعد نماز عصر کے دیکھے تو چار سو حج کا ثواب پاوے اور جو شخص بعد نماز مغرب کے دیکھے تو ایسا ہی کہ گویا اُسنے چھ سو حج ادا کئے اور جو بعد نماز عشا کے اس مہر مقدس کو ملاحظہ کرے تو سو ہزار حج کا ثواب اُسکو ملیگا اور جو شخص اسمین شک لاوے وہ کافر ہے اور جو کوئی اِس مہر خاتم کو ساتھ اپنے رکھے جمیع بلیات وآفات سے بےخوف ہو اور حضرت مرتضی علیہ السلام ہمیشہ مہر خاتم رسول خدا کو اپنے پاس رکھتے تھے چنانچہ بہ برکت اس مہر مبارک کے لڑائیون مین دشمن پر فتح پاتے تھے اور اِس مہر مقدس کی خاصیت یہی ہے کہ جو کوئی اس مہر نبوت کا ہر طرح کی بلاؤن سے امین ہوگا برکت اِس مہر خاتم کے وہ نقش مبارک یہ ہے

یا رحیم یا رحیم یا رحیم

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

یَا رَحِیْمُ یَا رَحِیْمُ

یَا اَللّٰہُ ۶۶۶م یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

ع	۵	ع	عو
۲	۳	موعے	۴
۲	۳	۳۹	۸
۸	۷	کو	حں

دیگر کتاب مذکور مین مسطور ہے کہ بروے اخبار مہر نبوت درمیان دو کتف رسول مختار صلی اللہ علیہ وآلہ کے تھی اور ماہ و خورشید سے زیادہ تر روشن تھی اور اُس مہر مبارک ہی کی روشنی کا باعث تھا کہ

کہ سایہ قامت باکرامت کا شب ماہ یا دھوپ مین زمین پر نہ پڑتا تھا جو شخص کہ ہر روز اس نقش مہرِ نبوت پر نظر کرے گویا اُسنے جمال باکمال حضرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ پر نظر کی ہوگی اور پاس رکھنے والا اس مہرِ نبوت کا اس دنیا سے باہر نجائیگا جب تک کہ جگہ اپنی بہشت مین نہ دیکھیگا اور دارندہ اس نقش کا آنحضرت صلعم کو خواب مین دیکھیگا اور جو شخص پیغمبر خدا کو خواب مین دیکھے گناہون سے پاک ہوگا اور آنحضرت صلعم نے اپنی امت کو وصیت فرمائی ہے کہ اس مُہر کو آپس مین پہونچادین اور مسلمانون سے باز نہ رکھین اور فاسق کو بھی سکھادین اور جو شخص اس مہرِ نبوت کو عزیز رکھے اور ساتھ اپنے نگاہ رکھے یہ نقش مقدس اُسکو نظر مین بادشاہون اور سلاطین کے عزیز و محترم رکھیگا اور رکھنے والا اس مہرِ نبوت کا جملہ خوف و خطر اور جمیع بلیات سے امین ہوگا اور زبان خلائق اُسپر بستہ ہوگی اور سحر و جادو اُسپر کارگر نہوگا اور اگر مونھہ اپنا طرف قبلہ کے کر کے اس نقش مقدس کو درمیان دو کتف اپنے کے باندھے اور کسی لڑائی مین آوے اگر سو ہزار آدمی اُسکے دشمن ہونگے بہ برکت اس مہرِ نبوت کے وہ سلامت رہیگا اور اگر بادشاہ کسیکے واسطے حکم قتل کا دے پس اس نقش مبارک کو لکھے اور اپنے بازو پر باندھے اور سامنے اُس بادشاہ کے جاوے تو غضب بادشاہ کا مبدل بلطف و شفقت کے ہوگا اور سر قتل اُسکے سے گزر یگا۔ وہ نقش مبارک یہ ہے



اور ایک نقش مہرِ نبوت کتاب ضیاء العیون مطبوعۂ طہران سے استخراج ہوا ہے اُسکی اسناد مین جناب امیر المومنین سے وارد ہے کہ جو کوئی مہرِ نبوت کو دیکھے بعد نماز صبح کے تو گویا اُسنے پچاس حج ساتھ حضرت آدم علیہ السلام کے

ادا کئے اور اگر بعد نماز ظہر کے نگاہ کرے تو گویا ستر حج مانند حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بجالایا اور جو کوئی بعد نماز عصر کے دیکھے تو گویا تین سو حج مانند حضرت یونس کے ادا کئے اور بعد نماز مغرب کے سات سو حج مثل حضرت موسیٰ کے بجالایا ہو اور بعد عشاء کے ہزار حج مانند حضرت عیسیٰ کے بجالایا ہو اور مرگِ مفاجات اور تنگی قبر سے بچیگا وہ نقش معظم یہ ہے

اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ ۝ اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمٰانَ وَاِنَّہٗ

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰهِ

بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ اِلَّا بِمَا شَآءَ

دیگر ایک نقش معظم ہے اسکی اسناد مین بحوالہ کتاب السنون مین شیخ ابو عبداللہ الجانی نے نقل کیا ہے کہ جو کوئی ہر روز ستر مرتبہ طرف اس شکل کے نگاہ کرے اور وقت دیکھنے کے آیۃ الکرسی ایک مرتبہ پڑھے خداوند عالم اُسکو نظر خلائق مین معزز و مکرم کرتا ہے اور اگر کوئی اس شکل کو لکھکر اپنے پاس رکھے خدا تعالیٰ اُسکو شر ظالمون اور دشمنون اور بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے وہ یہ ہے۔

اما حصۂ چہارم مین صفات وخواص حروف تہجی وترکیب حروف وخواص حروف مقطعات قرآنی وطلسمے چند بنابر رفع شداید وحصول فوائد عالمان علم حروف نے صفات وخواص حروف کے الف سے یائے تحتانی تک جداگانہ تحریر کئے ہین اور تاثیر وطبائع حروف کو مفصل لکھا ہے چنانچہ بعض ان حروف سے بالطبع بارد وبعض حار وبعض یابس وبعض مرطوب اور بعض مرکب القوی ہین اور جسم وروح رکھتے ہین چنانچہ باعتبار جسم کے تو الف یا جیم دال وغیرہ اور باعتبار روح کے اعداد انکے ہین پس یہ اٹھائیس ۲۸ حرف علم آلہی و اسرار نامتناہی سے مملو ومُہ ہین علم جفر مشتمل بحقائق وخواص ان حروف کے مخصوص بحضرات ائمۂ اطہار علیہم الصلوۃ والسلام کے ہے چنانچہ جفر وجامع کہ کتاب شریف ہین اس فن میں ما قبح انکے جناب امیر علیہ السلام ہین اور فضل وصفات ان حروف کا برکات مین یہی امر ہے کہ قرآن مجید ان حرفون مین نازل ہوا اور اسمائے مقدس آلہی اور اسکو برگزیدگان انبیا واوصیا وملائکہ اور نام جنیان وانسان انہین حروف سے مرکب ہوئے اور جمیع امور دنیوی و اخروی وعلوم دینی ودنیوی نطقاً وفعلاً مین یہی حروف مستعمل ہین پس سوائے نقل برے عقل

یہی ثابت ہوتا ہے کہ فوائد ونتائج حروف کے بروزگار عمل کنندگان باحسن وجوہ عائد ہونگے مگر بشرط رعایت آداب وشرائط کہ جو واسطے عامل کے معین ہین اور کچھ انمین سے بنظر ایجاز واختصار خاتمہ کتاب مین درج کئے گئے ہین پس اگر ہر ایک حروف کی صفت وخواص کو الف سے یا تک جداگانہ شرح دیجاوے تو ایک مجلد کتاب تیار ہو لہذا حسب مناسبت مقام جو فوائد و خواص ضروری ہین بنابر فیض عام درج کئے جاتے ہین اول خواص حروف نواطق وصوامت جاننا چاہئے کہ حاملان علم حروف نے ان حروف تہجی کو دو قسم پر منقسم کیا ہے اول تو نواطق دویم صوامت - نواطق وہ ہین جو کہ منقوطہ ہین اور وہ پندرہ حروف ہین ب ت ث ج خ ذ ز ش ض ظ غ ف ق ن ی پس ان پندرہ حروف سے پانچ اسم مرکب ہوتے ہین بتث جخذ زشض ظغف قنی صاحب در مکنون لکھتے ہین کہ جو شخص ان نامون کو بروز یکشنبہ وقت طلوع آفتاب مشک وزعفران وگلاب سے لکھے اور زیر بالین نائم کے رکھدے اور اپنی زبان پر یہ کلمات بالحاح بنیابایث جاری کرے یا مکلم یا مکلم یا معجل یا مسخر یا متحیر یالد یالابہ یالا بہ حابہ وما بہ ویاہا بہ ویاہابہ کلمہ پس وہ نائم خواب مین کلام کرنا شروع کریگا اور راز فی الضمیر اپنا بالتمام ظاہر کریگا اور وہ اس حالت مین محض بیخبر ہوگا کہ مین کیا کہتا ہون - اما حروف صوامت وہ تیرہ حروف ہین اور اگر لام الف کو بھی بقول بعض علماء کے شامل کیا جاوے تو چودہ حرف ہین اور وہ مہملہ بےنقطہ کے ہین یہ ہین اح د ر س ص ط ع ل م و ہ لا اور ان حروف سے چار اسم مرکب ہین احد رسص طعکل مو ہلا صاحب کتاب مذکور لکھتے ہین کہ جو شخص ان نامون کو بتاریخ انتیسوین ۲۹ ماہ کے یا وقت چاندگرہن یا سورج گرہن کے جست سیاہ کی لوح پر کتابت کرے اور اسکو نگین انگشتر کے نیچے دبا کر پہنا

کرائے اور اپنے پاس نگاہ رکھے تو زبان بندی کے واسطے بہت نافع ہے جسقدر حاسد اور غماز اور مفسد اور بدگو اسکے ہونگے یا غیر حاضری مین اسکی بدی کرین یا کوئی تہمت اُسے لگا دین یا اہانت اسکو پہونچا دین جب تک وہ خاتم اُسکے پاس ہوگی حال اسی منوال پر رہیگا **عمل دیگر** علمائے اس فن نے حروف تہجی کو پھر دو قسم کیا ہے اول مفاصلات دویم مواصلات اما قسم اول مفاصلات کے چھ حرف ہین **ا د ذ ر ز و** اور انکو حروف خواتیم بھی کہتے ہین ۔ صاحب کتاب دُرِ مکنون لکھتے ہین کہ جو شخص حروف خواتیم کو بتاریخ چودہ ماہ اپنی گھر کی دیوار پر رقم کرے یا کاغذ پر لکھکر گھر مین محفوظ کرے وہ گھر چور اور جلنے سے بے خطر رہیگا اور اگر چوب کشتی پر ان حروف کو نقش کرے اہلِ کشتی غرق سے سالم رہیں گے اور اگر ان حروف کو بشرائطِ معینہ کتابت کرے اور درمیان اپنے رخت یا مال تجارت کے رکھے مزاحمت قطاع الطریق وغیرہ سے محفوظ رہیگا اور اگر کیسہ و صندوق یا دفینہ یا خزینہ پر رقم کرین تو محفوظ اور مضبوط رہیگا - اور اگر خاتم ذہب و فضہ پر نقش کرے صاحب خاتم جمیع امراض و اعراض سے سالم رہیگا باقی بائیس حروف مواصلات کے خواص مناسب ذکر اس مقام کے نہ تھی لہذا واگذاشت کیئے گئے **عمل دیگر** صاحب درمکنون نے اپنی کتاب مین ایک شکل مربع وضع کر کے نام اُسکا متساوی الارکان رکھا ہے اور ان حروف کو منازل قمر پر قسمت کیا ہے اور ایک ایک رکن مین سات منزلین اور سات حرف کہ وہ منسوب اور مخصوص اُس منزل قمر کے ساتھ مین لکھا ہے



اور واسطے حروف ہر رکن کے اِس ارکان اربع کر خواص و فوائد بیان کئے ہین اور وہ مربع متساوی الارکان کا اُسمین ذکر منازل قمر کا نہین لکھا یہ ہے۔

ترکیب حروف رکن اول کی یہ ہے **ا ع ھ ط ح ف ش** خواص مین اس شکل کے فرمایا ہے کہ جو شخص اس شکل کو چوب خشک پر لکھے اور کسی جگہ کا نام لیکر اس چوب کو آگ پر رکھے تو خود بخود اُس موضع مین آگ لگجا دیگی اور اگر بنام کسی بادشاہ کی اس شکل کو بشرائط معینہ جو واسطے تحریر اعمال کے معین ہین لکھے وہ بادشاہ مطیع و فرمانبردار اُسکا ہو اور خواص حروف رکن دوم یہ ہے **ق ی ض غ ظ ک ص** فرماتے ہین کہ جو شخص آب ریحان کے ساتھ کاغذ سفید پر اس شکل کو بنام کسی غائب کے لکھے اور غائب کی ماں کا نام زبان سے کہے یا ذیل حروف مین لکھدے بعون اللہ تعالیٰ اُس غائب کی صحیح خبر ملیگی اور کسی نہ کسی وجہ سے احوال غائب پر مطلع ہوگا اور جو شخص کہ حروف رکن سویم کو کہ ترکیب اُسکی یہ ہے **س ل ق ت ن و خ** پوست برق کے اوپر شیر گوسفند کے ساتھ لکھے اور موم مین پیچیدہ کر کے جال مین باندھ دے حیوانات دریائی ماہی وغیرہ اس جال مین بکثرت گرفتار ہونگے اور اگر پانی کے اندر کوئی موقع ہو اور خانہ بنایا جاوے اور اس شکل کو لکھکر اُس خانہ مین رکھا جاوے اور چار دیوار خانہ پر بھی اندر اور باہر یہ حروف رقم کئے جاوین تو حیوانات صحرائی مثل آہو وغیرہ گرد اُس خانہ کے بکثرت جمع ہونگے اور اژدحام کرینگے اور جسقدر حیوانات کو اُس موقع سے ہٹایا جاویگا نہ ہٹین گے متفرق ہو کر پھر جمع ہو جاوین گے جب تک وہ رقم گھر مین ہوگی اُسوقت اُن حیوانات کو بآسانی پکڑ سکتے ہین اور جو کہ حروف رکن چہارم کو کہ ترکیب اُسکی یہ ہے **ج س م ج ث ن ذ** بہت پڑھے اور زبان پر جاری رکھے تو جذب رطوبات کرے جو کہ وقت خواب کے رطوبت دہن سے سیلان کرتی ہے اور بدن کو قوت دے اور تمام قوائے ظاہر و باطن کو تقویت بخشے **عمل دیگر** صاحب کتاب تعلیقہ کبریٰ نے استخراج حروف اور طبائع اُنکے بروئے علم جفر قائم کر کے ثلاث امتزاج ظاہر کئے ہین اور اس سبعہ ممتزجہ کے خواص اور منافع بیان فرمائے ہین چنانچہ **ا ب ت ث ج ح خ** یہ سات حروف آتشی

ابج د ذ ر ز ط ظ ك ئ یہ سات حرف بادی ہین اور ل م ن ص ض ع غ یہ سات حرف
آبی ہین اور ف ق س ش ہ و ی یہ سات حرف خاکی ہین طریق امتزاج کا یہ ہے کہ حروف
ہر عنصر سے ایک ایک حرف لیکر ایک جگہ لکھا جاوے مثلاً حروف آتشی سے الف اور حروف
بادی سے دال اور حروف آبی سے لام اور حروف خاکی سے ف یہ امتزاج اول ہے پس جو
شخص ادل کو جام زجاجی یا قدح چینی پر مشک و زعفران و گلاب سے نقش کرے اور ماء العسل سے دہو کر
پی جاوے واسطے زیادہ ہونے حرارت غریزی کے نافع ہوگا امتزاج دویم دوسرا حرف ہر عنصر سے لیکر لکھے یعنی
ب ذ م ق یہ واسطے ازالہ بلغم اور دفع رطوبت معدہ سے مفید ہے بدین نہج کہ ان حروف
کو لوح چوبی یاسمین یا مسی وغیرہ پر نقش کرے اور پیش سینہ آویزان کرے کہ محاذی فم معدہ
کے رہے یہ عاجل النفع ہے۔ امتزاج سویم ت ر ن س واسطے دفع ہونے ہوام و حشرات
کے نافع ہے اس طریق سے کہ ان حروف کو شاخ گوزن پر ثبت کرے اور اسکو آگ پر رکھکر
جلا دے ہر گزندہ کہ اُس حوالی مین ہو گا فرار کریگا مار و عقرب و زنبور حتی کہ پشہ و پسو اور کھٹمل
تک دفع ہو نگے۔ امتزاج چہارم ث ز ص ش واسطے محبت والفت اور قبول قلوب کے
نافع ہے اسطرح پر کہ ان حروف کو لوح نقرہ پر نقش کرے مگر طالع جوزا و قوت عطارد مین بشرطیکہ
قمر برج سنبلہ مین ہو اور یہ امر تقویم منجم سے معلوم ہو سکتا ہے ایسے وقت سعید مین لکھکر اپنے
پاس نگاہ رکھے یقیناً اپنے مقصود پر واصل ہوگا۔ امتزاج پنجم ج ط ص ھ واسطے دفع
اوجاع اور تسکین غموم کے نافع ہے بدین طریق کہ ان حروف کو کسی ظرف پاکیزہ پر بقلم فولاد
نقش کرے اور ہمیشہ اُس ظرف سے پانی و شربت پیتا رہے یا اُس ظرف میں طعام نوش
کیا کرے اگر مریض ہوگا صحت پاویگا اور جو صحیح ہوگا تو کبھی مریض نہ ہوگا اور کوئی درد و الم
اسکو نہ پہونچیگا۔ امتزاج ششم ح ظ ع و بنا بر طلب رزق و نیل خیرات و برکات اور واسطے

زراعت و تجارت کے نافع ہے اس طریق سے کہ ان حروف کو سونے یا چاندی کی تقطیع
پر لکھے مگر اسوقت کہ قمر برج دلو مین ہو اور دلو طالع ہو اور یہ وقت تقویم منجم سے بخوبی معلوم ہو سکتا
ہے پس لوح کو اپنے پاس نگاہ رکھے۔ جو فوائد کہ مذکور ہوے بالیقین مترتب ہو نگے۔ امتزاج ہفتم
خ ک غ ی واسطے دفع خوف و خشیت اور اطفائے غضب سلاطین و حاکم ظالم کے
نافع ہے اسطرح سے کہ ان حروف کو اپنی کف دست راست پر لکھے اور اگر دونوں کف دست
پر لکھے تو بہتر ہوگا اگر ساعت مشتری مین ہو تو اولیٰ ہے جب سامنے بادشاہ ظالم یا قہار یا
دشمن قوی کے آوے اور نظر اُس جبار کی اُسپر پڑے قہر و غضب اُسکا مبدل بلطف و رحمت کے
ہوگا اور حاجت اُسکی روا ہوگی اور بخیر و خوبی ساتھ انعام و اکرام کے آویگا عمل دیگر خواص
حروف متواخیہ۔ وجہ تسمیہ متواخیہ کی یہ ہے کہ وہ حروف باہمدگر مثل اخوان کے ہم شبیہ و
مماثل یکدیگر کے ہین اور محو و اثبات نقاط سے صورت اُنکی مبدل نہین ہوتی اور وہ اٹھارہ حرف
ہین ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ صاحب کتاب
در مکنون لکھتے ہین کہ جو شخص ان حرفون کو مشک و زعفران اور شیر زنان کے ساتھ صفحہ کاغذ
پر لکھے اور عورت اُس نوشتہ کو اپنے جامہ مین باندھے اور ہمیشہ اپنے پاس نگاہ رکھے خاصتاً
وقت مباشرت اپنے شوہر کے البتہ وہ عورت لڑکا جنے گی آور خواص ان حروف کا واسطے
محبت والفت اور اُخوت کے بغایت نافع ہے جبکہ شرائط و آداب کما ینبغی کے جو واسطے عامل
کے معین ہین قیام کیا جاے عمل دیگر خواص حروف الجان۔ صاحب کتاب مذکور لکھتے ہین
کہ وہ دس حروف ہین اور اُنکو حروف الجان اسلئے کہتے ہین کہ ان حرفون سے چار نام ترکیب
پاتے ہین اور وہ چار اسم پیشانی پر بعض جنون کے ثبت ہین اور وہ دس حرف بعد اسقاط مکررات
کے یہ ہین د ذ ص ض ف ق ک ل م و پس وقت ترکیب اسماء اربعہ کے دال اور لام

مکرر ہونگے اوردال تین بار ولام تین بار باقی یک یک اور وہ اسمائے اربعہ یہ ہین دلذل
صد ضدٗ ففٗ کلٗ موٗ پس جو شخص کہ اِن حروف اور نامون کو اپنے پاس نگاہ
رکھے مضرت جن اور علتِ صرع اور جنون اور خوف و رعب وامثال اُسکے سے محفوظ رہیگا
اور جو طفل کہ خواب مین ڈرتا ہو اور چونک پڑتا ہو یہ نام وحرف لکھکر اُس طفل پر باندھے جاوین
ترس وہراس اُسکا زائل ہوگا اور اگر کسیکے دل مین قلق واضطراب ہو پس ان نامون اور حرفون
کو پاس اپنے نگاہ رکھے وہ دغدغہ اور اضطراب اُس سے برطرف ہوگا اور طمانینت تمام پاوے
عمل دیگر خواص حروف خمسہ صاحب درمکنون لکھتے ہین کہ منجملہ اٹھائیس حروف کے پانچ
حرف اصول حروف عربیہ ہین اور وہ الف وجیم ورا ے ومیم ونون ہین اور ہر حرف سے
ایک ایک نام اسمائے حسنٰی باری تعالیٰ سے مرکب ہے الف سے اَللّٰہُ اور جیم سے جَمِیلُ اور
رائے سے رَحْمٰنُ میم سے مُؤْمِنُ نون سے نُوْرُ جب عامل قصد عمل کا کرے چاہیے کہ ان
اسمائے مقدس کو ساتھ اِن حرفون کے جمع کرے بدین صورت



پس جو شخص کہ اس شکل کو اوپر ورق آہو کے مشک وزعفران سے لکھے
اور اپنے پاس نگاہ رکھے تمام آفات اور عاہات سے حفظ وامان خدا تعالیٰ مین رہے اور جو کہ یہ
شکل کو خاتم عقیق پر نقش کرے اور ہمیشہ اپنی انگشت مین رکھے مگر جائے خلامین علیحدہ کرے سحر
اوپر اُسکے کارگر نہ ہوگا اور اگر کسی کو سحر کیا ہو اور اس خاتم کے ساتھ تختم کرے سحر باطل ہوگا اور بہت
خواص اس شکل مبارک کے مرقوم ہین بلحاظ طول اسیقدر پر اکتفا کیا مگر صاحب کتاب موصوف
نے ایک شکل دوسری لکھے ہے کہ وہ جامع حروف خمسہ اور اسمائے حسنٰی جو ان حرفون سے ہین
مشتمل ہے اور اُس نقش مین چودہ الف اور سات جیم اور تین رائے اور چھ نون اور دو میم اور
موافق انہین اعداد کے اسمائے حُسنٰی ہین اور وہ شکل معظم یہ ہے (دیکھو بر صفحۂ آئندہ)

فرمایا ہے کہ جو شخص اس صورت پر سورت کو مشک وزعفران و
شنجرف اور گلاب کے ساتھ روز یکشنبہ کو وقت طلوع آفتاب کے
لکھکر پاس اپنے نگاہ رکھے اطفائے غضب عامل ومعمول کے
واسطے نہایت نافع ہے جانبین سے صلاح وسداد پیدا ہوگا
اور کدورت اور نفاق درمیان سے اُٹھ جائیگا اور جو کوئی اس شکل معظم کو اپنے پاس رکھے
ابواب رزق وروزی کے اوپر اُسکے مفتوح ہونگے اور اسباب وسامان دنیوی اُسکے واسطے مہیا
ہوگا اور حامل اس شکل کا آفات ومخافات اور حوادث ونوازل سے خصوص مرگ مفاجات
سے سالم وامین رہیگا اور اگر کوئی شخص اس شکل معظم کو نگین ذہب پر شرف آفتاب مین نقش
کرے اثر اُسکا اعمال مذکورہ مین قوی ہوگا اعمال دیگر صاحب کتاب درالنظیم لکھتے ہین کہ
سات حرف ہین حروف تہجی سے کہ وہ سورۂ حمد مین نہین آئے اور وہ ث و ج وخ وذ
وش وظ وف ہین پس یہ حروف سبعہ ایک آیہ شریفہ کلام مجید مین جمع ہوے ہین
اور وہ آیہ مبارکہ سورۂ انعام مین ہے اور وہ یہ ہے وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا
لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ ۘ اَللّٰهُ اَعْلَمُ
حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ الی الاخر الاٰیۃ بمذہب اہل تحقیق کے اسم اعظم الٰہی اس آیہ
کریمہ مین ایک جگہ مکرر واقع ہوا ہے پس اِن حروف سبعہ کی صفات وخواص منجملہ اٹھائیس
حروف تہجی کے اس مقام پر پوشیدہ ہے پہلے جاننا چاہیئے کہ واسطے ہر حرف کے ان حروف
سبعہ سے ایک دن ایام ہفتہ سے اور ایک خادم ملک مؤکل روحانیان سے متعین ہے اور
واسطے ہر ایک حرف کے ایک ذکر اسمائے حسنٰی آلٰہی سے نامزد فرمایا ہے پس جب حامل عمل
کسی حرف کا حروف سبعہ سے شروع کرے تو اُس دن سے شروع کرے جو دن متعلق اُس

حرف سے ہے اور نام اُس مؤکل کا لے جو واسطے اُس حرف کے خادم ہے اور اُس سے
استمداد ڈھونڈے اور ستذکر اُس اسم آلہی کا بشرائط و آداب معینہ کے ہوتا کہ نتائج کلی واسطے عمل
عامل کے متفرع ہوں اور بعض شرائط و آداب آخر کتاب میں درج ہیں صاحب کتاب موصوف
لکھتے ہیں کہ ایام ہفتہ سے یوم پنجشنبہ تعلق بحرف ثا کے رکھتا ہے اور نام اُسکے مؤکل کا صرقیائیل
یا صرفیائیل ہے اور اسمائے حسنیٰ باریتعالیٰ سے ذکر اُسکا اَلثَّابِتُ ہے اکابر اس علم کے
خواص حرف ثا میں لکھتے ہیں کہ اگر پانسو اناسی ۵۷۹ بار اس حرف مفرد کو لوح صدف پر نقش کرے
اور سفر دریا میں اپنے پاس رکھے تو ٹوٹ جانے کشتی اور غرق وغیرہ سے امین رہے اور بسلامتی
ساحل پر پہونچے اور اگر کوئی موم سے لوح بنا دے اور اس حرف کو بعدد مذکورہ یا بعدد اپنے
نام اور اپنی ماں کے نام کے اُس لوح پر نقش کرے اور اپنی ملکیت کے چاہ یا دیگر آب زمین کہ پانی
اُن چشموں کا کم ہوا ہو اُس لوح کو ڈالے تو پانی اُس چشمہ کا ٹھیر جائیگا ببرکت اس حرف کے
فراوان ہوگا اور کبھی کم نہ ہوگا اور اگر اکیس بار اس حرف کو پوست جوز سہ پہلو پر کہ درست اور پر مغز
ہو نقش کرے اور جائے جماعت مفسدین و فاسقین ہیں اُس جوز سہ پہلو کو دفن کرے بہت
جلد وہ جماعت پریشان ہو جائے بجائے حیران و متفرق ہو اور اثر اُسکا نہ رہے اور کتاب سکا کی
میں مذکور ہے کہ اگر کوئی شخص ہر روز بعدد مذکورہ یعنی پانسو مرتبہ کہ مجمل عدد اُسکے ہیں اس حرف کو
او پر زبان کے جاری کرے واسطے احداث محبت کے نظیر اپنا نہیں رکھتا اور اگر یہیں عدد کاغذ پر
لکھے اور نیچے گہوارہ طفل کے رکھے تو خواب و بیداری میں وہ بچہ نہ ڈریگا اما خواص حرف
جیم اور یہ بھی ایک حرف حروف سبعہ سے ہے کہ آیہ اسم اعظم میں واقع ہے روز جمعہ ایام ہفتہ خواص جیم
سے تعلق بحرف جیم رکھتا ہے اور نام اُسکے مؤکل کا ادغبائیل ہے اور اسمائے حسنیٰ آلہی
سے ذکر اُسکا اَلْجَبَّارُ ہے محققان علم حروف نے اس حرف کے خواص میں لکھا ہے کہ اگر

اُسکو چوبیس بار او پر نبات مصری کے لکھیں اور صاحب درد قولنج کو کھلائیں بعون اللہ تعالیٰ
شفا پاوے اور اگر اعداد مفصل جیم کو کہ تریپن عدد ہوتے ہیں قدح چینی وغیرہ پر لکھیں اور
آب طاہر سے محو کر کے پیویں دفع ہر مرض کہ رکھتا ہو کریگا بعون اللہ تعالیٰ۔ اور بعض کتب
خواص مذکور ہے کہ اگر کسی نوداماد پر جادو کیا ہوا ور وہ ازالۂ بکارت عروس سے عاجز ہو
اس حرف کو ہزار بار او پر طشت نو و طاہر کے یا قلعی کئے ہوئے طاہر کے لکھے بصورت مفرد اور
آب شیرین کے ساتھ محو کر کے پیوے قوت مباشرت کی عود کریگی اور مراد حاصل ہوگی اور
سکاکی نے لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص حرف جیم کو نو ہزار ۹۰۰۰ مرتبے او پر زبان کے جاری کرے تو
اُسی شب میں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ کو خواب میں دیکھیگا۔ اما خواص حرف خاء خواص حرف خاء
یہ بھی آیۂ اسم اعظم میں جسکا ذکر او پر گزر داخل ہے روز یکشنبہ ایام ہفتہ سے تعلق بحرف خا کے
رکھتا ہے اور نام ملک خادم کا ودودقائیل ہے اور اسماء حسنیٰ آلہی سے ذکر اُسکا اگر شغل عامل
کا قہریات میں مثل دفع دشمن وغیرہ کے ہے تو اَلْخَافِضُ ہے اور اگر لطفیات سے مثل محبت دالفت
یا دیگر حوائج ہے تو اَلْخَالِقُ اور اَلْخَبِيْرُ ہے اور نزدیک بعضوں کے ذکر اُسکا وہی آیہ کریمہ
اسم اعظم کی ہے۔ یہ حرف واسطے ہبوط اور ذلت دشمن کے نہایت نافع ہے اور اس حرف کے
خواص میں لکھا ہے کہ اگر پارہ خشت پختہ آب نارسیدہ پر اس حرف کو نقش کریں اور گزرگاہ
اُس آب میں دفن کریں جو پانی باغ اور کھیتوں کو دیا جاتا ہے وہ موضع ببرکت اس عمل
کے جمیع آفات ارضی و سماوی سے امین رہیگا اور خیر و برکت اُس جگہ حاصل ہوگی۔ اور سکاکی
نے اپنی کتاب میں نقل کی ہے کہ جو کوئی چاہے کہ اپنے کسی غائب سے خبر پاوے چاہیئے کہ
اس حرف کو بعدد مجمل اُسکے کہ چھ سو عدد ہیں پڑھے اور اُس جانب کو پھونکے جس جانب میں
وہ غائب ہے بند دی خبر اُسکی پاویگا اور اگر نہیں جانتا کہ وہ کس جانب میں ہے تو یہیں عدد

اِس حرف کو لکھے اور اپنے زیرِ بالین رکھکر سو دے اُس غائب کو خواب مین دیکھے گا اور احوال اُسکا معلوم کریگا اور اگر اسم اَلْخَبِیْرُ کو اُسی عدد سے اضافہ کرے تو حصول مقصود مین ابلغ اور اکمل ہوگا اور البتہ اپنی مراد کو پہونچیگا اما خواص حرف ذال یہ ہے آیہ اسم اعظم مین داخل ہے اور متعلق یوم شنبہ سے ہے اور نام ملک مؤکل کا اذدائیل ہے بقول بعض طائفہ اس فن کے حرفِ ذال اعمال مین واسطے بُعد و مفارقت کے مؤثر ہے تفریق ظلمہ و فسقہ مین تاثیر عظیم رکھتا ہے پس جب اس حرف کو ساتھ سو بار ساتھ اسم اَلْمُذِلُّ کے ساعت منحوسہ مین کتابت کرے اور اُس مکتوب کو منزل مین ایسے کسی ظالم کے دفن کرے کہ جسکی ظلم و فسق سے خلائق زحمت و محنت مین ہو تو بہت جلد وہ منزل ویران ہوگی اور وہ ظالم و فاسق سرگردان ہوگا۔ اور اگر اس حرف کو ساتھ اپنے اُسی اسم بزرگوار کے اوپر ظرف زجاجی کے اُس مقدار عدد سے لکھے اور کسی ایسے چاہ کا پانی لاوے کہ نام جسکے صاحب و مالک کا معلوم نہو اُس پانی سے نوشتہ کو محو کرے اور منزل مین اُس فاسق و ظالم کے جا کر وہ پانی دیواروں اور زمین پر چھڑک دیوے تب بھی وہی خاصیت مذکورہ ظاہر ہوگی اور اگر دونوں عمل بجالاوے نتیجہ قوی تر دیویگا اور بزودی صاحب منزل آوارہ و بیچارہ ہوگا اور اگر کوئی اس حرف کا ورد کرے اور ہر روز پڑھتا رہے برکت اِس حرف کے اُسکی دولت کو زوال نہ پہونچے گا اور روز بروز عزت و اقبال اُسکا زیادہ ہوگا اور اگر اس حرف کو بعد مجمل اُسکے کہ سات سو ہین کوئی پڑھے اور نان و شیرینی پر نفث کرے اور گُتون کو وہ روٹی اور شیرینی کھلاوے محبوب القلوب ہوگا اور خاطرین اُسکی طرف جذبہ کرینگے اما خواص حرف ش من حروف آیہ اسم اعظم یہ حرف ایام ہفتہ سے تعلق بیوم دوشنبہ کے رکھتا ہے اور نام اُسکے ملک کا ہمراطبل و بقول دیگر جبرائیل ہے۔ اہل خاصیت لکھتے ہین کہ یہ حرف اعمال مین واسطے ہلاک اعدا کے انفع

ہے اور اعمال قہریہ مین نہایت مؤثر ہے کتبِ اہل خواص مین مشہور ہے کہ اِس حرف کو تینتالیس ۴۳ بار اوپر پترہ قفل کے لکھین اور تینتالیس ۴۳ دانہ خرما پر ایک ایک ش لکھین پس اُس قفل اور خرما کو ایسے دختر بکر کے دامنِ چادر مین رکھین جسکا بخت بیدار نہ ہوا اور اُس دختر کو رہگزر عورات اور مردانِ محرم مین بٹھا دین جب کوئی عورت یا مرد آوے اور اُس قفل کو کھولے اور اُن خرما سے تناول کرے بخت اُس دختر کا کھلے گا اور بیدار ہوگا اور اُسے دولت اور ثروت حاصل ہوگی اور اگر بنام کسی دشمن و غماز یا نمام و غیبت کنندہ کے حرف ش کو اوپر انچاس پارۂ کاغذ کے لکھے اور اُنچاس روٹیاں خور دپکا دے اور ایک پارۂ کاغذ کو ہر ایک روٹی کی تہ مین رکھکر پکایا جاوے اور ہر نان کو ایک ایک کتے کو کھلانا شروع کرے زبان اُس غماز کی خود بخود بند ہوگی اور اگر کوئی چاہے کہ معلوم کرے کہ فلان عورت حاملہ لڑکا جنے گی یا لڑکی ۔ چاہیئے کہ رات کو اپنے فرش خواب پر تین سو بار بعدد مجمل حرف شین کو اپنی زبان پر جاری کرے اور سو رہے خواب مین اُسکو معلوم ہو جاویگا کہ لڑکا پیدا ہوگا یا لڑکی اور واسطے آسانی وضع حمل کے بہمین عدد حرف شین کو اوپر طعام یا شیرینی کے پڑھکر حاملہ کو کھلاوے سرعت و سہولت سے بچہ پیدا ہوگا۔ اما خواص حرف ظا یہ بھی حروف سبعہ سے ہے جو آیہ اسم اعظم مین واقع ہے ایام ہفتہ سے روز چہار شنبہ اس حرف سے متعلق ہے اور نام اسکے ملک کا لوطائیل اور بقول دیگر میکائیل ہے اہل خاصیت لکھتے ہین کہ یہ حرف اعمال مین واسطے ایجاد محنت و عقوبت و مشقت کے ہے سکاکی نے اپنی کتاب مین نقل کی ہے کہ جو کوئی کسی ظالم سے ڈرتا ہو ہر روز بعد نماز صبح و ظہر نو سو بار بعدد مجمل کے حرف ظ کو اوپر زبان کے جاری کرے اور بجانب منزل دشمن نفث کرے بزودی وہ ظالم دفع ہوگا اور اگر اسی قدر کاغذ پر لکھے اور مصروع پر باندھے بعون اللہ شفا پاویگا ۔ اما خواص حرف فا

خواص حرف ذال

خواص حرف شین

خواص حرف ظا

خواص حرف فا

یہ حرف بھی داخل آیۂ اسمِ اعظم ہے اور روز شنبہ اس حرف سے متعلق ہے اور نام اسکے ملک موکل کا سرخاکیل وبقول دیگر حسیفائیل ہے بعض اہلِ خاصیت لکھتے ہین کہ یہ حرف اعمال مین واسطے خواری دولت اعداد کے مقرر ہے۔ صاحب کتاب تیسیر المطالب لکھتے ہین کہ جو کوئی اکیاسی بار حرف فا کو بعدد مفصل یعنی ف کے ۸۰ اور الف کا ایک ساتھ اسم اسکے کہ یَا فَتَّاحُ ہے یا اور کوئی نام باریتعالی کا اس حرف سے ہو پڑھے جس مقصد و مراد کے واسطے پڑھیگا اسپر فائز بھی ہوگا بعون اللہ تعالی اور جو کہ مداومت کرے اس حرف کی اور اسکے اسمائے مقدس کو خصوصا اسم مبارک یَا فَتَّاحُ کو تو اسکے واسطے انواع معارف وحقائق ولطائف ودقائق علومِ خفیہ نفیسہ سے اوپر دل کے مفتوح ومکشوف ہونگے اور ابواب مرادات ظاہری وباطنی واسطے اسکے کشادہ ہونگے اور تمام دشواریان اسکی مبدل بہ آسانی ہونگی۔ اور اگر اس حرف فا کو اکیاسی بار اوپر جام زجاجی یا قدح چینی کے لکھے اور نیچے ہر حرف فا کے اسمِ شریف اَلْفَتَّاحُ لکھا جاوے اور اس نوشتہ کو آب طاہر سے محو کر کے حاملہ عورت کو پلاوے جسپر آثار وضع حمل کے ظاہر ہوں بسرعت وبسہولت کے بچہ پیدا ہوگا بعون اللہ اور اگر اس عمل کو ایسے وقت مین بجالاوے کہ قمر درجۂ نحوس سے طرف سعود کے ناظر ہو تو نہایت اولی ہوگا چاہیے کہ ایسے وقت سعید مین پہلے سے لکھکر اس کاسۂ چینی یا جامِ زجاجی کو نگاہ رکھے اور وقت پر عمل مین لاوے اور اگر کوئی محبوس تلاوت اس حرف مین مع اسم مبارک اَلْفَتَّاحُ کے قیام کرے بزودی خلاص ہو بعونہ تعالی اور تمام کامون فروبستہ واوضاع درہم شکستہ کے واسطے اس اسم کی مواظبت مع اسم یا فتاح بنہایت نافع ہے۔ اور سکاکی نے اپنی کتاب مین لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص اسی روز تک برابر ہر روز متصل اس حرف کو پڑھے اور طرف دشمن کے نفث مارے تو وہ دشمن نابود اور ضایع ہو اور جو کہ بنام کسی غائب کے نو ہزار بار اوپر قطعۂ کرباس نو طاہر کے حرف فا کو کتابت کرے

اور اس پارچہ کو آگ مین ڈالے اگر وہ معمول غائب مغرب مین ہو اور عامل مشرق مین بزودی تمام پاس عامل کے آ کو پہونچاویگا۔ تمام ہوئی صفت و خواص حروف سبعۂ آیہ اسمِ اعظم۔ اب خواص واسناد ان اسمائے حسنی باریتعالی کا لکھا جاتا ہے جو کہ ان حروف سے ہین اول حرف ثا سے اسم مبارک اَلثَّابِتُ ہے ذکر اسکا ذیل حرفِ ثا مین گزرا۔ دوئم حرف جیم سے اسم مبارک اَلْجَلِیْلُ و تحصیل جاہ وعزت وحرمت کے واسطے ورد اسکا بہت نافع ہے۔ شرح اسماء اللہ مین مولانا یعقوب لکھتے ہین کہ جو کہ اس اسم شریف کو مشک وزعفران وگلاب سے ساعت سعید مین اوپر قدح چینی کے لکھے اور آبِ طاہر سے دھو کر پیوے درمیان خلق خدا کے عزیز وبزرگ ہو اور اگر بعدد مجمل کے اس اسم مبارک کو جسطرح سے مذکور ہوا لکھے اور دھو کر پیوے اثر وخاصیت اسکی بدرجۂ اتم واکمل کے ہو اور عدد مجمل اسکے تہتر ہین ج کے تین اور ہر دو لام دحی کے ستر
سوئم حرفِ خا سے اَلْخَافِضُ۔ اَلْخَبِیْرُ۔ اَلْخَالِقُ ہے۔ ذکر انکا ذیل حرف خا مین گزرا
چہارم حرفِ ذال سے نو اسم ہین ذُوالْاِنْتِقَامِ۔ ذُوالْبَطْشِ۔ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ ذُوالطَّوْلِ۔ ذُوالْعَرْشِ۔ ذُوالْفَضْلِ۔ ذُوالْقُوَّةِ الْمَتِیْنِ۔ ذُوالْمَعَارِجِ۔ ذُوالْمَنِّ یہ اسمائے صفاتیہ الٰہی ہین جو کوئی بعدد مجمل یا مفصل ان اسماء مقدس کا ورد کرے جس مطلب و مراد کے واسطے پڑھیگا کامیاب ہوگا۔ پنجم حرف شین سے چار اسم باریتعالی کے ہین۔ اَلشَّافِیْ۔ اَلشَّهِیْدُ۔ اَلشَّکُوْرُ۔ اَلشَّدِیْدُ مگر شدید کہنا نہین چاہیے بلکہ شدید العقاب کہے جیسا کہ حرفِ سین سے نام باریتعالی سریع ہے تو اسکو فقط لفظ سریع سے یاد نکرے بلکہ سریع الحساب کہے۔ علمائے علمِ حروف لکھتے ہین کہ جو کوئی وقت صبح کے منہ اپنا طرف آسمان کے کرے اور اکیس بار یَا شَهِیْدُ کہے جس جگہ کوئی نافرمان اسکا ہوگا اولاد یا خدام اور خواص وعوام سے فرمانبردار اسکا ہوگا باذن اللہ تعالی اور تکمیل اعداد

اسم شَہِیْدٌ کی بحروف مکتوبی یہ ہے ش ہ ی د جسکے تین سو انیس ۳۱۹ عدد ہوتے ہین ایسے کو عدد مجمل کہتے ہین اول طلوع فجر سے بہین اعداد تکرار کرے بشرائط و رعایت اُن آداب کے جو طریق کلام واذکار کے واسطے معین ہین اور بیار خطاب کے پڑھے تو یہ اسم مقدس واسطے تسخیر خلائق اور تاثیر بواطن کے اثر تمام رکھتا ہے اور اگر تاثیر قوی تر چاہے تو بعدد حروف مبسوطہ کہ شین یا نون ھا دال ہین اور اسی کو عدد مفصل کہتے ہین اور وہ چار سو بارہ ۴۱۲ ہوتے ہین بطریق مذکور کے مواظبت کرے تو بالیقین اور مقصود کے فائز ہوگا باقی اسمائے حرف شین بعدد مفصل یا مجمل واسطے ہر مقاصد و مطالب کے نافع تر ہے۔ ششم حرف ظا سے ایک اسم ہی اَلظَّاهِرُ بعضے اہل خاصیت نے جناب امیر المؤمنین علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ اسم اعظم آلہی اَلظَّاهِرُ ہے پس جو کوئی بعدد مجمل یا مفصل اس اسم مبارک کا ورد واسطے ہر مقصود و مطلوب کے کرے بعون اللہ تعالی فائز المرام ہو۔ ہفتم حرف فا سے اَلْفَتَّاحُ ہے جسکا ذکر ذیل خواص حرف فا مین گزر چکا ہے۔ باقی نو اسم مقدس اس حرف سے اور بھی ہین اور وہ لقائق

فَالِقُ وَالْفَادِحُ وَالْفَارِقُ وَالْفَاصِلُ وَالْفَاصِلُ وَالْفَرْدُ وَالْفَعَّالُ وَالْمُفَرِّقُ

صاحب در النظیم لکھتے ہین کہ جو کوئی بسبب خاطر ردیہ اور وسواس رذیلہ کے مغموم و پریشان خاطر رہتا ہو چاہیے کہ مداومت کرے اور تکرار یَافَعَّالُ کے اور جب شروع کرے تو ایک سو اکیاسی ۱۸۱ بار بعدد مجمل کے پڑھے اور اگر تین سو تہتر انوین بار بعدد مفصل کے مداومت کرے تو اثر قوی تر ہوگا چاہیے کہ باطہارت کامل کے اِس عمل کو بجالاوے اور قولاً یا فعلاً کوئی حرکت اجنبی درمیان اس عمل کے واقع نہ ہو اور رعایت جملہ شرائط جو واسطے عامل کے معین ملحوظ کہ ہین دل اُسکا بعون اللہ تعالی وسواس سے اور خاطر اندیشہائے پریشان سے اور جمیع حزن واندوہ سے نجات پاویگا مگر وقت تکرار اِس اسم مقدس کے حرف لفظ فعّال نہ کہے بلکہ یَافَعَّالُ لِّمَا یُرِیْدُ کہے کیونکہ اہل خاصیت

نے بعض اسمائے آلہی کو بے الحاق کلمہ دوسرے کے پڑھنا ترک ادب جانا ہے باقی اسمائے آلہی حرف فا کو بعدد مجمل یا مفصل باشرائط و آداب پڑھنے کا اثر تمام ہوگا انشاء اللہ تعالی بسبب اختصار کے اسی پر اکتفا کیا گیا اور کسیقدر اسمائے حسنٰی مع ترکیب عمل ۵۱ اسنا ر قسم اول کے حصہ اول میں لکھے گئے ہیں اما خواص بعض حروف مقطع قرآنی اور وہ تیس ۳۰ کلمے ہین بشرطیکہ حٰمٓ عٓسٓقٓ کو دو کلمے اعتبار کئے جاوین بقول بعض مفسرین کے اور اگر مثل کٓھٰیٰعٓصٓ کے ایک کلمہ بقول بعض اہل معرفت سمجھا جاوے تو انتیس ۲۹ کلمے ہین اور وہ قرآن مجید مین الٓمٓ بقرہ سے تا نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ کے واقع ہین اور وہ کلمات علم مکنون آلہی سے مملو و مامور ہین سوائے حضرات چہاردہ معصومین علیہم الصلوات والسلام کے کوئی بشر اُن کلمات کے رموز و اسرار سے آگاہ نہین مگر اُسیقدر کہ جسکی خبر معصوم نے دی ہے بعض اکابر دین سے فرماتے ہین کہ اگر کوئی شخص حروف مقطع قرآنی کو اس ترتیب سے پڑھے کہ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ الٓمٓ ذٰلِكَ الْكِتَابُ وَبِحَقِّ الٓمٓ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اسیطرح تا نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ پڑھے بعد اُسکے جو حاجت کہ حاجات دینی یا دنیوی سے چاہے طلب کرے کہ حق سبحانہ تعالی بزودی روا فرماویگا اور اگر اِن حروف کو بطریقیکہ نزد اہل اعداد کے مقرر ہے تکسیر کرے اور اپنے پاس نگاہ رکھے تو یہی خاصیت بخشے جو مذکور ہوئی۔ مگر اس عمل کو ساعت اول مین بروز یکشنبہ یا چوتھی تاریخ دوشنبہ یا ساتوین سہ شنبہ یا تیسری چہارشنبہ یا چھٹی پنجشنبہ یا دوسری جمعہ جب کبھی کسی مہینے مین یہ تاریخیں واقع ہوں بجالائے تاکہ اثر کلی و نتیجہ اتم ہو۔ صاحب کتاب در النظیم لکھتے ہین کہ خواص اِن حروف مقطعات قرآنی کا یہی ہے کہ جو کوئی اِن حروف کو لکھکر بشرائط و آداب جو کہ واسطے نقش و تحریر اذکار کے معین ہین اپنے پاس رکھے سفر و حضر مین جمیع آفات و بلیات سے بواسطہ عمل اِن حروف کے حفظ و امان مین خدا تعالی کے رہیگا اور ابواب رزق کے اُسپر کشادہ

خواص بعض حروف مقطعات قرآنی

ہونگی اور اگر کوئی حاجت رکھتا ہوگا بے کسی انتظار کے بغیر اجابت پہونچیگی اور دشمنون کے مکر
غدر سے مصوّن و محفوظ رہیگا - جب کوئی سفر کو جاوے تو بوقت وداع اہل و عیال کے ان کلمات
کو پڑھے بہ برکت ان حروف کے خداتعالیٰ بصحت و سلامتی کے و عزت کے اُسکو وطن مین
پہونچا دیگا - اور خواص اِن حروف مین ابن شہمی نے نقل کی ہے کہ جو شخص مجموع حروف
اوائل سورہ قرآنی کو اوپر نگین نقرہ یا عقیق کے بساعت نیک نقش کرے اور ساتھ اُسکے تختم کرے
مقبول و محبوب خلائق ہوگا - اور صاحب کتاب موصوف لکھتے ہین کہ اگر نقاش دن پنجشنبہ
و جمعہ کے روزہ رکھے اور ساعت اول روز جمعہ کو اُن حروف کو نقش کرے اور اُسوقت اُسنے
غسل بھی کیا ہو اور جامہ پاک بھی پہنے ہوئے ہو اور بخور لائق بھی اُسنے جلایا ہو البتہ تاثیر اور
قوت اُن اعمال کی جو مذکور ہوئے بہتر اور بیشتر ہوگی اور فائدہ اور نتیجہ زیادہ ہوگا - یہ خلاصہ
خواص تو کُل حروف مقطعات کا تھا کہ بنظر ایجاز و اختصار اِسی پر اکتفا کیا گیا - اما خواص بعض
حروف دیگر متفرق صاحب کتاب موصوف لکھتے ہین کہ جو کوئی ترسان ہو کسی سبب سے
مثل دشمن یا حاکم ظالم سے ڈرتا ہو تو اُس حالت مین کہے کٓهٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ وَلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پس جس چیز سے ڈرتا ہوگا بہ برکت قرات اِن
کلمات کے ایمن ہوگا اور یہ امر کرات و مرات کے آزمایا گیا ہے نہایت صحیح اور مجرب ہے -
دیگر صاحب درالنظیم لکھتے ہین کہ پانچ آیتین قرآن مجید مین ایسی ہین کہ جنکا منافع و فوائد حد حصر
سے متجاوز ہے اُن سب خواص اور فوائد مین سے ایک یہ ہے کہ جو کوئی اِن آیات کو تلاوت
کرے ایسی حالت مین کہ مہیا ہو واسطے جانے پیش حاکم عنید اور ظالم بطریق صلاح سے بعید ہو
تو بہ برکت اُن آیات بینات کے شر اُس ظالم کا کفایت ہو کیفیت قرات آیات کی یہ ہے کہ
وقت تلفظ بحروف کٓهٰیٰعٓصٓ کہ اوائل آیات کے ہے اپنے داہنے ہاتھ کی اُنگلیان بند کرے

اور وقت تلفظ بحروف حٰمٓعٓسٓقٓ کہ اواخر اُن آیات رحمت آیات کے ہے اپنے بائین ہاتھ کی
اُنگلیان بند کرے پس چاہیے کہ اول انگشت ابہام دست راست کو بند کرنے کے کہے ک کَمَآءٍ
اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِیْمًا تَذْرُوْهُ
الرِّیٰحُ پس کہے حرف ح اور کہنے مین حرف حا کے دست چپ کے انگشت ابہام کو بند
کرے بعد اُسکے وقت عقد مسبحہ مینی کے کہے هَا هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ
الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ م اور کہنے مین میم کے عقد مسبحہ یسری کرے
بعد اُسکے عقد انگشت وسطیٰ دست راست کی کرے اور کہے یَا یَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ
لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِیْنَ مَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ حَمِیْمٍ وَّلَا شَفِیْعٍ یُّطَاعُ ع اور کہنے مین
حرف عین کے عقد انگشت وسطیٰ دست چپ کا کرے بعد اسکے عقد انگشت خنصر دست راست
کرے اور کہے ع عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا اَحْضَرَتْ فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ الْجَوَارِ
الْكُنَّسِ س اور کہنے مین حرف سین کے عقد انگشت خنصر دست چپ کرے بعد اُسکے عقد بنصر
دست کرے اور کہے ص وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّكْرِ بَلِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فِیْ عِزَّةٍ وَّ
شِقَاقٍ قٓ اور کہنے مین حرف قاف کے عقد انگشت بنصر دست چپ کرے اور بعد اتمام
اس عمل سے ہر دو مشت لبستہ سامنے اُس بادشاہ غیور یا ظالم جابر کے آوے بعون اللہ اُس ظالم
جبار سے کوئی ضرر و نقصان اُسکو نہ پہونچیگا اور بہ برکت اس عمل کے سلامت باکرامت باہر
آویگا عمل دیگر صاحب کتاب موصوف لکھتے ہین کہ بصرہ مین ایک مرد رہتا تھا اور وہ دعا کی
درد دندان جانتا تھا اور اُس دعا سے معالجہ آدمیون کا کرتا تھا اور لوگ شفا پاتے تھے مگر اُس
عمل کے بتلانے مین نہایت بخیل تھا اور ہر ایک سے مخفی رکھتا تھا جب وفات اُسکی نزدیک
پہونچی تو اپنے مصاحب سے اُسنے کہا کہ اسوقت دوات و قلم و کاغذ تو لاوے تو ایک چیز تیرے

واسطے لکھون میرے عمل مین ایک دعائے درد دندان ہے کہ ایک عرصہ سے مین اُسپر عمل کرتا تھا اور لوگ اُس سے شفا پاتے تھے اور ابتک مین نے اُس عمل کو سب سے مخفی رکھا تھا لیکن اب کہ مین دنیا سے جاتا ہون یہ بھی روا نہین رکھتا کہ وہ دعا پوشیدہ رہے اور لوگ اُس سے منتفع ہون جب اُس نوشتہ کو دیکھا تو اُسمین لکھا تھا کہ جب کسی کو درد دندان کا عارض ہو تو چاہیئے کہ اُسپر ان حروف کو پڑھے اور اگر وہ خود پڑھنا جانتا ہو تو آپ تلاوت اِن حروف کی کرے الٓمٓصٓ طٰسٓمٓ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اُسْکُنْ بِیُسْرٍ ذِکْرُ رَحْمَتِ رَبِّکَ عَبْدَہٗ زَکَرِیَّا اُسْکُنْ سَکَنَ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ دیگر بھر اُسی کتاب مین ابو حامد سے روایت کی ہے کہ بعضے عارفون مین سے ایک کنیزک رکھتے تھے کہ اسکو علت صرع کی عارض تھی ایک روز وہ عارف اُس کنیزک کے آئے اور کان مین اُسکے یہ کلمات پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمٓصٓ طٰسٓمٓ کٓھٰیٰعٓصٓ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ حٰمٓعٓسٓقٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ بعد اس عمل کے پھر کبھی اثر اُس صرع کا ہرگز کنیز پر ظاہر نہوا اور بتمامی اُس مرض سے نجات پائی دیگر ابن تیمی نے خواص مین اِن آیات کے لکھا ہے کہ جو کوئی الٓمٓ بقرہ سے تا ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ اور الٓمٓ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الٓمٓصٓ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰہٰ طٰسٓمٓ طٰسٓ یٰسٓ صٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ حٰمٓ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ قٓ نٓ اس مجموع کو ساتھ سورۂ فاتحہ کے اوپر ورق آہو بره کے مشک و زعفران اور گلاب کے ساتھ بروز جمعہ چودھویں یا پندرھوین جس مہینے مین کہ جمعہ واقع ہو بعد نماز عشا کے لکھے اور اُس نوشتہ کو ایک نے کے غلاف مین کہ ایکطرف سے وہ نے بند ہو اور دوسری طرف کو بعد رکھنے نوشتہ کے موم کافوری کے ساتھ بند کرے پس ہر گاہ کہ اُس نے کو اپنے بازو پر

مکتوب کو اپنے بازو پر باندھے اور باہر آوے قدر اُسکی درمیان خلق کے زیادہ ہوگی مرتبہ اُسکا رفیع ہوگا اور زبان اُسکی صدق و صواب اور جسمین صلاح مسلمانون کی ہے جاری ہوگی اور نظر خلائق مین باہیبت ہوگا اور مقبول و مطاع ہوگا دیگر خواص الٓرٰ کہ اول سورہ ھود کی ہے جو کوئی ان حرفون کو ساتھ چار آیتون کے کہ بعد اُس کے ہین کلمہ قل تک اوپر برگ سبز کے لکھے وقت طلوع فجر ساتھ مشک اور گلاب کے اور ساتھ پانی چاہ شیرین طاہر کے محو کر کے پیوے اور چار روز پے در پے ہر روز صبح و شام پیوے بعد اتمام عمل کے دل اُسکا مستعد قبول علوم الٰہی اور حکمت کا ہوگا اور حفظ و فہم اُسکا اشیاے دقیقہ مین نہایت قوی ہوگا اور حفظ کرنا ان اشیاے دقیقہ کا اُسپر آسان ہوگا دیگر خواص الٓمٓرٰ کہ اول سورہ رعد کے ہے جو کوئی ان حروف کو ساتھ تین آیتون کے کہ بعد اوس کے ہین تا یتفکرون اوپر چار برگ زیتون کے لکھے اور کسی ایسی منزل کی چارون گوشون مین دفن کرے جسکا آباد رہنا چاہتا ہو یا چارون گوشون باغ یا کھیت یا دکان کے دفن کرے حق سبحانہ تعالیٰ خیر و برکت اور جمعیت اس موضع میں بہت عطا فرماوے اور میوہ باغ اور دانہ کھیت کا وافر کرے اور آفت ارضی و سماوی سے اُسکو نگاہ رکھے دیگر خواص حروف مقطع خاص کٓھٰیٰعٓصٓ اور خواص اُسکے خاتم کا حکیم فاضل ابن وحشیہ نے اپنی کتاب ہیاکل و تماثیل مین ایسی نقل کی ہے کہ اعتقاد حکمائے مصر کا یہ ہے کہ حروف کٓھٰیٰعٓصٓ کو وضع کرین لوح مخمس مین بقلم طبیعی و عربی و ہندی ساتھ اُس ہیاَت کے کہ آخر اسناد مین ان حروف و خاتم کے قلمی ہے پس جو شخص کہ عامل اُسکا ہوگا فوائد و منافع بہت پاویگا چاہیئے کہ وقت عمل کے طالع برج ثور ہو اور زہرہ برج حوت مین ہو اور پر درجہ شرف کے اور سالم ہو رجعت و احتراق سے اور یہ امر تقویم منجم سے بخوبی معلوم ہو سکتا ہے اور اُس وقت مین بخور بھی جلانا چاہیے ساتھ عنبر کے اور بعد اتمام عمل سے اُس لوح کو

خرقہ پاک وسفید مین لپیٹے اور چاہیئے کہ اوس لوح کو اوپر خاتم زر یا نقرہ خالص یا مس زرد باہم ملاکر رقم کرین پس جو شخص کہ اُس لوح اور اُس خاتم کو ساتھ اپنے نگاہ رکھے ایسا عجائب وغرائب مشاہدہ کریگا کہ زبان ادائے بیان اُسکے سے عاجز وقاصر ہوگی اور اُلفت ومحبت مین تاثیر اُسکی نہایت قوی ہو اور قضائے حوائج اور طلب رزق وقبول قلوب وحلول مسرات دل حامل مین وحصول فرح وسرور وکثرت خیر وبرکت امور دنیا وآخرت کے واسطے نہایت نافع ومفید ہوگا پس سزاوار یہ ہے کہ حامل اس خاتم رفیع کا ہمیشہ پاک وطیب و طاہر ہو اور ہر وقت با وضو اور نظافت لباس کے ساتھ ہو اور حال جنابت اور عدم طہارت مین البتہ نزدیک اِس خاتم کے نہ جاوے اور اپنے ساتھ خانۂ خلا رین نہ لیجاوے کہ وہ منجملہ اسمائے اعظم باری تعالیٰ کے ہے اور اسم مخزونہ ومکنونہ الٰہی سے ہے کہ خلائق سے مخفی رکھا ہے اور جملہ خواص اس خاتم مبارک سے یہ ہے کہ جو کوئی اُسکو بوقت خواب اپنے سر کے نیچے رکھکر سووے تو خواب مین کسی ایسے کو دیکھیگا کہ جو کچھ امور مخفیۂ عالم سے اُس سے سوال کریگا جواب شافی سنیگا اور اگر زیر سینۂ کسی نائم کے اُسکو رکھے جو کچھ اُسنے حال بیداری مین کیا ہوگا بحالتِ خواب ظاہر کردیگا اور اگر اوپر کسی کے دریافت حال غائب مشکل ہو اور نہ جانے کہ وہ مردہ ہے یا زندہ جب اُس خاتم کو زیر سر رکھکر سوئیگا درحالیکہ باوضو وطہارت کامل کے ساتھ سووے خواب مین کسی کو دیکھیگا کہ حال اُس غائب سے صحیح خبر دیگا اور سوائے غائب کے جو کچھ اور اُس سے سوال کریگا جواب معقول دیگا کہ خاطر جمع ہوگی اور اگر عاقبت کا کسی امر سے پوچھیگا جو کچھ شدنی ہے خبر صحیح دیگا اور اگر دریافت خبر دفینہ وخزینہ مین کسی جگہ پر شک رکھتا ہو عالمِ خواب مین بہ برکت اِس خاتم بزرگوار کے حقیقت حال ہوتے یا نہ ہونے دفینہ وخزینہ سے اُسکو آگاہی ہوگی اور واسطے حل ہونے ہر مشکل کے کہ پیش آوے امور

دست پہ باندھے بشرطیکہ باطہارت کامل ولباس پاکیزہ کے ہو تو عزت ووجاہت اور قبول نظروں اور دلون مین خلایق کے بدرجہ اتم ہو اور باطن اُسکا قوت پکڑے اور دل اُسکا ثابت ومطمئن اور دلیر ہو اور ہیبت عظیم اُس سے اوپر دلون کے سرایت کرے اور اگر فقیر ہو تو غنی ہو اور اگر محزون ہو تو مسرور ہو اور اگر اُس نے کو اوپر طفل کے باندھین کہ وہ طفل خواب وبیداری مین ڈرتا ہو اور بہت روتا ہو تو ترس اور گریہ اُسکا زائل ہو باذن اللہ تعالیٰ- دیگر پھر اُسی کتاب مین شیخ شرف الدین بونی سے نقل کی ہے کہ جو شخص اِن حروف مقطعات کو کہ ستی مین ساتھ حروف نورانی کے اور وہ یہ ہیں الٓمٓ المٓصٓ الٓرٰ المٓرٰ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰہٰ طٰسٓمٓ طٰسٓ یٰسٓ صٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ اُس پنجشنبہ کے دن کہ وہ پنجشنبہ معروف بسبت النور ہے وہ ایک ایام البیض مین سے کبھی واقع ہوتی ہے کہ تیرھوین چودھوین پندرھوین جس مہینے کی ہو اوپر ظرف چینی یا زجاجی کے ساتھ مشک وزعفران وگلاب کے کتابت کرے اور آب طاہر سے محو کرکے پیوے اور قدرے اُس سے آنکھون مین میل سرمہ کے ساتھ کھینچے اُس سال مین علت رمد سے امین ہوگا ببرکت نورانیت اِن حروف مبارک کے دیگر اور بھی اُسی کتاب نایاب مین مرقوم ہے کہ حروف الٓمٓ الٓمٓ المٓصٓ المٓرٰ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰہٰ طٰسٓمٓ طٰسٓ یٰسٓ صٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ کو اول پنجشنبہ ماہ رجب کو اوپر خاتم نقرہ کے نقش کرے اور انگشت مین رکھے اگر کسی جبار قہار ظالم سے خائف ہوگا تو بہ برکت اِن حروف کے امین ہوگا اور حامل اِس خاتم کا جب سامنے بادشاہ کے جاوے اُسکی نظر مین بزرگ دکھائی دیوے اور وجاہت صاحب خاتم کی دل مین بادشاہ کے اثر کرے اور جو مراد کہ بادشاہ سے چاہے بے توقف وہ برلاوے اور اگر اس خاتم کو کسی خشمناک پہ فرو دلاوے غصہ اُس کا فرو ہو اور آرام پکڑے اور خوشنود ہو اور اگر اس

خاتم کو کوئی تشنہ اپنے دہن میں لے اور چوسے تو سیراب ہو اور اگر اس خاتم کو یکشبانہ روز آب
باران مین تر رکھے بعد اسکے اُس پانی کو تھار کرہنار پیوے تو قوت حافظہ اُسکی زیادہ ہو اور اگر کوئی
معزول اور بیکار شخص اس تختم پر مواظبت کرے تو اُسکے واسطے بہ برکت اِس خاتم کے عمل و
شغل پیدا ہو اور صاحب تصرف ہو اور اگر کوئی عورت بے شوہر حامل اسکی ہو تو زود تر اُس کو
شوہر ملے اور اگر اس خاتم کو اوپر مصروع کے باندھین باذن اللہ تعالیٰ افاقت پائے دیگر
صاحبِ کتاب موصوف لکھتے ہین کہ جس کسی کو داعیہ کسی منصب کا ہو مثل قضا وغیرہ اور
چاہیے کہ اقوال وافعال اُسکے مقرون بہ صلاح وسداد کے ہون اور زبان اُسکی صدق و
صواب پر جاری ہو اور مصالح امور مسلمین اُسکے ہاتھ سے باتمام پہونچیں اور اخلاق اُسکے
مہذب ہون چاہیے کہ حروف المصٓ تا ملتذ کو وفن کو اوپر صفحۂ نقرۂ خالص کے نقش کرے
اور اُسکو زیر نگینِ خاتم کے رکھے اور ہمیشہ باطہارتِ بدن ولباس طاہر اُس خاتم سی تختم کرے تا مقصود
حاصل ہو دیگر خواص الٓرٓ کہ اول سورۂ یونس کے ہے صاحب کتاب درالنظیم پھر لکھتے ہین
کہ جو کوئی چاہے کہ امر اُسکا براستی وصلاح کے ہو اور قول اُسکا نافذ اور خلق مطیع ومنقاد اسکی ہو
چاہیے کہ ایام بیض ماہ شعبان مین روزہ رکھے اور نمک ونانِ جو اور سرکہ وترہ کے ساتھ افطار
کرے اور جب شام روز سویم ہو روزہ کھولے اور بعد نماز شام سے روبقبلہ بیٹھے اور حسب دوام
درود اور ذکر مین اشتغال رکھے تا فرض ونافلہ عشا بجالاوے اسکے بعد دو رکعت نماز بطریق نماز
تسبیح کہ مشہور ہے ادا کرے جب نماز تسبیح سے فارغ ہو اِن حروف کو ساتھ تین آیات
کے کہ بعد اُس کے ہین تا افلاتذ کرون اوپر کاغذ پاک کے کتابت کرے ساتھ پانی آس اور
زعفران کے اور بعض نسخون مین بجائے آس کے گلاب ہے اسکے بعد اپنے فراش خواب پر
آدے اور نوشتہ کو زیر بالین رکھے اور سو رہے جب صبح ہو تو بعد ادائے فریضہ بامداد کے اُس

یا زعفران کے لکھے اور اس نوشتہ کو ساتھ ہر روغن خوشبو مثل روغن گل یا بنفشہ یا جو روغن خوشبو
کہ میسر ہو محو کرے پس اُس روغن محمول سے غالیہ بنا دے اور قدرے عنبر و کافور اُسمین اضافہ
کرے پس وقت ضرورت اپنی پیشانی اور درمیان دو ابرو کو اُس سے چرب کرے اور باہر آوے
بعون اللہ قبول قلوب خلائق ہوگا اور عزت وجاہ وکرامت عظیم پاویگا اور جس کسیکی نظر
اُسپر پڑیگی اُسکو دوست رکھیگا اور مطیع ومنقاد اُسکا ہوگا عمل دیگر صاحب کتاب موصوف
ابی امامہ سے نقل کرتے لکھتے ہیں کہ اُسنے روایت کی ہے حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ سے
کہ فرمایا کہ اسم اعظم اللہ تعالیٰ کا یہ خواص ہے کہ جب ساتھ اُس اسم مقدس کے دعا کرین تو
دعا مستجاب ہوتی ہے اور دعا کرنے والا ساتھ اس اسم پاک کے عطایائے الٰہی دیکھتا ہے
اور وہ اسم اعظم الٰہی کلام مجید مین تین سورہ ہائے شریف مین آیا ہے الٓمٓ بقرہ اور الٓمٓ آل عمران
اور سورہ طٰہٰ ابو جعفر دمشقی کہتا ہے کہ جب نظر کی اور ان سورہائے شریف کی اُن آیات
کو دیکھا کہ مثل اُنکے تمام قرآن مجید مین سورۂ بقرہ مین اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ
اور آل عمران مین الٓمٓ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ اور طٰہٰ مین وَعَنَتِ
الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ہے پس بنا بر اس حدیث کے محقق ہوا کہ اسم اعظم الٰہی اَلْحَيُّ
الْقَيُّوْمُ ہے اور دلیل اسپر یہ ہے کہ علامہ رازی تفسیر کبیر مین حضرت امیر المومنین علی
ابن ابیطالب سے نقل کرتا ہے کہ بروز جنگ بدر ہم مشغول بقتال اہل ضلال تھے اور رسول
خدا خیمہ مین تھے جب مجھ پر شوق دیدار آنحضرت غالب ہوا تو حوالی خیمہ آنحضرت پر آکر دیکھا
کہ آپ سجدہ مین ہین اور زبان مبارک پر جاری ہے کہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ
اَسْتَغِیْثُ یہ دیکھکر مین پھر واپس گیا اور رو بجنگ لایا پھر دوبارا مین گرد خیمہ کے آیا اور
بدستور پایا یہانتک کہ چند بار مین گیا اور آیا یہی دیکھا اور سنا کہ آنحضرتؐ انہین کلمات کے

طلسمی چند بنابر رفع شدائد و حصول فوائد

ساتھ متذکر تھے آخر حق سبحانہ تعالیٰ نے آیہ نصرت نازل فرمائی اور وہ فتح بہت جلد حاصل ہوئی۔ دوسرے یہ کہ بصحت تمام کے پہونچا ہے کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ آصف بن برخیا نے جس اسم بزرگوار کے ساتھ دعا کی اور تخت بلقیس کو بیک طرفۃ العین پیش سلیمان بن داود علیہما السلام کے حاضر کیا وہ اسمائے پاک یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ تھے باقی ذکر اور خواص اِن دو اسم مقدس کا رسالۂ ہذا کے اسی قسم سوئم کے حصہ دوم کے آخر مین مع نقش درج ہو چکا ہے آما

طلسمی چند بنابر رفع شدائد و حصول فوائد

اول خواص اشکال سبعہ اسم اعظم حق سبحانہ تعالیٰ۔ صاحب کتاب شمس المعارف لکھتے ہین کہ حضرت امیر المؤمنین و امام المتقین علی ابن ابیطالب علیہ السلام نے صفات و خواص اِن اشکال سبعہ مین گیارہ بیت انشا فرمائی ہین چنانچہ چند شعر اُسمین سے قسم اول کے حصہ پنجم میں مرقوم ہو چکے ہین مع اسناد اور اُسکے ابتدا مین لکھا ہے کہ یہ طلسم واسطے صداع یعنی درد سر کے نافع ہے اور جناب صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جناب امیر المؤمنین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص اِن اشکال سبعہ کو سفر بحر و بر مین درمیان اپنے متاع و اسباب کے رکھے غرق و حرق و سرق سے ایمن و سالم رہے اور وہ اشکال معظم یہ ہین



رباعی ؎ الف کشیدہ مدبر سر میم کجکور و نردبانے دو دور ؛ باچار
الف وہا و واو معکوس ؛ این اعظم اسم است خدائے اکبر ؛ دیگر منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا کو پیدا کیا اوپر دو شاخ گاؤ کے اور گاؤ کو اوپر پشت ماہی کے اور ماہی کو اوپر پانی کے اور پانی کو اوپر ہوا کے اور ہوا کو اوپر سنگ کے اور سنگ کو اوپر فرشتہ کے اور فرشتہ کو اوپر بازو پشہ کے اور اُس پشہ کو بقوت اِن سات نامون کے قائم کیا پس جو شخص اِن نامونکو لکھکر اپنے

دین یا دنیا سے جب اس عمل کو بجا لاویگا اور باطہارت کامل کے جب اُس خاتم کو زیر سر رکھکر سو دیگا مخبر غیب اُس مشکل کو حل کریگا اور یہ خاتم استخراج کنوز و خزائن و مخفیات مین اثر عظیم رکھتی ہے کہ خیر تحریر و حیطۂ تقریر مین نہین آ سکتا پس چاہیے کہ عامل تجربہ مین مشغول ہو تا حقیقت ہمارے قول کی اسپر مکشوف ہو اور اگر اثر متفرع نہ ہو تو وہ تقصیر سے عامل کے ہوگا شرائط و آداب یہ ہیں پس شرائط کتابت کرنے اِس لوح بزرگوار کی یہ ہے کہ وفق حرفی کو اوپر ظاہر کے لکھین کہ فعل اور اثر اُسکا ساتھ خصوصیت کے ہو اور لکھنا اس لوح کا کچھ موقوف اوپر اختیار کرنے اوقات و ساعات کے بھی نہین اور وفق عددی کو اوپر باطن کے یعنی پشت پر لکھین کہ فعل اور اُسکا ساتھ طبیعت کے ہے اور کتابت اُسکی منوط باختیار نظرات علویات و رعایت ساعات اور صورت الواح کی یہ ہے۔

لوح طبیعی باختلاف لوح طبیعی

ع	ح	ھ	ف	ء
ف	ء	ع	ح	ھ
۸	۹	ف	ء	ع
ء	ع	۸	ھ	ف
ھ	ف	ء	ع	ھ

ع	ع	ھ	ف	
ن	۱۰۱	ع	م	
۸	۸	ف	۱۰۱	
۱۰۱	ع	۸	ھ	
ھ	ف	۱۰۱	ع	

لوح عربی

ک	ھ	ی	ع	ص
ع	ض	ک	ھ	ی
ھ	ی	ع	ص	ک
ص	ک	ھ	ی	ع
ئ	ع	ص	ک	ھ

لوح ھندی

۳۰	۵	۱۰	۷۰	۹۰
۷۰	۹۰	۲۰	۵	۱۰
۵	۱۰	۷۰	۹۰	۲۰
۹۰	۲۰	۵	۱۰	۷۰
۱۰	۷۰	۹۰	۲۰	۵

ئ ھ ی ع ص

دیگر خواص حروف طه مین صاحب کتاب درالنظیم لکھتے ہین کہ جو شخص نقش کرے اوپر
لوح ذہب کے شرف آفتاب مین نو حرف طا اور پانچ حرف ھا بعد مجمل اُنکے بدینصورت
ط ط ط ط ط ط ط ط ط ھ ھ ھ ھ ھ اور اُس لوح کو اپنے پاس نگاہ
رکھے اور سامنے جبارون اور قہارون کے آوے وہ جبار و قہار ہون اینو عقار مغلوب و
مقہور اُسکے ہون اور جن وانس مطیع و فرمان بردار اُسکے ہون اور جملہ اعمال خیر محبوب و
مرغوب حامل اس لوح کے ہون اور افعال شر باعث نفرت اور اگر صاحب صداع
اس لوح کو اپنے اوپر باندھے شفا پاوے باذن شافی مطلق اور اگر اس لوح کو تھوڑی دیر
درمیان شربت قند یا مصری کے تر رکھین اور کوئی اُس شربت کو پیئے باطن اُسکا
منشرح ہو اور امراض باطنی سے نجات پاوے اور اپنے نفس و مال مین خیر و برکت و
جمعیت بہت مشاہدہ کرے اور لایق یہ ہے کہ اس لوح کو بتاریخ ہنم یا ہیجدہم یا بست
و ہفتم ماہ کے کتابت کرے اور حامل اُسکا مضرت ہوام اور مار و عقرب سے محفوظ و محروس
رہے گا اور جو شخص کہ بے طہارت بدن و لباس نجس حامل اس لوح کا ہوگا مرض تپ
اور قے مین مبتلا ہوگا اور جو شخص کہ ان حروف کو اوپر ورق آہو کے لکھے اور ایسی جگہ
مین کہ جہان وہ معیشت کرتا ہے بشرطیکہ وہ جگہ طاہر ہو رکھے تو حق سبحانہ تعالی اسباب معاش
اُس کا باسہل وجہ کے میسر کرے اور اگر وقت خواب نیچے سر کے رکھکر سووے تو خواب ہا ے
پریشان سے امین ہو اور خواب نیک دیکھے کہ موجب فرح و سرور کا ہو اور کبھی ویسا بھی
ہو کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کو خواب مین دیکھے اور ابن تمیمی نے خواص حروف
طه مین لکھا ہے کہ جو کوئی حروف طه کو مع سات آیات کے کہ بعد اُس کے ہیں
الحسنی تک ساتھ مشک و زعفران و کافور اور گلاب کے اوپر ظرف مرمر یا چینی یا بلور

پاس رکھے زبان دشمنون کی اوپر اُسکے بستہ ہوگی اور دلوں مین خلق کے حامل ان اسماء کا
باہیبت ہوگا اور فراخ روزی ہوگا اور کار بستہ اُسکے کشادہ ہونگے اور اگر سفر کو جاویگا بسلامت
واپس آویگا اور ہر ایک بلا سے امین اور بے خطر ہوگا وہ ہفت نام بزرگوار یہ ہین

شمیثا	باریقا	الاهاما	سحطفون تر
سقمسا	بلمهالك	هنالك	

دیگر رسالہ حرز الامان مین منقول ہے کہ جو کوئی
اس طلسم کو لکھکر اپنے پاس رکھے کسی طرح کی
دشواری نہ دیکھے اور ہمیشہ شاد رہے اور غم سے فرح پاوے۔ وہ طلسم یہ ہے
۱۱ ۹ ۹ م ع ز ۱۱ ۱۱ ۵ ع ا ع لہ ۱۱۱
دیگر جو اس طلسم کو پاس اپنے رکھے درمیان سلاطین کے مقرب ہو اور دشمن اُسکا
مقہور ہو اور نزدیک خلائق کے محترم ہو ۱۱۱ ۵ ۱۱ م ۹۰ ۱۸ دیگر جو کہ اس طلسم کو
پاس اپنے نگاہ رکھے جو مراد کہ چاہے پاوے شک نہ لاوے وہ یہ ہے ۹۱ ۱۱ م
دیگر جو کہ اس طلسم کو پاس اپنے رکھے غرق دریا سے امان پاوے ۱۱ ۱ ۱۱ م ۸ د قد ۲
دیگر جو کہ اس طلسم کو ساتھ اپنے رکھے جان و مال اُسکا دست ظالم و ستمگر سے امان خدا مین
رہے وہ یہ ہے ۲ ۵ ۱۸ ۵ ۹ ط ۱۱۱۱۱۱۱ ۹ ۲۱۱ ۹ ۶ دیگر اسناد بازو بند جناب
رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ جو کہ اس تعویذ مقدس کو اپنے نگاہ رکھے پانی مین غرق نہ ہو آگ
مین نہ جلے تیر و شمشیر اُسپر کارگر نہ ہو مار و گزدم اُسپر ظفر نہ پاوین اور دشمن اُس سے بھاگین
اور آگے بادشاہ کے عزیز و مکرم ہو منقول ہے کہ یہ تعویذ مبارک اوپر بازوے راست اطہر آنحضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ کے رہتا تھا اور دس ہزار مثقال نقرہ دیکر لکھوایا اور فرمایا کہ اس نسخہ کو میری
امت پاس اپنے نگاہ رکھے تا کہ ببرکت اس تعویذ کے بلیات و آفات آخر زمانہ سے امان
خدا مین رہین شرح اس تعویذ معظم کی بہت ہے بنظر اختصار اسی پر اکتفا کیا گیا اور وہ یہ ہے

ی ۱۱ھم ۱۱ھ۴ ۱۱ھ ۱ے لـــــــع ۱م ۱۱۱ د ۱۳۳ م ۱م ۱ لا ۱۱۹ ۲۴ ۱۱ لا

یارحمٰن ھ ۹۹۸ ۱۱۱۱ ھ ۱۱ ھ ۱۱ ھ ۸ط در ۱۱ یارحیم ی ۱۱۱۱۸۱ ط ۹ ۲۱۴ ط ۱۱

محہ ۹۹ ۱۱۱۱۸ ۲ لا لا ۱۹ الا صی لا یخاف درکا ولا یخشی عھمط ۲۸ع ۳ ۱۱ ۱۱

ھم طد ۲۸ د ۱۱۱۱۸ ۲ ومرب ادم وصالح مامادم ب س ب آلر دلہ وادکی

ب اع یارب اھیا شراھیا بحق محمد وآلہٖ اجمعین **طلسم دافع تپ** صاحب کتاب درالنظیم لکھتے ہین کہ ابو حامد رازی سے منقول ہے وہ کہتا ہے کہ مین مسجد ابی الیمان بن حکم بن نافع اصفہانی کے تھا کہ مجھے یکایک تپ آگئی اور گرفتار شدائد ہوا اس عرصہ مین ابی الیمان باہر آیا اور مجھے اُس حال مین مبتلا دیکھکر میرے نزدیک آیا اور پوچھا کیا قضیہ رکھتا ہے مین نے کہا اے ابی الیمان مجھے تپ نے گھیرا ہے کہا کہ تو طلسم سے تپ کی خبر نہین رکھتا مین نے کہا کہ مین نہیں جانتا پس اُسنے ایک ورق پر لکھا اس شکل کو اور میرے سر کے نیچے رکھا جب وہ چلا گیا تو فی الحال تپ میری زائل ہوگئی اور میں اچھا ہوگیا پس مین نے اُس نوشتہ کو اپنے سرہانے سے اُٹھایا تو یہ شکل اُسپر مرقوم تھی پس ابی الیمان میرے پاس آیا اور مجھے آسودہ پایا اور کہا کہ اس نوشتہ کو اُٹھالے اور لوگون کو سکھلا کہ انشاء اللہ تعالیٰ نافع ہوگا



اما حصۂ پنجم مین ترکیب ادویہ چند مجرب واسطے حصول فلاح و خاتمہ کتاب مشتمل بفوائد و شرائط آداب عمل کے کہ جسکی رعایت عامل کو وقت بجاآوری کسی عمل تسخیر کے ضرور ہے۔ اوّل ترکیب عجیب ہے شیر و گرگ وغیرہ درندگان پر قابو حاصل کرنا۔ جس مقام

پر شیر وغیرہ آدمیون یا جانورون کو مارتا ہو تو وہاں ایک بکرا لا کر میخ آہنی سے باندھین اور ہر چہار طرف اُسکی پیال جنس کودرم کا خوب کوٹ کر دس دس قدم کی چوڑائی مین بچھا دین اور نسخہ ذیل کو تیار کر کے جا بجا اُس پیال پر چھڑک دین اور جملہ تماشائی اُس جگہ سے علیحدہ ہو جاوین صرف چند اشخاص مضبوط مع حربہ کے کسی درخت یا نشیب وغیرہ مین نزدیک واسطے نگہبانی کے پوشیدہ بیٹھ جاوین جبکہ شیر یا بھیڑیا وغیرہ درندہ آکر قصد بکرے کا کرے تو اول قدم اُسکا پر اُس پڑیگا کرتے ہی قدم کے وہ خود قدم اپنا اپنے منہ پر گھسیگا پھر منہ پیال پر رگڑ کر لوٹ جاویگا پس تھوڑے عرصہ میں پیال سے لپٹ کر اُٹھ نہ سکیگا اُسوقت اُسپر بخوبی قابو حاصل کر کے جس طور سے چاہیں اُسکو مارین خواہ زندہ گرفتار کرین نسخہ ذیل یہ ہے۔ شیر درخت تھوہر خاردار ۲ سیر پختہ۔ رال سندھی آدھ سیر پختہ۔ روغن کنجد تین پاؤ پختہ باہم گرم کر کے جا بجا پیال پر چھڑک دیوین **دیگر** کھٹمل اور مکھیون کے دور کرنیکا علاج۔ بیخ نرگس و گندھک و کھوڑ بچ و عاقر قرحا پانی میں ہموزن پیسکر زمین اور دیوار وں پر مکان کے چھڑک دیویں مکھیاں وہان سے علیحدہ ہو جاویں گی۔ دفع کھٹمل تھوڑا لوبان کو یکشنبہ کے دن بخور لوبان کا دیکر پلنگ کے چاروں پایہ سے باندھ دیں کھٹمل وہ چارپائی چھوڑ دین گے **دیگر** مچھلی پکڑنے کی ترکیب۔ خون خرگوش سے چنے کا آٹا اور ہینگ ملا کر ایک یا دو گولے کو پانی میں چھوڑ کر بآسانی جال سے مچھلیاں پکڑ لے۔ **دیگر** خمیر بنانا بے پانی کے اور جلد تیار ہو جانا اُسکا آرد گندم آدھ سیر لیکر اُسمین تھوڑی سی شکر تری بقدر ضرورت اُسمیں ملا دین اور دو پھلیاں کیلہ کی پختہ اُسمین ملا دین خمیر بدون پانی کی بہت جلد تیار ہو جاویگا **دیگر** رطب تریعنی تازہ چھوارہ بنانے کی ترکیب اِک کھیری کو تراش کر بیج اُسکے اندر سے نکال لین اور چند دانے خرمائے خشک کے درمیان اُس کھیرے کے بھر کر اور اُسے

بندکر کے گل حکمت کردیوین اور دیگچی مین رکھکر تھوڑا پانی اسمین ڈالین اور مونھ دیگچی کا بند کرکے جوش دین تھوڑی دیر مین رطب تر ہوجاوینگے گویا ابھی درخت سے چُن کر لائے ہین دیگر محفوظ رہنا غلہ کا کرم خوری سے آوند وظروف گلی وغیرہ جسمین غلہ رہتا ہے اُسکے حوالی واطراف مین ہینگ کا پانی چھڑک دیوین کیڑے سے غلہ محفوظ رہیگا مگر جانب اندرونی وہ پانی چھڑکین دوسرے سینگ بز کوہی کا درمیان غلہ کے رکھین۔ کیڑا نہ لگیگا دیگر شعبدہ جمنا میتھی کا دوپہر کے عرصے میں سرکہ انگوری بقدر یکپاؤ کھار نخود دو دام پھلی کونج کی بقدر ضرورت اِن تین اجزا کو باہم ملادے اور میتھی اسقدر لے کہ بخوبی ان اجزائے مذکورہ مین تر ہوجائے پس سرگین بز کو خشک کرکے مٹی مین ملادے پھر کسی چمن یا اور زمین کو درست کرکے وہ مٹی اُسپر پھیلادے اور اسمین میتھی مذکورہ کو بودے دوپہر کے عرصے مین سبز ہوجاویگی اسکا تجربہ عمل مین آچکا ہے (دوسری ترکیب سے میتھی کا جمانا) روغن تخم اکول یا تخم خیار کے روغن مین میتھی کو چرب کرکے بودے یہ بھی دوپہر کے عرصہ مین سبز ہوگی اسکا ابھی تجربہ ہوچکا ہے۔ (تیسری ترکیب سے میتھی کا جمنا) خون فصد مین میتھی کو تر کرکے سایہ مین خشک کرلے پھر چمن وغیرہ مین بودے فوراً سبز ہوگی۔ اسکا تجربہ ابھی تک عمل مین نہین آیا دیگر شعبدہ روشنائی کا دور کرنا کاغذ پر سے اور پھر بجائے اُسکے دوسرا حرف لکھنا۔ سم الفار اور بول موش دونوں کو مساوی کرکے قلم سے حرفوں پر پھرادے سیاہی بالکلیہ دور ہوجاویگی اور کاغذ صاف وسادہ رہجائیگا پھر جو چاہے لکھ سکتا ہے۔ موش کو پکڑ کر شیشہ کے ظرف مین بند کردے اور بلی کو اُسکے سامنے کردے پس دہشت گربہ سے وہ موش پیشاب کردیگا پھر چوہے کو شیشہ سے باہر کرے اور اُسکے بول سے کاروائی کرے **دیگر** شعبدہ پتھر پر حروف نمایان کرنا۔ پتھر کو گرم کرکے موم سے

اُسپر لکھے اور درمیان سرکہ کے اُس پتھر کو دوپہر تر رکھے پھر دھو ڈالے حروف نمودار ہوجاوینگے **شعبدہ دیگر** لکھنا حروف کا اندر شیشہ کے اول شیشہ مین گوند کیکر کا بقدر ضرورت کے تر کرکے ڈالین اور ہلادین تاکہ اندر شیشہ کے اثر گوند کا ہوجاوے اور جو باقی رہے اُسکو نکال کر پھینک دے اسکے بعد جو کچھ لکھنا منظور ہو اچھے پرکار قلم سے کاغذ صاف پر لکھے اور حرفون کو مقراض سے آہستہ آہستہ کترے کہ سیاہی حرف کی کتری جاوے اور حروف بنے رہیں پھر بانس کی تیلی سے بطور کمان کے موڑ کر اُس کاغذ کو شیشہ کے اندر آہستہ سے اتارین اور حرفون کی سیدھ کو نگاہ رکھیں پھر ایک طرف شیشہ کے اُس تیلی کے ذریعہ سے حرفوں کو چسپان کرین حروف شیشہ کے اندر نمایاں ہونگے **دیگر** شعبدہ کاغذ کی کڑاہی مین گلگلے پکنے مشہور ہیں۔ پہلے کاغذ کی کڑاہی مقراض سے حلقہ دار کترے اور اُسکے نیچے کی طرف ایک تہ ابرک کی دیدے اور ابرک پر بھی کاغذ جمادے تاکہ ابرک دکھائی نہ دیوے پھر اُسکو کوئلون کی آگ پر رکھکر روغن کنجد ڈالکر بے تکلف گلگلے پکاوے یہ تماشا عجیب ہے **شعبدہ دیگر** خشکہ چاول کا شیشہ میں پکانا۔ پہلے شیشہ کو ملتانی مٹی سے لیپ کردے اور کوئلوں پر رکھ کر خشکہ پکالے **دیگر** ترکیب ایک مسّی کی ہے کہ بدون مسّی کے دانت و ہونٹھ رنگین ہوجاوین اور جب چاہیں رنگ اُسکا زائل ہوجاوے۔ نیلہ تھوتہ چار رتی۔ ہیرا کسیس ایکدام۔ لونگ تین ماشے ان ہر سہ ادویہ کو پانی سے پیسکر اُسمین کپڑا تر کرلیں اور اُسکو خشک کرکے رہنے دیں جب ضرورت ہو اُس کپڑے کو لب و دندان پر ملین اور اُسکے بعد پان کھاوین رنگ مثال مسّی کے لب و دندان پر ظاہر ہوگا اور جب اُس رنگ کا دور کرنا چاہیں قدرے ترشی انبہ خام یا لیمو وغیرہ کی لب و دندان پر ملین رنگت دور ہوگی۔ اور ایک **شعبدہ** عجیب ہے اگر چاہیں کہ ہاتھ کی پانچون اُنگلیان مثل شمع کے روشن ہوجاوین اور آگ اُنپر اثر نہ کرے تو ملتانی مٹی اور ملیٹھی و کباب چینی

ہر سہ اجزا کو برابر کوٹکر پانی سے انگلیون پر طلا کرین اور اُسکے اوپر تھوڑا سا کافور چھڑک دیوین اور بخطر
آگ سے روشن کر لیوین انگلیان روشن رہین گی اور آگ اثر نہ کریگی **دیگر** شعبدہ چراغ بجاے
روغن پانی سے روشن رہے اور ہوا سے نہ بجھے۔ کافور کی بتی بناکر رکھ لیوین جب منظور ہو کسی
چراغ مین پانی بھر کر وہ بتی کافور کی روشن کرین۔ دوسرے ہنگ کسوٹی کو باریک پیسکر بتی
روشن پر چھڑکین باد تند سے چراغ گل نہ ہوگا۔ تیسرے کافور کو شراب دو آتشہ سے خوب
حل کر کے چراغ مین ڈالین اور بتی کو روغن سے تر کر کے اُسمین روشن کرین چراغ بخوبی روشن
رہیگا۔ چوتھے گندھک و کافور و ہڑتال ہموزن باریک پیسکر رکھ لیوین۔ جب منظور ہو چراغ
جلا کر سید ھا رکھین تاکہ تیل زیادہ بتی تک نہ پہونچے اُسکو بجھا کر قدرے سفوف مذکور اُسپر چھوڑ دین
پھر روشن ہو جاویگا بشرطیکہ گل مین چراغ کے آگ باقی رہیگی۔ پانچوین گندھک و موم گرم
کر کے ایک باریک کپڑا اُسمیں تر کرلے اور جب ضرورت ہو اُس کپڑے کا ایک فتیلہ بناکر اور چراغ
پانی سے پر کر کے اُسمین روشن کردین برابر چراغ روشن رہیگا۔ چھٹے سمندر پھین و گندھک باہم
ملا کر روئی میں لپیٹے اور اُسکی بتی بناکر روغن کنجد سیاہ سے چراغ روشن کرے ہواے تند و صدمہ
بارش سے کہ زیادہ نہ برستا ہو گل نہ ہوگا **سرمہ** واسطے دُھند آنکھ کے سنگ بصری ۹ ماشہ
امیران چینی ۶ ماشہ۔ سمندر جھاگ ۳ ماشہ تخم نیل دختی ۱ تولہ سرمہ سیاہ چار تولہ گل کنجد ۳۰ عدد
گل چنبیلی ۳۰ عدد فلفل سیاہ ۵ ماشہ جست کشتہ ۹ ماشہ ان سب ادویہ کو آب باران مین
کھرل کرے جبکہ خوب باریک و کجلی ہو جائے شیشے مین بھر کر رکھ لین اور کام مین لائین
ایک **منجن** واسطے صفائی دندان کے جن آدمیون کے دانت میلے رہتے ہین اُنکو چاہئے
کہ منہ دھونے کے وقت ایک یا دو انگلیاں بھر کر دانتوں سے مل لیا کرین بفضلہ تعالیٰ
دانت بہت صاف رہین گے۔ سنگجراحت ۲ تولہ۔ سونٹھ ۱ تولہ نوشادر ۳ ماشہ زیرہ سفید

۱ تولہ مرچ سیاہ ۱ تولہ کتہ سفید ۱ تولہ نیلہ تھوتہ بریان ۳ ماشہ مصطگی ۱ تولہ دارچینی ۱ تولہ
ان سب ادویہ کو کوٹ چھانکر منجن تیار کرین اور بحفاظت رکھین۔ نسخہ **خضاب** دانہ
آنبہ ۴۰ عدد لے مگر وہ انبہ لے جسمین جالی ابھی پڑی ہے اور پختگی پر نہین آیا اُنکو درمیان سے
تراشے اور اُنکے درمیان مین ہڑ بہیڑا آملہ برابر وزن کر کے خوب باریک پیسکر سرسون کے
تیل مین ملا کر بھر دین اور انبہ کی کیریون کو جست کے تار سے باندھتے جائیں جب سب کیریان
بھری جائین اور جست کے تار سے بستہ ہو چکیں اُسوقت جست کے کسی برتن مین سب کیریون
کو بھر دو اور اوپر سے روغن سرشف اتنا ڈالو کہ کیریون کے اوپر تک آجاوے پھر اُسکو سرپوش سے
بند کر کے گوڑے مین دبادے اور بعد چالیس روز کے اُسکو گوڑے سے نکالے تفل اُسکا دور
کر کے صرف تیل کو چھانکر سفید بالون پر لگادے سیاہ ہو جاوینگے **خضاب دیگر** بیخ بادنجان
سیاہ بیخ انار ترش بیخ بیل خشک علیحدہ علیحدہ خشک کر کے اور کوٹ چھانکر تلون کے تیل مین
بھگو کر ایک لوہے کے برتن مین بھر کر تالاب کے کنارے دفن کردین پندرہ روز متواتر دفن
رہنے دین سولہوین دن اُکھاڑ کے اسطریق سے استعمال کرین کہ اول قدرے چاول منہ مین
رکھ لین پھر تیل سفید بالون پر ملیں جبکہ منہ کے اثر سے چاول سیاہ ہو جاوین اُسوقت آملہ
کے پانی سے بالون کو دھو ڈالین بال سیاہ ہو نگے اور ایک ہفتہ تک سیاہ رہیں گے۔
نسخہ **روغن** برائے قوتِ باہ واسطے مالش اعضائے تناسل و انثیین کے پیاز عنصل ۱ تولہ
پیاز نرگس ۱ تولہ فتہ خام ۱ تولہ آب خالص آدھ سیر روغن بابونہ دس تولہ ان سب دوائون
کو ایک جگہ کر کے شب بھر بھیگا رہنے دے وقت صبح کڑاہی آہنی مین پکاوے جب پانی
جل جاوے اور تیل باقی رہے اور پیاز وغیرہ بھی سرخ ہو جاوین اُسوقت کڑاہی کو اُتار کر
چھان لو تفل دور کر کے تیل رہنے دو اور ادویۂ ذیل کو خوب باریک پیسکر تیل تیار شدہ مین

مین ملاؤ اور خوب گھونٹو یہانتک کہ سب اشیا ایکذات ہو جاوین پھر کام مین لاؤ یہ نسخہ ایک بہت بڑے حکیم کے تجربہ کا ہے باہ زیادہ کرتا ہے عضو تناسل کو دراز و فربہ کرتا ہے رگ و پٹھہ کو قوی کرتا ہے استعمال اسکا موسم سرما مین ہوتا ہے اِسطرح سے کہ تمام عضو اور انثیین پر مالش کر کے آہستہ آہستہ سینکے کسی چیز کے باندھنے کی ضرورت نہین ادویۂ ذیل جو تیل تیار شدہ مین ملائی جاوینگی تخم انجرہ۔ عاقرقرحا۔ خردل سرخ۔ دارچینی۔ زنجبیل قسط تلخ۔ بیربہوٹی ہر ایک چھ چھ ماشہ کچلہ۔ حب سفید تین تین ماشہ **ایضاً** روغن باہ مجرب یہ دوسرا نسخہ بھی مجرب ہے باہ کو بہت قوت دیتا ہے سم الفار۔ زہر تیلیا۔ سہاگہ تیلیا۔ گندھک آملہ سار ہر یک یکتولہ۔ ان چاروں ادویہ کو مثل غبار کے خوب باریک پیسے پھر اُسکو پانچ تولہ روغن زرد میں ملادے اور اُسکو صاف کپڑے پر مل دے اور اُس کپڑے کی بتی بنادے اور روشن کرے اور سیماب ایکتولہ کھرل میں ڈالکر کھرل کو اُس روشن بتی کے نیچے رکھدے جو کچھ روغن بتی سے ٹپکے اُس کھرل مین گرنے دے۔ جبکہ تمام بتی جل جاوے کھرل علیحدہ کرے بلکہ جسقدر بتی جلتی جاوے اُسکو تراشتا جاوے تاکہ سیاہی بتی کی کھرل مین نہ گرے چار پہر برابر اُس تیل کو مع سیماب کے کھرل کرے بعد اُسکے قدرے پان پر لگا کر سات روز برابر باندھے۔ نسخہ **شربت شیشم** یہ شربت واسطے صفائی خون کے خواص اکسیر کا رکھتا ہے پانچ آثار آب باران مین آدھ سیر برادہ شیشم بھگو دین علی الصباح جوش دیکر چھان لین اور قند سفید سہ چند ڈال کر بطریق متعارف شربت پکالین اور ہر روز دو تولہ شربت استعمال کرین فساد سوداوی کو نہایت مفید ہے **ایضاً شربت صندل سفید** دلکو قوت دیتا ہے پیاس بجھاتا ہے دستون کو بند کرتا ہے برادہ صندل ساڑھے سات تولہ ایکرات دن پانی مین بھگو دین دوسرے دن جوش دیکر شیرہ اُسکا نکالین اور ایک سیر قند

سفید ڈالکر بطریق متعارف شربت بنادین **سفوف** ہاضم طعام بار ہا آزمایا گیا ہے اور کتب طب مین اس سفوف کی بڑی صفت مرقوم ہے سونف سنا مکی ہلیلہ خورد۔ ہلیلہ کلان ہر ایک ایک تولہ نمک دو تولہ نوشادر۔ اجوائن۔ سونٹھ۔ باؤبڑنگ۔ سیاہ مرچ آنولہ پودینہ خشک ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ جملہ ادویہ کو مثل میدہ کے باریک پیسکر رکھ چھوڑین بعد اکل طعام ہر روز ۳ ماشہ کھالیا کرین۔ **سفوف** مقوی باہ و پشت پنج خراسانی۔ موصلی سفید دکھنی۔ ستاور۔ بہمن۔ تال مکھانہ گوکھرو۔ اسگند ناگوری۔ کسوڑہ گوند ڈھاک۔ گوند سینبھل۔ بابچی۔ موچرس۔ تخم اٹنگن تخم کونچ۔ سروالی تخم کریلی سمندر سوکھ یہ ادویہ مساوی الوزن کوٹ چھانکر سفوف تیار کرین اور دودھ کے ساتھ استعمال کرین فقط اس طرح کے بہت سے نسخے اور شعبدے اسوقت پیش نظر ہین انکو اول تو بہ لحاظ طوالت دوسرے ایک امر فضول سمجھ کر چھوڑ دیا جاتا ہے ہرچند ضمن ہیں ایسے اذکار خیر واورادِ حسنہ کے کہ جو رسالہ ہذا مین اس حقیر سراپا تقصیر نے ایراد کئے ہیں اندراج ہمچو قسم شعبدہ جات وغیرہ کا مفید قیاس نہ تھا مگر بپاس ترتیب رسالہ ہذا کے حصہ پنجم مین اس قسم کا ذکر بھی لکھنا ضرور پڑا ؛

اما خاتمہ کتاب مشتمل اوپر چند فوائد اور شرائط وآداب عمل جسکی رعایت عامل کو وقت بجاآوری کسی عمل کے اعمال متذکرہ رسالہ ہذا سے پر ضرور ہے **فائدہ** عامل کو چاہیئے کہ جب کوئی عمل شروع کرے تو ملاحظہ کرے کہ اول میں اُس ذکر کے خواہ وہ ذکر کلامی ہو خواہ کتابی کونسا حرف ہے پس اعمال خیر و شر مین اُس حرف کے کوکب پر نظر کرے کہ کواکب سبعہ سے یہ حرف کونسے کوکب سے تعلق رکھتا ہے اُس کوکب کی طرف بازگشت کر کے سعادت اور نحوست کو بخوبی ملاحظہ کرے اور شرح اُسکی حاملان علم حروف نے یہ لکھی ہے کہ ا ب ج د متعلق بزحل ہے اور ہ و ز ح بمشتری

اور ط ی ک ل بہ مریخ اور م ن س ع بہ شمس اور ف ص ق ر بہ زہرہ اور ش
ت ث خ متعلق بہ عطارد اور ذ ض ظ غ تعلق بہ قمر رکھتا ہے پس اعمال قہریہ مین بکوکب
نحس اور اعمال لطیفیہ مین بہ کواکب سعد شروع کرے **فائدہ دیگر** جو اعمال کہ تعلق بہ کتابت
رکھتے ہین اُسکے لئے ملاحظہ و رعایت رنگ مداد کی اعمال قہریہ و لطیفیہ مین بہ ضرور ہے
عامل کو چاہئے کہ اعمال قہریہ مین مثل مغلوبی دشمن ایسا رنگ مداد کا اختیار کرے جو تعلق
بہ کواکب نحس کے رکھتا ہے مثل سیاہ و کبود و سرخ رنگ سے لکھے اور اعمال لطیفیہ مثل
محبت وغیرہ مین وہ رنگ اختیار کرے جو مناسبت بہ کواکب سعد کے رکھتے ہین مثل
سفید و سبز و زرد رنگ تا بہ سبب مناسبت کے فائدہ تمام و نتیجہ مالا کلام مترتب ہو اور بعض
اہل تجربہ و معرفت نے تصریح اس امر کی اسطرح کی ہے کہ اگر تعویذ یا دعا یا کوئی آیہ کریمہ یا
اسم باریتعالیٰ جل شانہ یا حروف مقطعات قرآنی سے واسطے محبت زن و مرد کے
لکھے تو مشک یا زعفران یا گلاب یا آب مصری سے لکھے اور اگر مہربانی حکام و تسخیر خلائق
کے واسطے لکھے تو مشک یا زعفران یا خون ہدہد سے لکھے اور اگر دل بندی و چشم بندی
و زبان بندی کے واسطے لکھے تو عنبر یا لوبان یا مشک یا زعفران یا گوندیا لونگ یا نمک
سنگ یا مرچ سیاہ یا بعض انہیں سے مرکب یا سب اجزا کو مخلوط کر کے لکھے اور اگر شفائے
امراض یا خلاصی محبوس یا در دفینہ کے واسطے لکھے تو مشک یا کافور یا زعفران یا گلاب
یا مصری یا سب چیزوں کو ملا کر لکھے اور اگر ہلاکی دشمن و مقہوری اعداد کے واسطے لکھے تو
خون بوم یا خون غلیواز سے لکھے مگر آیات قرآنی یا حروف مقطعات قرآنی یا اسمائے حسنیٰ
باریتعالیٰ یا کوئی دعا خون وغیرہ اشیاء نجس سے نہ لکھے البتہ اعداد کہ وہ روح حروف ہین
تعویذات مین لکھ سکتا ہے **اما شرائط و آداب** واسطے بجاآوری اعمال بنظر اختصار

کے کیے از ہزار و عددے از شمار بسیار درج کیا جاتا ہے۔ عامل کو وقت شروع کرنے کسی عمل کے
قسم دعا یا آیات کلام الٰہی یا اسمائے مقدس جناب باری عز اسمہ سے کوئی ایک اسم یا چند
اسمائے پاک یا حروف مقطعات قرآنی یا حرف حروف تہجی خواہ کتابت یا انکی قراءت
پر مواظبت ہونا چار او پر ضرور ہے کہ امور ذیل ملحوظ او منظور رہین تاکہ نتائج کلی و فوائد کامل
بروز گار عامل شامل ہون۔ اول استعلام استجازہ کسی عمل کا اُستاد کامل سے ہو خصوصا
اعمال قہریہ میں مثل ہلاکت دشمن یا تخریب ظلمہ و اگر بلا وساطت استاد اور بغیر سمجھے
رموز و کنایات عمل کے مبادرت کریگا تو خوف رجعت و خطر مضرت ہے دوسرے ملاحظہ
احوال و حیثیت معمول کا اعمال قہریہ میں از جملہ واجبات ہے اگر براہ نفسانیت کسی
بیگناہ کی تخریب کی پیروی کریگا گو وہ حقیقتاً دشمن ہو اگر حق بجانب اُسکے ہوگا تو بیم اندیشہ
رجعت و عکس حالت واسطے عامل کے ہے تیسرے ریاضت مثل عادت صوم و
ترک نوم و تقلیل غذا و طہارت اور حلیت غذا کی چوتھے تصدیق پانچوین توجہ تام بجناب
ملک العلام و حالت دل و زبان یکسان۔ چھٹے ترک تناول سیر و پیاز اور جو کچھ کہ
بوئے ناخوش پیدا کرے خواہ عمل کتابی ہو یا کلامی اور کبھی ترک لحوم حیوانات بھی ہے
ساتوین طہارت و حلیت لباس و طہارت کامل بدن و مکان ساتوین ملاحظہ روز
اور وقت سعید آٹھوین اختیار عزلت و خلوت دسوین بخور لائق اعمال کے جلانا مثل
لوبان و کندر و عنبر و عود وغیرہ اور عطریات لائق کا پاس رکھنا نوین قراءت کو درست
کرنا اعمال کلامی میں اور حروف کو مخارج سے ادا کرنا ورنہ معنی مین خللی پیدا ہو کر نتیجہ
برعکس پیدا ہوگا دسوین مکرر کرنا عمل کا اور صبر کرنا تاخیر نتائج پر گیارھوین اعمال کتابی میں
ملاحظہ حلیت اور جدید ہونا قلم کا اگر کار و غضبی یا سرقہ سے قلم بنا دے یا قلم سرقہ کر کے

لاوے یا قلم استعمالی سے کتابت کرے تو کچھ فائدہ مترتب نہ ہوگا بلکہ اعمال شر میں خطر ہے
تیرھویں[۱۳] حلیت وطہارت مداد و دوات وخرقہ یہ سب چیزیں بوجہ حلال اور طاہر اور جدید
ہوں ورنہ اعمال قہریہ میں خوف رجعت اور لطیفیہ میں عدم مفاد اور ہر چیز کہ جس پر کتابت
کی جائے مثل ورق آہو یا گوسفند وغیرہ ذبیحہ سے ہوں وحلیت وطہارت الواح ذہب
وفضہ یا چوب یا جس چیز سے وہ کتابت کیجائے یا محو کیجائے مثل مشک و زعفران و
گلاب وآب وشیر وغیرہ حلال وطاہر ہوں مثل مشک کے کہ نافہ حیوان میتہ سے نہ ہو ورنہ
اعمال قہریہ میں خطر ضرر ہے چودھویں[۱۴] افتتاح واختتام عمل بذکر تسبیح وصلوات بر
محمد وآل محمد علیہم السلام کے کرے۔ جب ان شرائط وآداب سے اعمال واوراد وادعیہ
بجالاوے تو یقیناً درجۂ اجابت پر پہونچے اور شکایت عدم اجابت دعا خیال عامل سے
رفع ہو۔ منقول ہے کہ مظفر دریا نے حضرت خضر علی نبینا وعلیہ السلام سے شرائط دعا کو پوچھا
فرمایا کہ دعا کیواسطے سات شرطیں مقرر ہیں اگر ایک شرط بھی اُنھیں سے فرد گزاشت ہوگی تو
دعا قبول نہ ہوگی اول[۱] اخلاص بھی دعا کے ساتھ ہو کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ
وآلہ نے فرمایا ہے کہ دَعَوُ اللّٰہَ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ دوسرے[۲] کوئی چیز نذر
بھی ساتھ دعا کے ہو اگرچہ اندک ہو جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی اور
کہا رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ اور نذر بھی ساتھ اس دعا
کے مقرون کی تسبیح سے اور کہا کَیْ نُسَبِّحَکَ کَثِیْرًا وَّنَذْکُرَکَ کَثِیْرًا تیسرے[۳]
جب چاہے کہ کوئی غرض اغراض دنیوی سے طلب کرے چاہیئے کہ ایک غرض
دین کی بھی ہو اُسکے ساتھ ضم کرے اور دین کو مقدم رکھے جیسا کہ حضرت سلیمان علیہ
السلام نے کہا رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَھَبْ لِیْ مُلْکًا لَّا یَنْۢبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْ

بَعْدِیْ چوتھے[۴] یہ کہ ابتدائے دعا میں ذکر خدا کا ہو مثل کہنا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ہ
کا پانچویں[۵] یہ کہ دعا میں پانچ بار یا رَبِّ کہے ایکبار کہے یَا رَبِّ مَا خَلَقْتَ ھٰذَا
بَاطِلًا دوسرے[۲] بار کہے رَبَّنَا اِنَّکَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَیْتَہٗ تیسری[۳]
بار کہے رَبَّنَا اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِیًا یُّنَادِیْ لِلْاِیْمَانِ چوتھی بار کہے رَبَّنَا
فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا پانچویں بار کہے رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰی رُسُلِکَ
وَلَا تُخْزِنَا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ جبکہ پانچ بار دعا میں رَبَّنَا
کہا جاوے گا تو بے شک اور بے تاخیر دعا مستجاب ہوگی۔ چھٹی[۶] شرط دعا کی مراعات
وقت کی ہے مثل روز ہائے جمعہ اور وقت صبح پیش از طلوع آفتاب ودیگر اوقات
گرامی۔ ساتویں[۷] عقب دعا کے درود پڑھنا محمد اور آل محمد پر صلوات العدد وسلامہ علیہ و
علیہم اجمعین۔ پس حضرت خضر علیہ السلام نے کہا کہ میں نے یہ شرطیں دعا کی حضرت
صدیق اکبر امیر المؤمنین علی بن ابیطالب علیہ السلام سے تعلیم پائی ہیں اور جب میں نے
ساتھ اِن شرطوں کے دعا کی ہے حق سبحانہ وتعالیٰ نے دعا میری مستجاب فرمائی ہے
الحاصل حضرت باری تعالیٰ جل شانہ موافق اپنے ارشاد مرحمت بنیاد کے کہ اُدْعُوْنِیْ
اَسْتَجِبْ لَکُمْ دعائے بندگان مستجاب فرماتا ہے لیکن بفحوائے اکثر احادیث آئمہ
احادیث ائمہ اطہار علیہم السلام کے وقت اوراد وادعیہ واعمال کے شرائط وآداب دعا
کے بندگان خدا مرعی وملحوظ رکھیں چنانچہ صاحب رسالہ حرز الامان نے قول ایک بزرگوار خواجہ
مقاتل رحمۃ اللہ کا لکھا ہے وہ فرماتے ہیں کہ جو شخص بعد فریضہ بامداد کے پہلے اِس سے
کہ کسی سے کلام کرے اِن کلمات کو تین بار کہے اگر حاجت اُسکی بر نہ آوے تو وہ دعا کنندہ
مجھپر لعنت بھیجے وہ کلمات یہ ہیں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَقُلْ رَبُّکَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

بِحَقِّكَ وَجُوْدِكَ مَنِّكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اور بھی وہی بزرگوار فرماتے ہیں کہ جو شخص شب جمعہ مین اس دعا کو چار بار پڑھے جو حاجت کہ خدا سے چاہے برآوے اور اگر حاجت اُسکی برنہ آوے تو اُس سے کہو کہ مجھ پر لعنت کرے وہ دعا یہ ہے سُبْحَانَ الْقَدِيْمِ الَّذِیْ لَمْ يَزَلْ سُبْحَانَ الْعَلِيْمِ الَّذِیْ لَمْ يَجْهَلْ سُبْحَانَ الْجَوَادِ الَّذِیْ لَا يَبْخَلْ سُبْحَانَ الْحَكِيْمِ الَّذِیْ لَا يَعْجَلْ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ
ونیز صاحب رسالہ موصوف نے قول جمال الاسلام یونس سجاوندی کا لکھا ہے کہ جس کسی کو کوئی مہم درپیش ہو یا کار دشوار سامنے آوے پس لکھے اس دُعا کو اور آب رِوان مین ڈال دے اگر اندر ہفتہ کے غرض اُسکی برنہ آوے تو فردائے قیامت کو وہ شخص میرا دامنگیر ہو یہ دعا رسالہ ہذا کے قسم اول کے حصۂ دوم مین بذیل عرائض کشائش مہمات کے مرقوم ہو چکی ہے غرض ابراد ان اقوال سے اس مقام پر یہ ہے کہ اگر بعد بجاآوری اِن اعمال واقوال کے حاجت کسی عامل کی برنہ آوے تو وہ تقصیر صاحب قول سے نہیں ہے بلکہ فروگذاشت عامل سے بجاآوری شرائط وآداب دعا مین ہوگا۔ ختم ہوا رسالہ ہذا۔
وَاللهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ٥ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی

بنا اس رسالہ کی تو سنہ تیرہ سو آٹھ ہجری مین ہو چکی تھی اور ترتیب
اسکی شروع ماہ محرم سنہ ۱۳۰۹ھ سے ہوکر ماہ شعبان المعظم سنہ
مذکور مین ختم ہوا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ
وَالصَّلٰوۃُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ
الْمَعْصُوْمِيْنَ

للمؤلفہ

چونکہ اکثر ارباب تالیف کتب خاتمہ کتاب پر اپنا حسب ونسب مشروحاً ومبسوطاً درج فرمایا کرتے ہین جس سے کچھ مفاد عموماً متصور نہین ہوتا بلکہ خاصتہً ایک مؤلف ہی کا نسب اُس سے ظاہر ہوتا ہے لہذا نظر بہ تقلید اُن حضرات مؤلفین کے یہ کمترین بھی اپنا نسب نامہ خاتمہ پر اس رسالہ کے واسطے فائدہ خاص وعام سادات عظام کے ارقام کرتا ہے پس جو صاحب سادات بنی ہاشم سے اپنا نسب اپنے نام سے تا بحضرتِ آدم علیہ السلام پہونچانا چاہیں اِن چند سطرون کو ملاحظہ فرماکر اپنے نام سے تا باسم مقدس جناب امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام کے اپنے بزرگانِ اسلاف کا نام شمار کرلین پھر بطریق ذیل حضرت آدم ابو البشر علی نبینا وعلیہ السلام تک ملاحظہ فرمالیں ؛

سید وزیر الدین حسین بن سید نثار علی بن سید محمد اسمٰعیل بن سید شاہ علم الدین بن سید علی کبیر بن سید فتح محمد بن سید علم الدین سید عمر المعروف شہید بن سید بوڈھن معروف شہید بن سید علم الدین المعروف شہید بن سید عمر بن سید مبارک بن سید حامد صغیر بن سید جیون بن سید بڈی بن سید حامد کبیر بن سید عمر نوبہار بن سید قطب شہاب الدین بن سید محمود ناصر الدین بن سید مخدوم جہانیان جہان گشت بن سید احمد کبیر بن سید جلال سرخ بخاری بن سید علی ابو المؤید بن سید جعفر ثالث بن سید محمد بن سید محمود ابو یوسف بن سید احمد بن سید عبد اللہ بن سید علی اصغر بن سید جعفر ثانی عرف عبد اللہ مشہور بہ جعفر تواب بن امام علی نقی الہادی علیہ السلام بن امام محمد تقی الجواد علیہ السلام بن امام ابو الحسن علی الرضا علیہ السلام بن امام ابو ابراہیم موسیٰ الکاظم علیہ السلام بن امام ابو عبد اللہ جعفر الصادق علیہ السلام بن امام ابی جعفر محمد باقر علیہ السلام

بن امام ابو محمد زین العابدین علی علیہ السلام بن امام ابو عبداللہ الحسین علیہ السلام
بن ابو تراب مرتضیٰ علی علیہ السلام بن حضرت عمران عرف ابی طالب بن ابو المطلب
و فرزند ثانی ابو المطلب حضرت عبداللہ پدر عالی قدر جناب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ بن عبداللہ بن مطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ
بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرک
بن الیاس بن مضر بن نزار معد بن عدنان بن ادبن ادد بن الیسع بن ہمیسع بن
سلامان بن حمل النبت بن قیدار بن اسمٰعیل علیہ السلام بن مہتر ابراہیم علیہ السلام بن تارخ
بن ناخور بن شروغ بن ارغو بن قانع بن عابر بن شالخ بن ارفخشد بن سام بن نوح
علیہ السلام بن ملک بن اخنوخ یعنی ادریس علیہ السلام بن الیارذ بن مہلائیل بن قینان
بن انوش بن حضرت شیث علیہ السلام بن حضرت آدم صفی اللہ علی نبینا وآلہ علیہ السلام
ابن التراب یعنی خاک

تمت

اعلان واجب الاذعان

کتاب حرز المومنین کا حق تالیف وتصنیف مصنف مدظلہ العالی نے بعد از اخذ حق تالیف
بنام راقم ہبہ کر دیا ہے بنابراں بخدمت اہالیانِ مطابع دیار و امصار کے گذارش
کیجاتی ہے کہ کوئی صاحب قصدِ طبع نفرمائیں اور بجائے نفع کے ضرر عظیم اٹھائیں
کتاب ہذا بموجب قانونِ لستم ۱۸۶۷ء کے داخل فہرست رجسٹری ہو چکی ہے
بر رسولاں بلاغ باشد و بس

العبد سید علی حسین مالک مطبع یوسفی دہلی